سلسلۂ مطبوعات انجمن ترقی اردو (ہند) نمبر ۱۰۹

فرہنگ

اصطلاحاتِ پیشہ وراں

جلد ششم

ہندستان کے مختلف فنون اور صنعتوں

کے

اصطلاحی الفاظ و محاورات کا جامع مجموعہ

تالیف

مولوی ظفر الرحمٰن صاحب دہلوی

شائع کردہ

Rs 5/-

انجمنِ ترقی اردو (ہند) دہلی

طبعِ اول ۱۰۰۰ ۔۔۔ سنہ ۱۹۴۲ء ۔۔۔ قیمت مجلد ۸؍ بلا جلد ۸؍

منشی محبوب بیگ نے اپنے محبوب المطابع برقی پریس دہلی میں چھاپا

اور

مینیجر انجمن ترقی اُردو (ہند) دہلی نے [illegible] دریا گنج دہلی سے شائع کیا

فہرستِ مضامین

فرہنگ اصطلاحاتِ پیشہ وراں چھٹا حصّہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

دیباچہ

فرہنگ اصطلاحاتِ پیشہ وراں کا یہ حصہ۔ کاشت کاری، باغبانی اور آب پاشی کی قریب دو ہزار اصطلاحات کا مجموعہ ہے جو شمالی ہند کے مشہور زرعی علاقوں کے بڑے قصبات اور دیہاتوں میں پھر کر دیکھ بھال اور سمجھ بوجھ کر جمع کی گئی ہیں جن کے تلفظ کی مشکلات کو سفید پوش اور کچھ لکھے پڑھے زمین داروں سے جہاں تک ممکن ہوا حل کیا۔ بعض کتابوں کی ورق گردانی بھی کی۔ اُن میں کتاب "دیوان پسند" قلمی نسخہ کتب خانۂ آصفیہ سے دکھنی اصطلاحات کی تحقیق میں کچھ مدد ملی۔

جن زبان دوست حضرات نے اس سلسلے کی پانچویں جلد کو ملاحظہ فرمایا ہے انھیں اُن مشکلات کا اندازہ ہوا ہوگا جو دیہاتیوں کی اصطلاحات کو سمجھنے اور جمع کرنے میں پیش آسکتی ہیں۔ یہ جلد اُس دیہاتی زبان کی اصطلاحات کا ایک نمونہ ہے جو ہندستان کی قدیم زبان کہی جا سکتی ہے۔ وہ کم و بیش تغیر کے ساتھ وہی دیہاتی ہندی ہے جو آج کل کے دیہاتیوں کے باپ دادا بولتے تھے۔ اس میں دیہاتیوں کے کاروبار اور مختصر و سادہ معاشرت کے اظہار کے لیے الفاظ بھی ہیں، کہاوتیں بھی، جگت، ناقوں اور پند و نصائح کی باتیں بھی (جو بعض اصطلاح کے تحت لکھ دی گئی ہیں)۔ اس میں بہت سے الفاظ ایسے بھی ہیں جو زبان کی صوری و معنوی خوبیاں رکھتے ہیں اور تھوڑی سی ترمیم اور اصلاح سے "ہماری زبان" کے لیے اچھا ذخیرہ ہو سکتے ہیں۔ اشاریہ (انڈکس) پر ایک سرسری نظر اس امر کو بخوبی واضح کر دے گی

یہاں کچھ اصطلاحات بطورِ نمونہ درج کی جاتی ہیں:-

اکاری۔ اڈھیاری۔ اُبچھہار۔ اڈنڈ۔ بیڑلیانا۔ بج مار۔ بدھیانا۔ برتیا۔ بن کر۔ بھوتر، بھوترا پان دھار (پن دھارا)۔ جل کر۔ جل ہودہ۔ جھیلی (جھیلن)۔ بیشواری۔ سدکار (شدکار)۔ ٹھیو وج۔ کاٹھیا پچل۔ کُر۔ کر۔ کھنڈ گولا۔ لادا۔ لوٹن۔ مٹکنیاں۔ مُرنج۔ مڑوڑ۔ مرنج۔ نوڑنگی۔ نوتروپ۔ نیگی وغیرہ۔

بدیسی اصطلاحات کے میل نے اس میں بہت کچھ اضافہ کر دیا ہے۔ اُن میں سے جن کا تعلق سرکار اور دربار سے رہا وہ تو اپنی حالت پر رہے باقی مقامی بولیوں میں ایسے کھپ گئے کہ اُن کی اصلیت کا پتا چلانا مشکل ہے اور ان کی تصحیح ناممکن۔ جس لفظ کی اصلیت معلوم ہوئی اُس کو واضح کر دیا گیا ہے۔

بعض ایک ہی لفظ تلفظ کی تبدیلی سے دو بن گئے ہیں اور یہ صورت اُن اصطلاحات

میں پیش آئی ہے جن کے تلفظ میں حرف (لام) کو (رے) سے اور حرف (واو) کو (بے) سے بدل دیا گیا ہے جیسے ہل اور اس کی متعلقہ اصطلاحات اور بیرانا۔ ویرانا۔ پیرنا۔ ویرنا وغیرہ میں اسی طرح بعض الفاظ میں صرف حرکت کی تبدیلی سے دو جدا اصطلاحات ہیں جیسے کُرا اور کَرا۔ اس مشابہت نے الفاظ پر اعراب لگانے میں دشواریاں پیدا کی ہیں۔

ہندی نون غنہ جو حرف (ڑے) کی آواز سے مخلوط ہوتا ہے وہ جن اصطلاحات میں آیا ہے اُن کی املا میں بڑی احتیاط کی گئی ہے اور اسی طرح مرکّب حروف (ڈھ) اور (ٹھ) میں پھر بھی ان کو زبان سے ادا کرنے میں احتیاط کی ضرورت ہے۔ مثالؔ کے لیے ایسے چند الفاظ لکھے جاتے ہیں:۔

کونٹر۔ کوانٹر۔ کانٹرل۔ کانٹرھ۔ کھنڈرا۔ پُنٹھر۔ چانٹڑی۔

ان مذکورۃ الصدر الفاظ میں نٹر ایک ہی حرف ہے اور اُس کا ماقبل حرف بھی مفرد ہے لیکن تلفظ کے اظہار کے لیے کہیں (واو) کہیں (الف اور واو) اور کہیں (الف اور رے) لکھنا پڑا ہے۔ اور اصل بھی ظاہر کردی ہے۔ واو کے بڑھانے کی وجہ یہ ہے کہ ہندی حرف کی آواز میں پیش کی خفیف حرکت ظاہر ہوتی ہے اس لیے کہیں کہیں مجبوراً اس کو اعراب یا حرف سے ظاہر کرنا پڑا ہے۔ ہندی لفظ کے آخری حرف کی حرکت کے اظہار کے لیے کہیں بدرجہ مجبوری (الف) لکھا گیا ہے۔

پیشہ باغبانی میں ہندوستان کے مشہور پھولوں اور پھلوں کے نام اصل لفظ کے تحت ایک ہی جگہ لکھ دیے ہیں بخوفِ طوالت اُن کی تفصیل اور ترتیب نہیں کی گئی۔ خدا کرے یہ محنت پھلے پھولے اور دوسروں کی رہبری کا باعث بنے۔

خاکسار

حیدرآباد دکن دسمبر ۱۹۴۴ء

ظفر الرحمٰن عباسی۔ دہلوی عفی عنہ

پہلی فصل۔ کاشت کاری

آبی (مؤنث) وہ اراضی مزروعہ جس کی سینچائی تالاب نہر یا کنوئیں کے پانی سے ہوتی ہو عام طور سے چاہی کے نام سے موسوم کی جاتی ہے۔

آڈ (مذکر) دیکھو ڈوڈا۔

آڑ / **آڑی** (مؤنث) دیکھو مینڈا

آکاشی برت (مؤنث) دیکھو بارانی

آل (مؤنث) نمی۔ سیل۔ گیل۔ اُوَد۔ برساتی پانی یا کسی دوسرے طریقے کی آب پاشی کا اثر جو سطحِ زمین میں کچھ گہرائی تک رہے جس سے بیج کا جماؤ اور پودے کی ابتدائی نشوونما کو مدد ملے (سنسکرت اوّل بمعنی سیل)۔

ف:۔ برسات کم ہونے سے زمین میں آل نہیں رہی۔

ف ۱:۔ زمین کی قربت سے زمین میں کافی آل رہتی ہے۔

۲۔ پیاز یا لہسن کے پودے کے پتے جس سے جڑ بڑھتی ہے۔

آلان / **الان** (مؤنث) مٹر کی بیل کا خصوصاً اور دوسری بیلوں کا عموماً مِتّدھو بیلوں کے چڑھنے کو لکڑی وغیرہ کا بنایا ہوا سہارا۔

آلی (مؤنث) آلا۔ آل دار زمین۔ دیکھو آل (سنسکرت اوّلی بمعنی سیلی ہوئی زمین)

آلیا (مذکر) لفظِ آلا بمعنی طاق کا اسم مصغّر۔ کاشت کاروں کی اصطلاح میں اناج کو دوسری فصل تک محفوظ رکھنے کی زمین دوز بنی ہوئی کھو یا کھتّی کو کہتے ہیں۔

آمن (مؤنث) ایسا نشیبی قطعۂ اراضی جس میں دھان کی صرف ایک فصل بوئی جائے۔

آنک (مؤنث) کنکوت۔ اندازہ تخمینہ جانچ۔ کاشت کاری کی اصطلاح میں تقسیمِ پیداوار کے لیے کھڑی کھیتی کی جنس کے تخمینے کرنے کا طریقہ۔

آنک بندی (مؤنث) فصل کی پیداوار کا اندازہ لگانا۔

آنکیا (مذکر) فصل کی پیداوار کا تخمینہ کرنے والا ماہر شخص۔

آباد کار (مذکر) پڑتی یا جنگل کی زمین کو کھیتی کے لیے از سرِ نو تیار کرنے والا کاشت کار

آباد کاری (مؤنث) غیر مزروعہ زمین کو کھیتی کرنے کے لائق بنانے کا حقِ ملکیت۔

اُبدج (مذکر) برساتی کیڑے مکوڑے جن کا تخم مٹی میں ملا رہتا ہے جو برسات کا پانی پڑنے سے وجود میں آجاتے ہیں۔

اُبنا (مصدر) دیکھو پھوٹنا۔

اَبواب (مذکر) مال گزاری کی اصطلاح میں لگان کے تحت کاشت کار یا زمین دار سے وصول کی ہوئی ایک مقررہ رقم جو ذیلی رقم کے نام سے موسوم اور بعض سرکاری اخراجات مثلاً پٹیل، پٹواری کی تنخواہ وغیرہ کے لیے مختص ہوتی ہے۔

اَنبیج }
اَبج } (مذکر) نہ پھوٹنے والا تخم یعنی ایسا بیج جو خراب ہو جانے کی وجہ سے اُگنے کے قابل نہ رہا ہو

اُپٹ (مؤنث) سطحِ زمین کے اوپر کی تہ کی پھٹن یا ترخ جو پانی خشک ہونے کے بعد کالی اور چکنی مٹی کی زمین میں پڑ جاتی ہے۔ (آنا۔ پڑنا)

اُپجنا (مصدر) دیکھو پھوٹنا۔ بیج کا جمنا۔ پھوٹ نکلنا۔

ف: اس کی وجہ سے چنا اچھا اُپجا ہے۔

اُپجنہار (مذکر) وہ قطعۂ آراضی جس میں بیج جلد اور خوب اچھی طرح گھنگنا کے پھوٹے بڑھے اور ہر قسم کا بیج بونے کے لیے اچھی ہو۔

۲۔ پھوٹنے والا بیج برخلاف اربیج۔

اپھار (مذکر) اٹالا۔ ڈھیر اپنی جگہ سے نہ ٹلنے والا۔ کھلیان بنانے اور گاہنے سے پہلے اناج کی بالوں کی پُولیوں کا انبار (کرنا)

اترپال / **انترپال** } بنجر کی قسم کا قطعۂ اراضی جس میں پانی گہرا اُتر جائے اور اُوپر کی سطح بالکل خشک اور بے اصل رہنے کی وجہ سے کسی قسم کی کاشت کے لایق نہ ہو اگر بارش کثرت سے ہو تو کوئی چھوٹا موٹا اناج مثلاً باجرا، مکئی وغیرہ بودیا جاتا ہے

اٹالا (مذکر) دیکھو اپھار

اٹان (مذکر) اٹّے اور اڈّے کا غلط تلفّظ۔ دیکھو مچان۔

اُٹھاونی (مؤنث) اندوختہ۔ کوئی رقم یا پیداوار کا کچھ حصّہ جو آیندہ فصل کی تخم ریزی کی ضرورت پوری کرنے کو بچا کر رکھا جائے۔

۲۔ پیشگی رقم جو زمین دار یا ساہوکار سے تخم ریزی کے لیے لی جائے۔ دیکھو بیج بسار

اٹھاس (مذکر) گنّے کی کاشت کے لیے شروع برسات سے موسمِ بہار تک آٹھ مہینے ہل چلا کر تیار کیا ہُوا کھیت۔

اجوت (مؤنث) بغیر جوتی پڑتی زمین

۲۔ وہ قطعۂ اراضی جس پر ہل نہ چلے اور اِس لیے بے کاشت رہے

اجوڑی (مؤنث) اگوڑی کا غلط تلفّظ دیکھو اگوڑی

اُچاٹا (مذکر) اُچکا، بچکا۔ دھڑکا۔ بھگا دینے والی چیز۔ کاشت کاروں کی اصطلاح میں کھیت کے اندر آدمی کی مصنوعی صورت بنا کر کھڑی کر دینے کو کہتے ہیں۔ جس کو دیکھ کر جنگلی جانور چمک جائیں اور ڈر کر بھاگ جائیں۔ (بنانا۔ لگانا۔ گاڑنا۔)

اُچکا (مذکر) دیکھو اُچاٹا۔

ادکاری رعیّت (مؤنث) اکاری کا گنوارو تلفّظ۔ مراد کام نہ رکھنے والا۔ کاشت کاری اصطلاح

میں ایسے کسان کو کہتے ہیں جو اپنا حقِّ
اراضی بجملہ حقوق کے ساتھ دوسرے
کسان کو منتقل کر دے اور اِس طرح
بے کار ہو جائے۔

ادھار دھورا (مذکر) دریا بَنا۔ دریا
کے دہانے کے قریب
کی اراضیِ مزروعہ جو پانی کے اُتار چڑھاؤ
سے بڑھتی گھٹتی رہے ایسی زمین کا لگان
غیر معیّن ہوتا اور کاشت کاری اصطلاح
میں اُدھار دھورا کہلاتا ہے۔

ادھ پار (مذکر) وہ کاشت کاری مزدور
جو پورے وقت کا ملازم
یا کارندہ نہ ہو بلکہ آدھے دن کھیتی باڑی
اور آدھے دن گھر بار کا دھندا کرے۔

ادھ بٹائی (مؤنث) آدھا ساجھا۔ کھیت
کی پیداوار میں زمین دار کا
برابر کا ساجھی۔ ایک کی زمین اور
دوسرے کی خدمت اِس بٹائی کا سبب
ہوتی ہے۔

ادھ چنا (مذکر) دیکھو ادھ گیہواں۔

ادھ کچّا (مذکر) پہاڑا۔ پہاڑ کے دامن
میں ایسا نشیبی قطعۂ اراضی جو پانی کے
ٹھہرنے کی وجہ سے بہت زیادہ گیلا بلکہ
کیچڑ بنا رہے اور عام قسم کی پیداوار
کے لائق نہ ہو۔ ایسی زمین میں اَن زیادہ
رہنے سے بیج گل جاتا ہے۔

ادھ کری (مؤنث) (ادھا+کر) وہ
مزروعہ اراضی جس پر عام
اراضیات کے مقابلے خاص حالات کی
صورت میں آدھا لگان لگایا اور وصول
کیا جاتا ہے۔

ادھ گیہواں (مذکر) وہ گیہوں کا کھیت
جس میں برابر کا چنا بویا
جائے۔ گیہوں اور چنے کی ملواں بوئی

ادھ مرجائی (مؤنث) وہ کھیتی جو پانی
کی کمی سے نشوونما نہ پائے
اور بالوں میں دانے مُرجھا جائیں۔

اَدھیار (مذکر) اَدھیل ادھیلیا۔ پاہی۔
وہ کسان جو دو گانوؤں میں کھیت
رکھتا اور کھیتی کرتا اور دونوں کا
کاشت کار ہو۔

ادھیاری (مذکر) ادھیالی۔ بٹائی پر

کام کرنے والا کاشت کار۔

۲- بٹائی - برابر کا حق -

ادھیل
ادھیلیا } (مذکر) دیکھو ادھیار

اڈنڈ (مذکر) لگان کی وہ اراضی جس پر
اڈنڈی } کسی قسم کا محصول یا لگان نہ ہو

بلا لگان اراضی۔ مثلاً جھاڑی -

سڑک۔ آبادی۔ (ا+ڈنڈ) معافی

اڈیانی (مؤنث) کھیت کے رکھوالے کے

اڈے کے اوپر دھوپ سے بچاؤ کے

لیے پھوس کا بنا ہوا چھتری نما سائبان (آسرا)

اراضی مزروعہ (مؤنث) کھیتی باڑی کی زمین۔

اجزائے ترکیبی، طبعی حالات اور پیداوار

کے اعتبار سے مختلف ناموں سے موسوم کی جاتی ہے

کاشت کاری اصطلاح میں خالص قدرتی

اجزا سے مرکب زمین تیار اور پودوں کی غذا

کے لیے دوسرے اجزا ملا کر تیار کی ہوئی گوئند کہلاتی ہے

ارا (مذکر) دیکھو ست نجا۔

اُرنا (مذکر) دیکھو مالا -

اروا چانول (مذکر) دیکھو ہنس راج (ہنسراج)

اُڑانا (مصدر) دیکھو اُسانا)

اڑبند (مذکر) ہل کے جوے کو حسبِ ضرورت

آگے پیچھے کرنے کے لیے ہرس میں

بنے ہوئے کھندانے اور رکاؤ جس میں میخ

باندھ دی جاتی ہے دیکھو ہل -

اساڑھی (مؤنث) فصلِ خریف۔ شروع

برسات سے ختم برسات تک چار ماہ کی

مدت۔ ہندی میں ان مہینوں کے نام اساڑھ۔

ساون۔ بھادوں اور کوار ہیں اور برسات کے

مہینے کہلاتے ہیں۔ اس زمانے میں موٹی قسم کے اناج

روئی اور بعض دیگر اجناس کی کاشت کی جاتی

اور اصطلاحاً اساڑھی کہلاتی ہے -

اسامی (مذکر) کاشت کار - کسان۔

جوتیا۔ جو زمین دار سے

زمین کرائے یا پٹے پر لے کر کھیتی باڑی

کا کام کرے اور زمین دار کی رعیت

کی حیثیت سے رہے -

اُسانا (مصدر) اُڑانا۔ دائیں چلے ہوئے

اناج کو بھوسے سے جدا کرنے کے

لیے ہوا میں اوپر اٹھا کر گرانا تاکہ بھوسا

دانوں سے علیحدہ گرے۔

اساڑھ (مذکر) برسات کے پہلے

پہلے مہینے کا ہندی نام دیکھو بارہ ماسا

اُستی (مؤنث) اناج کی بالوں کی ایک بیماری کا نام دیکھو کنڈوا

اسیچ (مؤنث) وہ قطعۂ اراضی جس کی سینچائی نہ ہو سکے یعنی اس کے لیے کوئی ذریعہ آب پاشی کا نہ ہو۔ دیکھو خاکی۔

اصلی گانو (مذکر) وہ بڑی بستی جس کا نام سرکاری رجسٹر میں درج ہو۔ اس سے ملحق دوسرے کھیڑے اصطلاحًا داخلی کہلاتے ہیں (بندوبست ٹوڈرمل)

اکاری (مذکر) دیکھو ادکاری

اکال / **کال** (مذکر) خشک سالی۔ قحط سالی مہنگائی۔ بارش نہ ہونے یا کم ہونے سے اناج کی پیداوار میں کمی ہونا۔

اِک بہا (مؤنث) ایک جوتی، کھرونتی وہ قطعۂ اراضی جس پر صرف ایک مرتبہ معمولی طریقے سے ہل چلایا گیا ہو۔ ایک سری جوت۔ پہلی توڑ

اکری (مؤنث) دیکھو بالا۔ بیج بونے کی ایک قسم کی قیف۔

اِک سوا (مذکر) بیج کا سوئے کی شکل کا چھٹاؤ۔

اِک فردا (مؤنث) دیکھو ایک فصلی

اکاس بیل (مؤنث) دیکھو امر بونریا (امر بوریا)

اکھا (مذکر) دیکھو اڑبند

اکھاری (مؤنث) گنے کی نئی پود یا کیاری۔

کہاوت:۔

جیٹھ ماس میں چار دکھاری
بن۔ بالک۔ بھینس اور اکھاری

اُکھائی (مؤنث) پنج شاخہ۔ جیلی۔ دُنبالہ۔ کھلیان کو اُلٹ پلٹ کرنے کی پنجے دار چھڑ یا دو شاخہ لکڑی۔

اکھائی / **اکھانی** (مؤنث) بدروا ایک قسم کی بانجھ جوار جو چارے کے لیے بوئی جائے۔ اس میں دانہ بہت کم آتا ہے۔ پھانٹے ملے

ہو جاتے ہیں۔ پنجاب میں اِس کی کاشت زیادہ ہوتی ہے۔

اکھرا (مذکر) وہ کھیت جس میں سے فصلی پیداوار کاٹ لی گئی اور اس کی جڑیں زمین میں لگی چھوڑ دی گئی ہوں۔ بغیر سنوارا اور صاف کیا ہُوا کھیت

اُکھراج (مؤنث) گنّے کی پَود کھیت میں منتقل کرنے کا زمانہ۔

اِکھوا (مذکر) انکھوا۔ دیکھو اکھاری۔ گنّے کی پوری کے نشان پر نئی شاخ کے پُھٹاؤ کی گھُنڈی۔ (نکلنا۔ بڑھنا)

اُگائی، اُگاہی (مؤنث) تحصیلِ لگان۔ وصول زرِ مال گزاری۔

۲۔ تاجروں کی اصطلاح میں فروخت شدہ مال کی رقم مقررہ میعاد پر وصول کرنے کا طریقہ۔

اگن (مذکر) جاڑے کے دوسرے مہینے کا ہندی نام دیکھو بارہ ماسا۔

اُگنا (مصدر) دیکھو پھوٹنا۔

ف:۔ پانی کی نمی سے تین روز میں سارے بیج اُگ آئے۔

اگواسی (مؤنث) دیکھو ہاڑ۔

اگوڑ (مذکر) اکھولا۔ مس کنڈا۔ گنّے کا اوپر کا حصّہ جس پر پتّے نکلتے ہیں۔

اگوری (مؤنث) کاشت کاری مزدور کو پیشگی اُجرت دینے کا طریقہ بعض گنوار اجوری تلفّظ کرتے ہیں۔

اگیا (مؤنث) چانول کے پَودوں کی ایک بیماری جس سے پَودا سوکھ جاتا ہے جس طرح آگ کی گرمی سے سوکھ جائے۔

اگیر (مذکر) اناج کی بالیں جو کٹائی سے پہلے تھوڑی سے توڑ کر زمین دار کو رسماً بطورِ نذر پیش کی جائیں۔

اگھنی (مؤنث) خریف کی فصل کی وہ جنس جو شروع جاڑے یعنی اگھن کے مہینے میں کاٹی جائے۔

امانی (مؤنث) خاص سرکاری طور پر کسی زمین کو یومیہ اُجرت مزدوری دے کر کاشت کرانے کا طریقۂ کار۔ دوسرے تعمیری کاموں میں بھی یہ اصطلاح مروّج ہے۔

امر بونڑیا (مؤنث) اکاس بیل۔ نہ مرنے والی
امر بوریا } بیل۔ ایک قسم کی نباتات جو لمبے
لمبے ڈوروں کی شکل زرد رنگ
کی ہوتی ہو اور بڑے بڑے درختوں کے اوپر
خود بخود پیدا ہو جاتی اور پھیل کر سارے درخت
کو ڈھانک لیتی ہو۔ پھر اُس کی رطوبت سی
خود پھلتی پھولتی اور درخت کو سکھا دیتی ہو
زیادتی کی صورت میں گھاس اور
چھوٹے پودوں کو بھی گھیر لیتی
ہو۔

املاک (مؤنث) زمین دار کی بلا شرکتِ
غیر مقبوضہ اراضیات۔

امل داری } (مؤنث) کاشت کار
عمل داری } سے لگان یا محصول
زر نقد میں وصول
کرنے کا طریقہ۔

انتر بید (مذکر) دریائے گنگا اور جمنا
کے درمیان کا نہایت زرخیز
زرعی علاقہ جو اٹاوہ اور الٰہ آباد کے
درمیان پھیلا ہُوا ہو۔

انجل (مذکر) دیکھو کھلیہانی

انجنا (مذکر) ادنےٰ قسم کا دھان جو
چیت یعنی گرمی کے مہینے میں بویا
جاتا ہو۔ اسی لیے اُس کو اصطلاحاً چیترا
دھان بھی کہتے ہیں۔

انچلا } (مذکر۔ مؤنث) لپ یا مٹھی
انچلی } بھر اناج کے دانے (لباس
میں آنچل اوڑھنی کے کونے
کو کہتے ہیں۔)

اُندھیریا کرنا (مصدر) گنّے کے
کھیت کی پہلی نلائی
اور کھود کرنا تاکہ نئی پود جلد بڑھے۔
اور نیا پھٹاؤ لائے۔

انڈرا (مذکر) دیکھو لفظِ انڈوا جلد پنجم
دھان کا پودا جس میں بال کا خوشہ
نکلنے کی علامت دکھائی دینے لگے۔
(ہونا) پھلنے پر آنا۔

انڈیا (مذکر) جوار یا مکئی کا بھٹّا یا درخت
جس میں بھٹّا نکل رہا ہو۔
پھلنے پر آیا ہوا جوار یا مکئی کا پودا۔
دیکھو لفظ آنڈ جلد پنجم۔

انک بندی } (مؤنث) اسامی وار
انک بندی } یعنی ہر کاشت کار پر

علیحدہ علیحدہ لگان مقرر کرنے کا طریقہ جو ہر فصل کے ختم پر لیا جائے۔

انگ دار (مذکر) مزرُوعہ اراضی کا موروثی شریک اور حصّے دار جو اپنے حق کا لگان علیحدہ دیتا ہو۔

انگری (مؤنث) اکھری یا آکھری کا دُوسرا تلفّظ۔ بیج بونے کا نلوا جو ہل کے جوئے کے ساتھ کھڑا باندھ دیا جاتا اور مختلف ناموں سے موسُوم کیا جاتا ہی دیکھو لفظ مالا

انگوری (مؤنث) انگ یا آنگ کا دہقانی تلفظ مُراد ہل کا پھال والا حصّہ دیکھو ہاڑ۔

انگرو (مؤنث) کنکریلی زمین جس میں جڑیل پودے، مُولی، گاجر، شلجم، چقندر وغیرہ نہ بوئے جاسکیں۔

ان مُندھا (مذکر) صبح کا جھُٹ پٹا وقت جس وقت کسان کھیت پر جاتا ہی۔

انڈری (مؤنث) کیاری میں لگی ہوئی دھان کی ننھی پود جو کھیت میں لگانے کے قابل نہ ہوئی ہو۔

اواسی (مؤنث) اناج کی ادھ کچّی بالیں جو ہولے بنا کر کھانے کے قابل ہوگئی ہوں۔

اوائی (مؤنث) لاگو۔ ہل کی نوک سے بنی ہوئی بیج بونے کی گہری نالی۔ ہل کی گہری کھود۔

اوپ (مؤنث) قرضے کی ایک قسم جس میں کاشت کار فصل پر نقد رقم کی بجائے اناج دینے کا پابند کیا جاتا ہی۔ اور بازار کے نرخ سے ایک دو یا تین سیر فی رُپیہ زیادہ لیا جاتا ہی۔ (کرنا)

اوپر چھنٹ | **اوپر چونٹ** بلکٹ۔ چونٹ۔ مُرکٹ یا بجھوٹ (بھجوٹ) کھیت کٹائی کا ایک طریقہ جس میں پہلے بالیں پودوں کے اوپر سے چھانٹ لی جاتی یعنی کاٹ کر اکھٹّی کرلی جاتی ہیں۔

اودآنا (مصدر) کھیت میں ہل چلانے کے لایق برساتی پانی سے

نرمی اور نمی پیدا ہو جانا۔ اس کو بعض مقامات
پر وتر آنا بھی کہتے ہیں لفظ اوڑ بمعنی نمی یا
سیل پنجابی زبان میں بولا جاتا ہے۔
اوڑنا (مذکر) بویڑنا کا غلط تلفظ۔ دیکھو ملا
ویڑ اور ویڑنا
اوسر (مؤنث) شوریلی۔ کلر۔ میار۔
نون چہ۔ تونار۔ تونائی۔ تونی۔
ایسی زمین جس میں مختلف قسم کی کھار کی
مقدار اتنی زیادہ ہو کہ کسی قسم کی کھیتی
نہ ہو سکے اور گھاس بھی نہ پیدا ہو۔
اوکھر / اوکھل (مؤنث) ایسی غیر مزروعہ پڑتی قطعۂ اراضی جو محنت سے
زراعت کے لائق بنائی جا سکے
اوگ (مؤنث) ہرس اور ناگل کے
جوڑ پر اوپر کے رُخ سے بطور
ڈاٹ پھنسی ہوئی ایک لمبی چوبی پھانٹ
جو اُن دونوں حصوں کو آپس میں گوندھے
رکھتی ہے اور اس لیے اصطلاحاً اس کو
گُندھیل بھی کہتے ہیں۔ دیکھو ہل۔ اوگی
ہندی میں ایسی چیز کو کہتے ہیں جو کسی
چیز کے اوپر بطور ابھرا چڑھائی جائے
اور وہ نیچے کے حصے پر جمی رہے۔
اِہری (مؤنث) نمک کے محلول کو
نتھارنے اور مُقطّر کرنے کی
چھلنی۔
اِہیٹا (مذکر) کھیت خصوصاً کھلیان کا
نگہبان جو کھیت کی رکھوالی سے
کسی وقت نہ ہٹے یعنی کسی کو اپنا قایم
مقام بنائے بغیر اپنی جگہ سے نہ جائے
ایکڑ (مذکر) ۴۸۴۰ مربع گز یا دس مربع
جریب کا ایک قطعۂ اراضی۔ ایک
جریب ۲۲ گز لمبی ہوتی ہے۔
ایک فصلی (مؤنث) ایک فردا۔ وہ
کھیت جس میں صرف
خریف کی فصل کاشت کی جائے۔
ایکھ (مؤنث) گنے کی ایک قسم جو شکر
بنانے کے لیئے بوئی جاتی ہے۔
اس کی بہت سی قسمیں اور نام
مشہور ہیں۔ دیکھو جلد سوم۔ پیشہ
شکر سازی۔
ایکھ راج (مؤنث) ایکھ بونے کے
وقت کی رسم اور پوجا۔

ایکھ باڑی (مؤنث) ایکھ کی کاشت کی قطعۂ اراضی یا وہ کھیت جو ایکھ کی کاشت کے لیے مخصوص ہو

باپ اوتی / باپوتی (مؤنث) باپ سے یا بیٹے کو ملنے والا ترکہ ارثِ پدری

باجنتری (مذکر) سرکاری لگان یا خراج وصول کرنے والا۔

باجی دار (مذکر) ساجھی کھیتی کے کاروبار کا ساتھی کارندہ جس کو پیداوار کا کوئی حصّہ دینا مقرر کرلیا گیا ہو۔

بارانی (مؤنث) اکاشی بزت۔ وہ اراضی مزروعہ جس میں آب پاشی کا کوئی ذریعہ نہ ہو۔ اور پیداوار کا دارومدار صِرف بارش پر ہو۔ اس کو اصطلاحاً خاکی بھی کہتے ہیں۔

باربٹائی (مؤنث) دیکھو بوجھ بٹائی

بارہ ماسا (مذکر) بارہ مہینے کی ایک مدّت یعنی سال جو بارہ مہینوں میں تقسیم ہی ہندی میں اُن کے حسبِ ذیل نام ہیں:۔
چیت۔ بیساکھ۔ جیٹھ۔ اساڑھ۔ ساون بھادوں۔ کوار۔ کاتک۔ اگن۔ پوس۔ ماگھ۔ پھاگن۔ ہندو روایات کے بہ موجب جو مبنی بر حکمت ہی ان مہینوں میں سے ہر کے لیے ایک ایک چیز ایسی بتائی گئی ہی جو اُس مہینے میں کرنی یا کھانی نقصان دہ ہوتی ہی۔ اِس کو اِس طرح بیان کیا گیا ہی۔
چیت گڑ۔ بیساکھ تیل۔ جیٹھ، پنتھ۔ اساڑھ، بیل۔ ساون۔ مرسا۔ بھادوں دہی، کوار کریلا۔ کاتک جہی۔ اگن جیرُ۔ پوس، دھنیا۔ ماگھ میں مصری پھاگن چنا۔ اِن ماسا میں یہ سب تجے۔ جو نرناری سُکھ کو بھجے۔

بارہ ماسیا (مذکر) کاشت کاری مزدور جو پورے سال یا ہمیشہ کے لیے ملازم ہو۔

باڑ / باڑا (مؤنث) باگر گوہان (اودھ) گوند (بہار) کھیت کے اطراف حفاظت کے لیے کانٹوں دار جھاڑی

سفر بیل گری ساگ پات زیرا

یا اسی قسم کی کسی دوسری چیز کی لگائی ہوئی آڑ۔

باڑا (مذکر) گانو کی بستی کے قریب ترکاریاں لگانے کا چھوٹا کھیت جس کے اطراف مستقل باڑ بنی ہوئی ہو اور یہی اُس کی وجہ تسمیہ ہی

باس متی (مذکر) اعلیٰ قسم کے چاول کی ایک قسم جو عام طور سے بناسپتی کے نام سے مشہور ہی۔ دہرہ دون، بریلی اور شاہ جہاں پور کے علاقے میں بہت ہوتی ہی۔ یہ چاول دو سال سے زاید اگر جمع رکھا جائے تو خراب ہو جاتا ہی۔

۲۔جوار کی ایک عمدہ قسم

ہندی کہاوت ہی:۔

باس متی دھان جو گاڑا

بڑا آدمی جو پری مت چھاڑا

اونچ کے بیر نیچ کے کھائے

یہ چاروگئے ڈھول بجائے

باغی پیداوار (مؤنث) زرعی پیداوار میں وہ خاص پیداوار جو پھل پھول کی طرح کاشت کی جاتی اور اصطلاحاً باغی پیداوار کہلاتی ہیں۔ان میں مندرجہ ذیل چیزیں شمار کی جاتی ہیں:۔

ادرک۔افیم۔امباڑی۔السی (تسی) الایچی۔بھنگ۔تکر (ارا روٹ) تیل۔ تمباکو۔چاے۔سرسوں۔سن۔قہوہ کُسم۔کُشٹا (جوٹ) کپاس۔کالی مرچ مجیٹھ۔ نیشکر۔

باقی (مؤنث) تقاوی کی رقم جو کاشت کار کے ذمّے دینی رہ جائے۔

باک (مؤنث) کھڑی کھیتی کی پیداوار کا تخمینہ۔آنک۔(لگانا)

باکھر یا **بکّھر** (مذکر) کھیت میں سے گھانس اور کٹی ہوئی جڑیں نکالنے اور صفائی کرنے کا ہل۔

باکھلی (مؤنث) بکھاری کا دوسرا تلفظ دیکھو بکھاری۔

باگتی (مؤنث) باغ کی کا غلط تلفّظ مراد کھیت کے اندر ایسا قطعہ زمین جس پر آم وغیرہ کے سایہ دار

درخت لگے ہوں، جن کے سائے میں
کھیتی پھوٹے نہ گھاس اُگے۔
باگر (مؤنث) بگڑّ کا غلط تلفظ۔ مراد کھیت
کی حد کی بے ترتیب آڑ یا روک
دیکھو باڑ۔
۲۔ دیکھو بنجر
بال (مؤنث) گیہّی گیہوں۔ جو۔
دھان۔ اور باجرے وغیرہ کے
دانوں کا خوشہ۔ بعض مقامی بولیوں
میں پھنوریا کہتے ہیں۔
کہاوت:۔ مانگے لودھا بال نہ دے
گدّی پانو دے سربس لے
بال سُندر } (مؤنث) بالو ملی ہوئی
بلُ سُندر } چکنی مٹّی کا عمدہ اور
زرخیز قطعۂ اراضی
بلکٹ (مؤنث) چونٹ۔ مُرکٹ۔
کھڑے کھیت میں سے اناج
کی بالیں توڑ یا کاٹ کر جمع کرنے کا
طریقہ۔ دیکھو اُوپر چھنٹ۔
بالوا (مؤنث) بالو والی یعنی ریتلی
زمین جس میں پانی جلد تہ میں
اُتر جائے اور سطح میں آل نہ رہے
اور کھیتی کے لائق نہ ہو۔
بالو بُرد (مؤنث) ندّی نالے یا
دریا کے قریب کی ایسی
زمین جس پر پانی کی رَو سے ریت
کی اتنی تہ جم جائے کہ کاشت کے
قابل نہ رہے۔
بالوترا } (مذکر۔ مؤنث) دریا کے
بالوترائی } دھارے کی زمین جو
ریت اور گاد سے پَٹ
گئی ہو۔ دریا کے دھارے کا رُخ
بدل جانے سے یہ اراضی کاشت
کے لیے نہایت عمدہ ہوتی ہے۔
بالوچر (مؤنث) دریا کا ریتلا کنارہ
یا کنارے کی ریتلی زمین جو
فالیز کے لیے بہت اچھّی ہوتی ہے۔
بان بٹھانا (مصدر) دھان کی
پود کی پھیری کرنا یعنی
کیاریوں سے نکال کر کھیت میں
لگانا۔
بانجر (مؤنث) بالو مٹی کے جھڑّے

کے اوپر کے بال۔
بانسا (مذکر) دیکھو مالا۔
بانگر (مؤنث) بلندی۔ اونچی زمین جہاں سے پانی بہ کر نیچے کی طرف کو آئے چڑھاؤ کی زمین جہاں سے دریا یا ندی نالے کا پانی کھادر یعنی نشیبی زمین کی طرف بڑھے۔
باؤبیگار } (مذکر) بیگاری کاشت کاری
باؤبنیگار } مزدور جس کو زمین دار خود کاشت کھیتی میں معمولی معاوضے پر کام میں لگالے۔
باونی (مؤنث) باون گانو کی جاگیر جو کسی بڑی خدمت کے بدلے میں راجا سے ملے۔
باہ (مؤنث) دیکھو کھرپل۔
باہن (مؤنث) دو تین مرتبہ ہل چلا کر تیار کیا ہوا کھیت۔
باہنا (مصدر) کھیت میں ہل چلانا۔ باہنی کرنا۔
باہنی کرنا (مصدر) دیکھو باہنا۔
بائیسی پنچات (دیکھو پنچایت فقرہ ۳)۔
بائیوری (مؤنث) ایک قسم کی جھاڑی جو خشک سالی میں کھیت میں پیدا ہو جاتی ہے۔ اس کی جڑ بہت لمبی ہوتی ہے جو کبھی کبھی زمین کے اندر اتنی گہری پھیل جاتی ہے کہ اُس کا مٹانا دُشوار بلکہ ناممکن ہو جاتا ہے۔ زمین کاشت کے قابل نہیں رہتی۔
بیوٗلیانا (مذکر) ببول (کیکر) کا جنگل۔ کھیتی باڑی کے آلات اور گاڑیوں کے پٹّے بنانے کے لیے اُس کی بڑی حفاظت کی جاتی ہے۔
بتر (مؤنث) ۱۔ پانی کی ایسی تری جو زمین کو نرم اور ہل چلنے کے قابل بنا دے عام طور سے اساڑھ (برسات کا پہلا مہینہ) کی بارش زمین کی ترائی کے لیے بہت مفید ہوتی ہے۔
۲۔ کھیت کی زمین کی اتنی نمی جو گیہوں کی بوائی کو کافی ہو۔
ف:۔ تیز ہوا چلنے سے زمین میں بتر

نہیں رہی۔

بتوری (مؤنث) چنی۔ چھوٹی قسم کا چنا

بٹانا (مذکر) اناج کا گول دانہ۔ علاقے کماؤں اور دکن میں مٹر کو کہتے ہیں

بٹائی (مؤنث) بٹوارا۔ بٹواری۔ زمین دار اور کاشت کار کے درمیان خود کاشت اراضی کی پیداوار کی، رواج یا معاہدے کے مطابق، تقسیم حصّہ رسدی۔ اِس کو اصطلاحاً بٹائی جنسی کہتے ہیں۔

۲۔ بٹائی نواسیا۔ زمین دار اور کاشت کار کے درمیان پیداوار کی ایسی تقسیم جس میں سولہ حصّوں میں نو حصّے زمین دار کے اور سات حصّے کاشت کار کے ہوں۔

۳۔ بٹاہروائی۔ کھیت کی جتائی کا حقِ مقررہ جو بٹائی سے قبل کُل پیداوار میں سے ہل والے کے لیے علیحدہ کر دیا جائے۔

۴۔ بٹنیا۔ سیر کی پیداوار کا شریک کاشت کار۔

بٹائی جنسی (مؤنث) دیکھو بٹائی

بٹائی نواسیا (مؤنث) دیکھو بٹائی فقرہ ۲

بٹاہروائی (مذکر) دیکھو بٹائی فقرہ ۳

بٹنیا (مذکر) دیکھو بٹائی فقرہ ۴

بٹوار (مؤنث) جنگل کے راستوں کی نگہبانی کرنے والا چوکی دار (باٹ بمعنی راستہ)

۲۔ پولیس یا جنگل کے نگران کار ملازم کی سرِراہ۔ بنی ہوئی چوکی (قیام گاہ)

بٹوارا (مذکر) دیکھو بٹائی۔

بٹورن } (مؤنث) کاشت کاری
بٹولن } یا مزدوروں کا کھلیان کے اطراف سے بھوسے کے ساتھ بکھرے ہوئے اناج کے دانے سمیٹنا۔

۲۔ کھیت سے اناج کے کٹے ہوئے پودوں کو سمیٹنے کا عمل۔

بٹیا کھلیانی (مؤنث) کھلیان پر

حصّے داروں میں جنس کی تقسیم کا طریقہ ۔
بٹوی } (مذکر) بٹیا کا راہ گیر۔ کھیت کی
بٹیو } پگڈنڈی پر چلنے والا ۔
بٹھاون (مؤنث)، دیکھو بان بٹھانا اور ترپنا
بجار (مؤنث)، دیکھو ہرجتا ۔
بجائی } (مؤنث)، گانو کے کمیروں کا حق
بجوار } جو مقررہ مزدوری کے علاوہ
محنت اور کوشش سے کھیت
کھلیاں کے گرے پڑے اور بکھرے
ہوئے اناج کے دانے جمع کرکے حاصل
کریں اور جو اُن کی محنت کا انعام سمجھا جائے
۲۔ زمین دار کو اُس کے مقررہ حق
سے کچھ زیادہ رسماً اور رواجاً ملنا ۔
بجڑا } بیار (بیارُو) تخم بونے کو تیار
بیجو } کی ہوئی کیاری جس میں اُن
پودوں کا تخم بکھیر کر بویا جائے
جن کی پود پرورش ہونے پر کھیت
یا چمن میں ترتیب سے لگائی جاتی ہے۔
بعض پود کئی مرتبہ ایک جگہ سے دوسری
جگہ بدل کر لگائی جاتی ہے۔
بج مار (مؤنث)، بزرع تخم سوخت ۔
وہ زمین جس میں بیج نہ پھوٹے
اور گل سڑ کر خراب ہو جائے ۔
بج مہورت (مؤنث) تخم بونے کے
لیے مبارک ساعت دیکھنے
کی رسم ۔
بجوار (مؤنث)، دیکھو بجائی ۔
بجھاوت } (مؤنث) سیر کے
بجھاوٹ } اخراجات کا حساب یا
شریک کاشت کاروں
کے نام اور اُن کے اخراجات، نفع و
نقصان لکھنے کا پٹواری کا رجسٹر۔ دیکھو
پٹواری ۔
بجھوٹ } (مؤنث)، دیکھو اڈپر
بجھوٹ } چھنٹ ۔
بچار } (مؤنث)، کاشت کاروں کی
وبچار } اصطلاح مراد کھڑے کھیت
کی پیداوار کا اندازہ کرنا ۔
بچکا (مذکر)، دیکھو اچٹا ۔
بدرا (مؤنث)، دیکھو کھادر
بدروا (مؤنث)، اکھاتی (اکھانی)
شروع برسات کے موسم میں بوئی جانے والی جوار جو عام طور سے

چارے کے لیے بوئی جاتی ہے۔ اس کا درخت سات، آٹھ فٹ لمبا ہوتا ہے اور بہت کم پھلتا ہے۔

بدھا (مذکر) کٹھیا گیہوں۔

بِدھنی (مؤنث) پنجے کی وضع کا بیلچہ جو اناج کی پھلی کے چھلکے کو دانوں سے جُدا کرنے کے لیے کام میں لایا جائے۔

۲۔ پودوں کی جڑوں سے گھاس نکالنے کا ایک قسم کا شاخوں دار کھُرپا

بِدھیانا (مصدر) کھُٹکنا۔ تمباکو کے پودے کے اوپر بڑھنے والے پھٹاؤ کو توڑنا تاکہ پودا گھن دار بنے اس طریقے سے اِس کو پھُولنے سے روکا جاتا ہے تاکہ پتّوں کا پھیلاؤ زیادہ ہو۔

برا (مذکر) دھوُرا۔ سوانا۔ براہ کا غلط تلفّظ۔ کاشت کاروں کی اصطلاح میں ایسے کھیت یا کھیتوں کو کہتے ہیں جو وہات سے دور جنگلی جانوروں کے راستے یا جنگل کی سرحد پر واقع ہو اور جن کی نگرانی مشکل ہو اور جنگلی جانور اُس کی پیداوار کا نقصان کریں اسی وجہ سے ایسے کھیت کم لگان ہوتے ہیں۔

برادنا (مصدر) برسانا، بھوُسا ملے ہوئے اناج کو ہوا میں اوُپر سے گرانا تاکہ بھوُسے سے دانہ علیحدہ ہوجائے۔

براکانبر } (مؤنث) ہلکے بھوُرے
بھوُراکانبر } رنگ کی سخت زمین جو جلد خشک اور سخت ہوجائے۔ اگر بارش تھوڑے تھوڑے وقفے سے ربیع تک نہ ہو تو فصل نہیں بوئی جاتی اِس زمین کی کھیتی کو دہاوٹ کے پانی کی بھی بڑی ضرورت ہوتی ہے۔

بِرانا } (مذکر) جھڑبیری کا جنگل
بِران } جو عموماً زراعت کے ناقابل ہوتا ہے۔

بربستی (مؤنث) بن بستی۔ بن کی نو توڑ اراضی کا لگان یا محصوُل جو فی بیگہ کے حساب سے

عام کھیتوں کے مقابلے میں کم لیا جاتا ہے۔

۲۔ بگوٹی ۔ باغاتی کا غلط تلفظ وہ زمین جو باغ لگانے کے لیے بن کاٹ کر بنائی جائے۔

۳۔ باغ کی زمین کا لگان۔

بِرْت ۔ (مؤنث) نیپالی زبان میں برتا معافی لگان کی زمین کو کہتے ہیں جو انعام دار اور اس کی اولاد کو نسلاً بعد نسلاً دی جاتی ہے۔ یہ ملکیت یا جاگیر کسی خدمت کے عوض عنایت کی جاتی ہے۔ اصطلاحِ عام میں اُس مزروعہ اراضی کو کہتے ہیں جس پر کاشت کار کا موروثی حق ہو اور بے دخل نہ کیا جا سکے جب تک وہ اپنے ذمّے کا لگان راست سرکار میں داخل کرتا رہے۔

۲۔ برتیا ۔ موروثی جاگیر دار یا کاشت کار جو بے دخل نہ ہو سکے۔

۳۔ جیون برت ۔ وہ جاگیر جو متوفی ملازم کے لڑکے کو گزارے کے لیے مستقلاً دی جائے۔

۴۔ مرو برت ۔ وہ جاگیر جو مُلک کی خدمت میں مارے جانے والے کے وارثوں کو خوں بہا کے طور پر عطا کی جائے۔

۵۔ سنکلپ برت ۔ وہ جاگیر جو مذہبی خدمت سرانجام دینے کے بدلے میں عطا کی جائے۔ برہمن کا حق خدمت جو گانو کی اراضی یا پیداوار سے اُس کو دیا جائے۔

برتانت پتّر (مذکر) پروانہ جاگیر۔ عنایت نامہ عطائے جاگیر

برتیا (مذکر) دیکھو برت فقرہ ۲

برچھی بنڈی (مؤنث) وہ جاگیر جو فوجی خدمت انجام دینے کے لیے دی جائے۔

بردا (مذکر) دیکھو کچھار۔

برڈا (مؤنث) بھوڑ کی قسم کی ریتلی

اور کنکریلی زمین ۔

بِرّا (مذکر) بیجھڑ۔ گیہوں، چنا اور جَو کی رلتونی ۔

۲۔ چنے اور جَو یا چنے اور گیہوں کی ملواں بُوائی ۔

بُرّی ۔ (مؤنث) بُرمی۔ گلی۔ بکھیر ہاتھ سے بیج کو بکھیر کر بونے کا طریقہ (کرنا) ہندی بُرکنا بمعنی چٹکی سے کسی چیز کو پھیلا کر ڈالنا ۔

برسانا (مصدر) دیکھو براذنا

۲۔ بارش ہونا۔ بادلوں سے پانی گرنا۔

برس واہی (مؤنث) سال کے فصل پر کمیروں کی مزدوری یا حقِ خدمت دینے کا طریقہ۔ جیسے چھماہی

بِروا (مذکر) چنے کا پودا ۔ کوئی نیا پَودا۔

کہاوت:۔ ہونہار بِروا کے چکنے چکنے پات

بِروہی (مؤنث) نئی پَود جو کھیت میں لگانے کو اوّل کیاری بڑھائی گئی ہو۔

برہا (مذکر) بیج بونے کو، ہل سے بنائی ہوئی نالی ۔

۲۔ کھیت میں پانی لے جانے کی نالی ۔ دیکھو پیشۂ آب پاشی ۔

برہانہ (مذکر) غذا کی ضرورت کے لیے برہوں میں لگائی جانے والی ترکاریاں۔ مثلاً مُولی۔ شلجم وغیرہ جو برہوں کے کنارے لگادی جاتی ہے

۲۔ باڑی ۔ سبزی، ترکاری لگانے کا قطعۂ اراضی ۔ دیکھو باڑا

برتج (مؤنث) پان کی کیاری

بساؤری (مؤنث) بسوری۔ نزول۔ ٹکینا۔ محصول اراضی شاملات جو گھر بنانے کو لی جائے ۔

بست (مذکر) دیکھو مُقدّم

بسگت (مؤنث) گانو کے قریب
آبادی کی زمین قابلِ بستی۔
گھر بنانے کی زمین۔
بِشوا (مذکر) ایک سو اسّی مربّع گز کا
قطعۂ اراضی۔
بسوری (مؤنث) بھیتوری۔ لگتا۔
کر۔ دیکھو بساوری۔
بسوئی پسار (مذکر) گانو کے چوکی دار
کا چوکی دارہ جو اُس کو
فصل پر گانو کی مشترکہ آمدنی میں سے
دیا جاتا ہی۔
بِشوہ برار (مذکر) گانو کی اراضیات
میں حقیت رکھنے اور
اس کی آمدنی وصول کرنے والا زمین دار
بِسوئی (مؤنث) دو بسوے اراضی
فی بیگہ حق زمین داری جو
بڑے دار زمین دار کی کاشت کے لیے
علیحدہ کردے۔
بِشوے دار (مذکر) دیکھو مقدّم
بڑے کاشت کار کا زبردست
کاشت کار۔

بسوے داری (مؤنث) زمین داری۔
گانو کا حصّے دار۔
بسی اَوْرا (مذکر) بسیاوُرا۔ گانو میں مکان
بسیوْرا (مذکر) بنانے اور بسنے کی دعوت
جو برادری کو دی جائے۔
بقبوتا (مذکر) بقایا لگان کی فہرست
بُکٹا (مذکر) بھری مُٹھی (بھرنا)
بکولی (مؤنث) ایک کیڑا جو چانول
کے درخت کو کھا جاتا ہی۔
بُکھاری (مؤنث) باکھلی بُخاری کا
گنوارو تلفّظ۔ اُردو میں
بخاری سے مُراد ایسی کوٹھی ہوتی ہی
جو معمولی سامان رکھنے کو دیوار کے
آثار میں بنالی جائے۔ کاشت کاری
اصطلاح میں ایسی جگہ سمجھی جاتی ہی
جہاں اناج محفوظ رکھا جاسکے۔ یہ جگہ
یا تو جھاو کی شاخوں سے ایک بہت
بڑے پٹارے کی شکل بنالی جاتی ہی
جس کو وہ کوٹھی کہتے ہیں یا مکان کے
اندر دیواروں سے ملاکر اینٹ مٹّی
سے کوٹھی نما کھوسی بنا لیتے ہیں اور

اُس کو باگھلی کہتے ہیں۔
بکھر (مذکر) کھیتوں کے کٹے ہوئے پودوں
کی جڑیں نکالنے کا بھاری قسم کا
ہل (سنسکرت کھر بمعنی خود رو نباتات
بکھیر (مؤنث) دیکھو بُرسی
بگوتی (مؤنث) دیکھو بربستی۔
بُلاہر (مذکر) گانْو کا سندیسیا، پیام بر
منادی کرنے والا۔ گانْو کے کسی
کام میں شرکت کے لیے بستی والوں
کو اطلاع دینے اور بُلا لانے والا۔
بلد ہائی (مؤنث) چراگاہ میں
مویشیوں کے چرنے کا محصول
جو زمین دار کو ادا کیا جائے۔
بِلّی لوٹن (مؤنث) بالچھڑ ایک
قسم کی خوشبودار گھاس
جس کی خوشبو [illegible]
بلوا (مؤنث) بالو والی (ریتلی) اراضی جس
میں پانی بہت جذب ہو جائے اور
پودوں کی جڑوں کے لیے نمی نہ رہے۔
بُلہری (مؤنث) گانْو کے بُلاہر کی اُجرت
یا حقِ خدمت دیکھو بُلاہر۔

بمیٹھا (مذکر) دیمک کا گھر جو مٹی کے
انبار کی شکل کھیت میں بناتی ہے
بمنھی (مؤنث) سرخ رنگ مٹی کی ؟
ہلکی قسم کی کم زور اراضی۔
بن (مذکر) باڑی۔ کپاس اور کپاس کا کھیت
بنا (مؤنث) وہ کھیت جس میں
جو اور گیہوں کی فصل بوئی
اور کاٹی جا چکی ہو۔
بن بستی (مؤنث) دیکھو بربستی
بن تریا (مذکر) جنگل کا رکھوالا یا
نگہبان۔
بنٹا (مذکر) دیکھو کھرپا فقرہ ۔
بنجر (مؤنث) بانگر۔ بے جوت۔
پرتی۔ ناقابلِ کاشت اراضی
بن جھری }
بن جھوری } وہ اراضی جو خود رو چھوٹی جھاڑی
کی کثرت کی وجہ سے
کاشت کے لائق نہ ہو۔
بن چری (مؤنث) برو۔ جوار کے
پلودے سے ملتی جلتی لمبے
پتے کی جنگلی گھاس جس کو جنگلی ہاتھی

شوق سے کھاتا ہے۔
بَنْدا سیوک (مذکر) وہ قرض دار کاشت کار جو قرضہ اُترنے تک
قرض خواہ کی مزدوری کرنے کا معاہدہ کرے
بَنْدوبست (مذکر) زرعی پیداوار کی تشخیصِ لگان کا عمل یا
انتظام۔
بَنْسواری } (مؤنث) بانس کا بن
بَنْسور
بن کَٹی (مؤنث) جنگل صاف کرکے
کھیتی کرنے کا حق جو کسی معاہدے
کے تحت دیا جائے۔
بن کَر (مذکر) جنگل کی پیداوار کا
محصول جو زمین دار سے سرکار کو
وصول ہو۔
بن کھُرا (مذکر) کپ سینٹا۔ کپاس
کے درخت کی سنٹیاں
(چھڑیں) جس سے کسان معمولی ٹٹیاں
بنالیتے ہیں۔
بن کھنڈ (مذکر) گانو کی اراضی میں
جنگل کا ٹکڑا (قطع) جو
غیر مزروعہ شمار کیا جائے۔
بِنگا (مؤنث) سفید رنگ کی سرسوں۔
بن نِیل (مذکر) جنگلی یا خودرَو نیل
کے پودے یا جھاڑی۔
بَنہر } (مذکر) دیکھو پنہر
بن ہرا
بَنِیل (مؤنث) دیکھو اڑ بَنَد
بوآر (مؤنث) اناج کی بُوائی کا زمانہ
بوآنٹھی (مؤنث) بیج بونے کا نلی دار
ظرف جو ہل کے ساتھ لگا دیا
جاتا ہے۔ تفصیل کے لیے دیکھو مالا
بُوائی (مؤنث) بوتی۔ اناج کا بیج
بونے کا عمل۔ تخم ریزی۔
کہاوت:- کاتک لگے بوائی، اگہن میں بھرے
مُوٹھا کاڑھ مینڈ پہ دھرے
بوجھ بٹائی (مؤنث) بار بٹائی۔
کاشت کار اور زمین دار
کے درمیان اناج کے گٹھوں کی صورت
میں پیداوار کی تقسیم یعنی اناج کی
بالوں کے مٹھے باندھ کر گنتی سے
تقسیم کرلینا۔

بولا (مذکر) قول۔زبانی معاہدہ جو زمین دار
اور کاشت کار کے درمیان ہو۔
بولے دار (مذکر) قول دار زبانی معاہدہ
رکھنے والا کاشت کار۔
بونا (مصدر) بیرنا۔چھٹنا۔چھٹکنا۔تخم ریزی
پیداوار کی زمین میں بیج ڈالنا۔
بونٹ (مذکر) چنے کا ڈوڈا
بونگا (مذکر) بنگا۔ٹیڑھا اور گانٹھ دار سنٹا
(سانٹا) اناج کے درخت کا ڈنٹھل
بونی (مؤنث) بوآر۔باوک۔دیکھو
بوائی (کرنا۔ہونا)
بونیا (مؤنث) چھوٹے دانے کی سفید
جوار۔
بویار (مؤنث) بویر کھیتی کی زمین۔
اناج بونے کی زمین جو ہر قسم
خرابیوں سے پاک ہو۔برخلاف بنجر
۲۔ایسا قطعۂ اراضی جس میں ہمیشہ
کوئی نہ کوئی جنس بوئی جاتی رہے۔
بویر (مؤنث) دیکھو بویار
بویّا (مذکر) بیج بونے والا مزدور
بہنڈ (مؤنث) بارش کے پانی سے
کٹی ہوئی زمین یعنی جس میں جگہ جگہ
مٹی بہ کر گڑھے پڑ گئے ہوں۔
بہنور (مؤنث) دھان کی پود۔
بہینت (مؤنث) وہ اراضی جس پر
ندی نالے یا دریا کا پانی
چڑھ آئے اور اس کی مٹی بہا کرلے
جائے۔
بیار
بیارُوا } (مؤنث) دیکھو بجرا
۲۔دھان کے بیج کا پُھٹاؤ
بیاس (مؤنث) دھنکر (دھن + کر)
بیار۔بیاور۔دھان یا گیہوں
وغیرہ کے بیج کی پھوٹی ہوئی سلائی۔
بیالا (مذکر) بیالیس سیر کا من۔
جو مستاجر کاشت کار سے اناج کی
تول میں لگاتا ہے۔
بیاور (مؤنث) دیکھو بیاس
بنیٹھ
بنیٹ } (مؤنث) دریا کے کنارے
کی ریتلی اور بنجر زمین۔
۲۔زرعی پیداوار میں سرکار کے
حصّے کی مقدار جو تشخیصِ لگان کے

وقت مقرّر کی جائے

بٹھک (مؤنث) دیکھو چُنگی خانہ

بیج بسار } (مؤنث) بیج خریدنے کو
بیجبنت } پیشگی رقم جو زمین دار کاشت کار کو دے۔

بیجرا (مؤنث) دال دار پھٹاؤ۔ چند روز کا پھوٹا ہوا بیج جس کی دالیں نہ گری ہوں۔

بیج گڑا (مذکر) گنّے کی پود لگانے کو کھودا ہوا گڑھا جس میں گنّے کی آنکھ دار پوروبا دی جائے۔

بے جوت (مؤنث) وہ زمین جس میں ہل نہ چل سکے اور کھیتی کے کام کی نہ ہو۔

بے جھڑ (مؤنث) بڑا۔ گجی۔ تین قسم کا ملا جُلا غلّہ جس میں عام طور سے گیہوں، چنا اور جَو برابر مقدار میں شریک ہوتے ہیں۔ کسانوں اور غریبوں کے کھانے کا سستا غلّہ۔

بے چراغ (مذکر) غیر آباد ویران قصبہ جہاں خشک سالی کی وجہ سے کھیتیاں برباد ہوگئی ہوں اور کاشت کار گھر چھوڑ کر چلے گئے ہوں

بیراگ (مذکر) وہ چندہ جو فصل پر کاشت کاروں سے مذہبی اغراض کے لیے جمع کیا جائے۔

بیرانا (مذکر) دیکھو برانا۔

بیساکھ (مذکر) موسمِ گرما کے دوسرے مہینے کا ہندی نام جس میں لُو چلتی ہے۔ دیکھو بارہ ماسا۔

بیسر (مؤنث) اناج کے درختوں کی کٹائی کی اجرت جو سَو پولیوں پر بیس پولی کے حساب سے دی جائے۔ بیس فی صد

بیگہ (مذکر) ۳۶۰۰ مربّع گز زمین کا قطعہ

بیل (مؤنث) ۱۔ کھیت میں کیاریاں بنانے کا ایک خاص قسم کا پھاوڑہ

۲۔ ایسی نباتات جس کا تنا پتلا اور لچک دار ہو اور بغیر سہارے اُوپر نہ چڑھ سکے۔

۳۔ گنّے کے رس کو مسلسل اُبالنے کا عمل جو راب بنانے کے لیے کیا

جائے۔

بیلن / بیلنا (مذکر) دیکھو ہنیگا اور سہاگا

بیہن (مؤنث) دیکھو پنیر

بھابر (مؤنث) ہلکی قسم کی سیاہ مٹّی کی زمین۔

۲۔ کوہِ سوالک کا جنگل جو لمبی گھاس سے ڈھکا رہتا ہے اس گھاس سے ایک قسم کی رسّی بنائی جاتی ہے جو بھابر کے نام سے مشہور ہے۔

بھاجی دار (مذکر) حصّے دار۔ ساجھی (سنسکرت بھاج بمعنی تقسیم کرنا) کاشت کاری اصطلاح میں کھیتی کی پیداوار میں برابر کا حصہ دار مراد لی جاتی ہے۔

بھادوں (مذکر) برسات کے تیسرے مہینے کا ہندی نام۔ دیکھو بارہ ماسا۔

بھاس (مؤنث) دیکھو دھسن

بھاگ (مذکر) دیکھو لگان۔

بھاگنر (مؤنث) بھاگ نر۔ دریائے جمنا کے کناروں میں دریا بر آمد قابلِ کاشت زرخیز قطعۂ اراضیات۔

بھاؤلی (مؤنث) کھیت کی پیداوار کو زمین دار اور کاشت کار کے درمیان حصّہ رسدی تقسیم کرنے کا طریقہ۔

بھائی بانٹ (مؤنث) بھیّا چارہ۔ جاگیر کی آمدنی سے مشترک خاندان کے افراد کو گزارا دینے کا طریقہ۔

بھبرا (مؤنث) دیکھو چکن۔

بھت منّی (مؤنث) دوسائی پیٹر گنّے کی بیرائی یعنی بونے کا طریقۂ کار۔

بھٹیا (مؤنث) ضلع حصار کے علاقے کی زرعی اراضیات جو بھٹّی ریتوں کے قبضے اور کاشت میں ہونے کی وجہ سے بھٹیا کہلاتی اور عرفِ عام میں زمین کی عمدہ قسم سمجھی جاتی ہے۔

بھدمار (مؤنث) گنّے کی کاشت

کے لیے تیار کی ہوئی زمین۔

بھدئی } (مؤنث) وہ جنس جو بھادوں
بھدائی یا } کے مہینے یعنی آخیر برسات
میں بوئی جانے کے قابل
ہو۔

بُھراری رات (مؤنث) صبح کا
جھُٹ پٹا وقت۔
پَو پھٹنے کا وقت جب کسان ہل
لے کر کھیت کو جاتا ہے۔ آخیر جاڑوں
میں اِس وقت گھر سے نکلنا تکلیف
اور بیماری کا باعث سمجھا جاتا ہے۔

کہاوت:۔
ماہ بُھراری، جیٹھ دوپہری، ساون سانجھ کے
کہے کبیر سنو بھائی سادھو یہ تینوں ہتکار

بھرن (مؤنث) بھراؤ مینہ۔ بیچ برسات
کی بارش جو دنوں برابر برستی
رہے اور تری سے زمین خوب نرم
ہو جائے۔ زمین پانی سے بھر جائے

بھرت (مؤنث) ڈانڈ تعزیری ٹیکس۔
تاوان جو کسی واحد شخص یا
جماعت کی طرف سے داخلِ سرکار کیا
جائے۔

بھروا } (مذکر) دیکھو کھلیاں
بھرونی یا }

بھڑبونی (مؤنث) گھنی بُوائی جس میں
بیج برابر برابر ملا ہُوا ڈالا
جائے۔ بھڑوان بُوائی۔

بھسم (مؤنث) (سنسکرت بھسمن
بہ معنی راکھ اور بھس) بہ معنی
دلدل۔ کاشت کاری اصطلاح میں
ایسی کھیتی کو کہتے ہیں جو مینہ کی زیادتی
سے گل جائے۔ (ہونا)

بُھسیار (مذکر) دائیں چلا ہُوا اناج
جس میں بھوسا مِلا ہُوا ہو

بُھسیرا } (مذکر) اناج کی ایسی پَود
بُھسیلا یا } جس میں بالیں کم اور پتّے
زیادہ پیدا ہوں اور تیاری
پر بھوسے کی مقدار زیادہ نکلے۔ اِس
حالت کو پودوں کا روگ کہتے ہیں۔

بھسینڈی (مؤنث) سنسکرت بِس
یا وِش بہ معنی چُبھنا (نوک دار
چیز کا اندر کو گُھسنا) کاشت کاری اصطلاح

میں ایسی نکیلی جڑ کو کہتے ہیں جو سیدھی
زمین میں اُترتی جائے جیسے گاجر مولی
کی جڑ۔

بھموتیا (مؤنث) کاتی کا۔ کاتک کے
کے مہینے میں بوئی ہوئی جُوار
جو شروع جاڑے میں غلّے کے لیے
بوئی جائے۔

بھٹّا (مذکر) بھتّے کا غلط تلفّظ جو
بھات سے مشتق ہے۔ کاشت
کاری اصطلاح میں، ہل والے کو یومیہ
روزینہ یا خوراک جو روزانہ دی جائے

بُھن جیریا / **بُھن جیرا** (مذکر) مکئی کے بُھٹّے
کے اوپر نکلے ہوئے
بال بُھن (بھن) بہ معنی
چوٹی، جیرا، زیرے کا ہندی تلفّظ۔
۲۔ مکئی کے درخت کا پھول جو
طُرّہ کہلاتا ہے۔

بھنڈسالی (مذکر) بھنڈساری۔ وہ
کاشت کار یا مستاجر جو
اناج کا ذخیرہ جمع رکھے۔
۲۔ برتن رکھنے کی کولکی۔

بھنگی (مذکر) ایک قسم کا کیڑا جو گنّے
کی پوند میں پیدا ہو جاتا اور
اس کو برباد کر دیتا ہے۔

بھوڑ (مؤنث) برڈا۔ ریتوا۔ دریا
کے چڑھاؤ کی ریتلی زمین جس
میں پانی اندر جذب ہو جانے کی وجہ
سے ہمیشہ خشک رہتی ہو۔ بانؤ کی خشک
زمین۔

بھوڑ اُڑانی (مذکر) ریت کا متحرک
ٹیلا جو ہوا سے اُڑ کر
ایک جگہ سے دوسری جگہ جا لگے،
ایسے مقام کے قریب کھیتی کرنا نقصان
کا باعث ہوتا ہے۔

بھوڑ ترائی (مؤنث) دریا کے دھارے
کی ریتلی زمین جہاں سے
دریا کا دھارا پلٹ گیا ہو ایسی زمین
میں تری زیادہ ہوتی ہے اور جگہ جگہ
پانی کے جھرے ہوتے ہیں۔

بھوڑ ٹھنڈی (مؤنث) سرد اور خشک ریتلی
زمین جس میں پانی
بہت نیچے ہو اور ناقابلِ کاشت رہے

بھوڑ سوائیا (مؤنث) دیکھو ڈومٹ

بھوڑ ملاونی (مؤنث) دیکھو ڈومٹ

بھوم بھائی (مذکر) ایک ہی اراضی کے دو مالکانہ حق دار ہم وطن

بھوم ہارا (مذکر) کسی زمین پر مشترک قبضہ یا سکونت رکھنے والا

بھومیا (مذکر) کماٹیچی (مالابار) کومٹی (دکھن) وہ کاشت کار جس کو فوجی خدمت کے معاوضے میں اراضی مزروعہ عنایتاً دی گئی ہو۔ فوجی خدمت کی جاگیر رکھنے والا۔ دکھن کے بعض ٹبے شہروں میں لفظِ کماٹن گھر کی خادمہ کے لیے بولا جاتا ہے۔ اور لفظ بھومیا راج پوتانے کی اصطلاح ہے۔ بھوم بمعنی زمین۔

بھومیاوت (مؤنث) مالکانہ حق زمین داری۔

بھوئی (مذکر) گونڈوں کے گانو کا سردار۔

بھونڈا } (مذکر۔ مؤنث) لفظ بھوم
بھونڈی } کا غلط تلفظ۔ گانو کی مختصر

قطعہ اراضی جو دیہی کمینوں کے لیے علیحدہ کردی جائے۔

بھئی وت (مؤنث) گانو کی برادری یا پنچایت۔

بھیتوری (مؤنث) دیکھو بستوری۔ پرجوت یا پرجاوت۔

بھیٹ (مؤنث) پان کی کیاریوں کا تھاولا یا منڈیر کا گھیرا۔

۲۔ پان کی بیل لگانے کو کسی تالاب کے کنارے کی اونچی زمین یا پُشتہ۔

بھیڑ (مؤنث) ازہر کے درختوں کا انبار جو پھلیاں بچانے کو لگایا گیا ہو۔

بھیڑوانس (مؤنث) رات کے وقت خالی کھیت میں بھیڑوں کا گلہ چھوڑ کر زمین کو کھدیانے کا طریقہ۔ بھیڑوں کی کثیر تعداد جو رات بھر کھیت کے قطعے میں ٹھیر کر جگہ جگہ پیشاب اور مینگنی کرتی اور روندتی ہے وہ زمین کے لیے بہت عمدہ کھاد ہوجاتی ہے

بھیسورا (مذکر) بھیس بدلا ہُوا۔ لکڑی وغیرہ کا بناوٹی آدمی جو جنگلی جانوروں کو کھیت میں آتے

[illegible]ین دار کا نذرانہ
جو تہوار یا تقریب کے موقع
پر اُس کو دیا جائے۔

بھیّا چارا (مذکر) دیکھو بھائی بانٹ

پاتھو (مؤنث) دیکھو گُندھیل

پاڑ (مؤنث) کھیت کے رکھوالے کا
مچان جو کھڑی کھیتی کے بیچ میں
بانسوں کا بنالیا جاتا ہے تاکہ رکھوالا
کھیت کے درختوں سے اونچا بیٹھ کر
رکھوالی کرسکے۔

پاڑا (مذکر) چھانٹا۔ کھیت کی پہلی
مرتبہ ہلائی جس سے کٹی ہوئی
کھیتی کی جڑیں صاف اور زمین ہموار
کرنے کا عمل مراد ہوتی ہے (نذکرنا)

پاکھر
پاکھرے } (مؤنث) دیکھو پوتھ

پاکھلی (مؤنث) رُہ کانی۔ کاپو۔
کھیت کی زمین ہموار کرنے
کو ہل میں لگائی ہوئی لکڑی کی سلّی
(موٹا اور بھاری تختہ، سلیپر) لکڑی کا
بھاری گھسّا جیسا گھوڑے کو سدھانے
کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔ دیکھو پیشہ
چابک سواری جلد پنجم
(رُہ کانی۔ رُخانی کا غلط تلفظ۔ بڑھئی کے
ایک اوزار کا نام ہے جس سے لکڑی کی
کوریں چھیل کر صاف اور سطح ہموار
کی جاتی ہے۔)

پالا (مذکر) ٹھروا۔ ٹھرمروا۔ جاڑے
کی سرد اور خشک ہوا جو کھیتی کو
جلادے۔ (پڑنا۔ مارنا۔ لگنا)

کہاوت:-

جو دن پوہ میں پالا پڑے
تو دن جیٹھ نوئیں چلے

پالا ماری کھیتی (مؤنث) وہ کھیتی
جو خشک اور سرد
ہوا کے لگنے سے مُرجھا گئی ہو اور
پھلنے کی اُمّید نہ ہو۔

پالو (مؤنث) ایک فردی۔ وہ کھیت
جس میں صرف ایک
فصل ہو۔ ادنےٰ قسم کی کم لگان زمین

پان دھار (مؤنث) آب پاشی

کی زمین۔نہری یا چاہی۔
پانچا (مذکر) کھلیان اُلٹ پلٹ کرنے کا پنج شاخہ۔
پانچادوئی (مؤنث) کاشت کار اور زمین دار کے درمیان تقسیمِ پیداوار کا ۲/۵ اور ۳/۵ حصّہ رسدی
پانسنا } (مصدر) گنّے کی آنکھ دار
پھانسنا یا } پوروں کو کیاریوں میں دبانا جہاں وہ پھوٹ کر چند روز پرورش پائیں تا کہ کھیت میں منتقل کرنے کے قابل ہو جائیں۔
پانگو (مؤنث) دیکھو کھادر۔پانی کی مار پر کھانے والی زمین۔
پانی کھیت (مذکر) دیکھو پان دھا
پاہ (مؤنث) دیکھو پگ ڈنڈی
پاہی } (مذکر) کاشت کار کا کاشت کار
پاہی یا } یا رعیّت۔وہ کسان جو کاشت کار سے زمین لے کر کھیتی کرے یا اُس کا ساجھی ہو جائے۔
۲۔ دوسرے گانو میں جا کر کاشت کرنے والا کسان (اُڑیسہ)

کہاوت:۔
بگر برا[1] گھے جور[2] ہے مانے تریا کی سیکھ
یہ تینوں رہ جائیں گے پاہی جو بوئے ایکھ
پائی (مؤنث) گھُن کی قسم کا کیڑا جو کوٹھی کے اناج میں پیدا ہو جاتا ہے
پیرا } (مذکر) اناج کی فصل کا بیج
پورا یا } بونا۔دیکھو پیرنا
۲۔بکھری یعنی چھدری بوائی۔
پتای (مؤنث) گنّے کا سر شاخہ یا اُوپر کے پتّے۔
پٹری (مؤنث) پتوئی۔پٹیلا۔پٹرا نہا کھیت کی زمین ہموار کرنے کے ہل کا دوسرا نام۔تفصیل کے لیے دیکھو ہینگا۔
پُتلی گھر (مؤنث) سنسکرت پُترا کا بمعنی کپاس کا بنولا نکالنے کی چرخی۔
پتوتن دینا (مصدر) قرضہ اُترے تک گانو بالقبض رہن رکھنا۔
پتوئی (مؤنث) دیکھو پٹری اور

[1] گھر [2] غیر کا پرایا۔

ہینگنگا

پتیلا } (مذکر) دیکھو پتری اور ہینگا
پٹیلا

پٹاون (مؤنث) آدھ آنہ فی پٹہ پٹواری کا نذرانہ جو وہ بطورِ حقِ خدمت پٹّہ دار سے وصول کرتا ہے۔

پٹ پر } (مؤنث) دریا کے کنارے
پٹ پڑ } کی نو برآمد زمین جو سال بہ سال بڑھتی رہے۔

۲۔ بڑا کھلا میدان جہاں فوج قیام کر سکے۔

پٹ پری (مؤنث) چنے کی پود کے پھولنے کی علامت

۲۔ چنے کی پھولی ہوئی پود

پٹّا (مذکر) زمین کو لگان پر دینے کی دستاویز جس میں زمین دار کا قول و قرار تحریر ہوتا ہے۔ اور کاشت کار کے پاس رہتی ہے۔

پٹّا دوامی (مذکر) اراضی مزروعہ کو ہمیشہ کے لیے لگان پر دے دینے کی تحریر جس کی رُو سے کاشت کار زمین سے بے دخل نہیں کیا جاتا۔ جب تک وہ مقررہ لگان ادا کرتا رہے۔ اور وہ اپنا حق دوسرے کو منتقل کر سکتا ہے

پٹّو (مذکر) دیکھو ناگر (ناگل)

پٹّی (مؤنث) پورے گانو کا کوئی حصّہ

پٹّی دار (مذکر) گانو کی کسی پٹّی کا مالک

پٹّی داری (مؤنث) گانو کی پٹّی رکھنے کا حق جس کا انتظام پٹّی دار خود کرتا اور اپنا سرکاری لگان نمبر دار کے ذریعے ادا کرنے کا ذمّے دار ہوتا ہے خلاف ورزی کی صورت میں سب پٹّی دار لگان کی ادائیگی کے ذمّے دار ہوں گے۔

زمین داری کے اس طریقے کو پٹّی داری مکمّل کہا جاتا ہے۔

دوسری صورت پٹّی داری غیر مکمّل کہلاتی ہے۔ اس میں پٹّی کا کچھ حصّہ علیحدہ علیحدہ ہوتا ہے اور کچھ مشترک۔

ایسی حالت میں سرکاری لگان مشترک حصّے سے ادا کیا جاتا ہے۔

پٹّے دار (مذکر) زمین کے قبضے کا

حق رکھنے والا جو زمین دار کی دی ہوئی سند رکھتا ہو ۔

پٹرونتھا (مذکر) دیکھو پتری اور ہینگا

پٹنی (مؤنث) وہ اراضی یا کھیت جو زمین دار اپنی جاگیر سے ایک مقررہ لگان پر دوامی طور سے دے دے ۔

۲ ۔ درپٹنی ۔ پٹنی دار جو اپنے حق سے اصلی شرائط پر کسی دوسرے کو کچھ چھوٹے حصّے کا مالک بنا دے ۔

۳ ۔ درپٹنی کا چھوٹا حصّہ سہ پٹنی کہلاتا ہے ۔

پٹنی دار (مذکر) دیکھو پٹنی

پٹواری (مذکر) گانو کا نویسندہ ۔ گانو کی اراضیات کا سرکاری کھاتے دار جو گانو کی پیداوار کی کمی بیشی اور جمع و خرچ کا حساب رکھے ۔ اس کے پاس مندرجۂ ذیل سرکاری رجسٹر رہتے ہیں :-

۱ ۔ خسرہ ۲ ۔ جمع بندی ۳ ۔ فصلی ۔ ۴ ۔ فرد باغات ۵ ۔ داخل خارج کھیوٹ ۶ ۔ واصل باقی ۷ ۔ بجھاوٹ ۸ ۔ روزنامچہ ۹ ۔ سیاہا ۱۰ ۔ کھاتہ ۔ ۱۱ ۔ نقشہ جنس واری ۔ ۱۲ ملان خسرہ ۔

پٹوئی (مذکر) زمین دار اور اسامی کے درمیان کام کی تقسیم کا اقرار ۔

پٹیل (مذکر) دیکھو نمبردار

پٹیلا (مذکر) دیکھو پتری اور ہینگا (ہل کی قسم)

پچار (مذکر) ضلع اٹاوہ کی اصطلاح ۔ نشیبی زمین جو دریا یا نہر کے پانی کے رساؤ سے خوب سیراب ہوتی رہے ۔ اس میں بعض حصّے اوسر ہوتے ہیں جس کے وسط میں دلدل پیدا ہو جاتی ہے یا چشمہ نکل آتا ہے جہیں میں چھوٹے نالے یہ نکلتے ہیں ۔

پچ انگڑ (مذکر) پچ انگلا ۔ پچ انگورا ۔ کھٹ پانوڑی ۔ کھلیان کو اُلٹ پلٹ کرنے کی پنج شاخہ چھڑ ۔

پچ انگلا (مذکر) دیکھو پچ انگڑا ۔

پچ انگورا (مذکر) دیکھو پچ انگڑا ۔

پچھار (مؤنث) نشیبی زمین جس میں پانی آکر ٹھیرے ۔

پچھوانسی (مؤنث) دیکھو گنڈھیل

پچھوت (مؤنث) آخر موسم کی بوئی ہوئی کھیتی۔

پچھوڑنا (مصدر) اناج اُڑانا۔ برسانا۔ دانوں سے بھوسے کو جُدا کرنے کا عمل۔

پدھان (مذکر) پردھان۔ گانو کا مُکھیا یا گوجروں کی جماعت کا نمائندہ۔

پدھان چاری (مؤنث) جیٹھونڈا۔ وہ قطعۂ اراضی جو گانو کے چودھری کو کھیتی کے لیے بہ طور معافی (بے لگان) دی گئی ہو

پدھن چری (مؤنث) گانو کے مقدم یا مکھیے کا حقّ وصولِ لگان سرکاری۔

پڑ (مذکر) دیکھو مالا

پرال (مذکر) دھان کا بھوسا۔

پربیدا (مؤنث) چھدری تخم ریزی

پرتاڑ، پتھاڑ (مذکر) دیکھو پہ تا۔

پرتال، پڑتال (مؤنث) کھیت کی پیمائش کی جانچ۔

پرتا، پرتل (مذکر) پیداوار کا تخمینہ۔ قیمت خرید پر نفع کا اوسط۔ (پڑتا)

پرتی، پڑتی (مؤنث) دیکھو پڑتی

پرتھیا، پرتھی (مذکر) پروتھا کا دوسرا تلفّظ۔ ہل کی پھار کی نوک جو مٹّی کھودتی ہو اُس کو گڑاڑی بھی کہتے ہیں۔

پرجا (مذکر) گانو کے کمیرے۔

پرجاوت (مؤنث) کرایہ یا محصولِ اراضی جو کمیروں سے لیا جائے۔ ٹکینا۔

پرچیبی (مؤنث) وہ تختہ جو بونے کے بعد برہوں پر پھیرا جائے۔ تاکہ مٹّی بیج پر پڑ جائے۔

پردھان (مذکر) دیکھو پدھان

پرستو (مذکر) دیکھو کرست۔ ڈنگوارا۔ جیتڑا۔ انگ وارا۔ کھیت کی جُتائی کا ساجھی کسان۔

پرگنہ (مذکر) ضلع کا ایک چھوٹا حصّہ (تحصیل) پرگنے سے چھوٹے کو پٹہ کہتے ہیں۔

پَروا (مؤنث) زردی مائل رنگ کی قابل آب پاشی ہلکی ریتلی زمین۔

پروانہ (مذکر) حکم نامہ جو حاکم کی طرف سے رعیّت کے نام جاری کیا جائے اور اس پر حاکم کی مہر لگی ہوئی ہو۔

پروتا (مذکر) ایسا پلّا، جھولی یا ٹوکرے کی قسم کا ظرف جس سے برسایا جائے۔ دیکھو برسانا۔

پروتھا } (مذکر) پرتھیا کا دوسرا تلفظ
پرتیا } یا دیکھو پرتھیا۔

پرہاری (مؤنث) دیکھو چوہن

پرتیتھ (مؤنث) دیکھو چاہی زمین

پری ہت (مؤنث) دیکھو منٹھیا (ہل)

پڑتی (مؤنث) پرتی پروتی۔ اکارت وہ مزروعہ اراضی جو کچھ عرصے کے لیے بے کار چھوڑ دی جائے تاکہ اُس میں قوّت پیدا ہو۔ خرچ کے مقابلے میں پیداوار کم ہونے کی وجہ سے زمین خالی چھوڑ دی جاتی ہے۔

۲۔ پڑتی جدید۔ وہ اراضی جو ایک دو فصل تک اکارت رکھی جائے۔

۳۔ پڑتی قدیم۔ وہ اراضی جو بہت عرصے سے اکارت ہو اور اُس میں اچھی فصل پیدا ہونے کی اُمّید نہ رہے۔

وہ کھیت جو موسم سرما میں ربیع کی فصل کے بعد سے خالی رہے۔ اور دوسری آنے والی فصلِ ربیع کے لیے اچّھی طرح تیّار کیا جائے۔

پڑتی جدید (مؤنث) دیکھو پڑتی فقرہ ۲

پڑتی قدیم (مؤنث) دیکھو پڑتی فقرہ ۳

پکّا بیگہ (مذکر) حالیہ پیمایش کے حساب سے ۳۰۲۵ مربّع گز یا ⅝ ایکڑ کا ایک قطعۂ اراضی۔

پگھ ڈنڈی } (مؤنث) بٹیا۔ پاپگڈر۔
پگ ڈنڈی } یا کھیت کے اندر یا کنارے کنارے ایک آدمی کے چلنے کا راستہ جو کچّی زمین پر چلنے اور مسلسل استعمال سے پکّا نشان بن جاتا ہے۔

پلاس (مذکر) ایک قسم کا جنگلی پودا جس پر لاکھ کا کیڑا پرورش پاتا ہے۔

پلوتا (مؤنث)، پیلی مٹّی کی زمین جو ریت اور چکنی مٹّی کی ملواں اور قوّت میں اوّل درجے کی ہوتی ہی۔

پلوچ } (مؤنث)، پندی۔ پنڈر۔ وہ کھیت **پالوچ** } جو آنے والی خریف کی فصل پر خالی چھوڑ دیا گیا ہو۔

پلی ہار (مؤنث)، وہ کھیت جو تین سال بونے کے بعد ایک فصل کے لیے خالی چھوڑ دیا جائے۔

پناکال (مذکّر)، بارش کی کثرت سے فصل کی خرابی اور قحط کا ہونا۔

پنتار (مؤنث)، ساڑھی۔ کھود۔ کھیت میں پودوں کی نلائی یعنی اُن کی جڑوں کے پاس کی گھاس نکالنا اور مٹّی پولی کرنا (کرنا)

پُنج (مؤنث) وہ اراضی جس کی آب پاشی آسانی سے نہ ہو سکے

پنج انگلا (مذکر)، دیکھو پنج انگڑ

پن جوترا (مذکّر) نمبردار کا حقِ خدمت جو مال گزاری وصول کرنے پر پانچ فی صد سرکار سے ملے۔

پنچ (مذکّر)، دیہی سبھا کے پانچ نمایندے پنچات کے پانچ رُکن

پنچات } (مؤنث) دیہی سبھا۔ **پنچایت** } گانو والوں کی مجلسِ انتظامی جو عام طور سے پانچ مشہور اور معزز گانو والوں کی انجمن ہوتی ہی جو گانو کے عدالتی اور انتظامی کام انجام دیتی ہی۔

۱۔ گانواں پنچات۔ وہ پنچایت جو صِرف اپنے گانو کی حد تک انتظام کرے۔

۲۔ جوار پنچات۔ قریب قریب کے گانو والوں کی ملی جلی پنچات جس میں اُن گانو کا ایک ایک آدمی شریک ہوتا ہی۔

۳۔ بائیسی پنچات۔ بائیس گانو کے چودھریوں (پنچوں) کی پنچات

۴۔ پنچ مُحال پنچات۔ پانچ قصبات کی مشترکہ پنچات۔ دیکھو مُحال۔

۵۔ چوراسی پنچات۔ چوراسی گانو کے چودھریوں (پنچوں) کی سب سے بڑی پنچات۔

پنچ محال پنچات (مؤنث) دیکھو پنچایت
فقرہ ۲

پنچ نامہ (مذکر) کسی انتظامی یا عدالتی فیصلے کے لیے پنچ اور پنچوں کے فیصلے کے لیے راضی نامہ لکھنا۔
پنچوں کے فیصلے کو قبول کرنے کا تحریری اقرار نامہ جو فریقین کی طرف سے لکھا جائے۔
کہاوت:۔ پنچ پنچ کیجیے کاج
ہارے جیتے نہ آوے لاج

پن چنگورا (مذکر) دیکھو دنتیالا اور ہینگا۔(ہل کی ایک قسم)

پنڈی (مؤنث) پنڈر دیکھو پلوچ (پالوچ)

پنڈھی (مؤنث) ہل کی قسم) دیکھو دنتیالا۔

پنڈر (مذکر) دیکھو پلوچ (پالوچ)

پن مار (مذکر) پانی ماری ہوئی کھیتی یا پانی مارا ہوا کھیت جو بارش یا دوسرے پانی کی کثرت سے خراب ہوگیا ہو۔

پنھر یا پن ہر (مذکر) بن ہر (بنھر) کا دوسرا تلفظ۔ پوئی کاشتکاری اصطلاح میں بن یعنی کپاس کے کھیت سے کپاس چننے والا مزدور۔

پنیر یا پنیری (مؤنث) پود ھاری پیاد۔ بیہن۔ بیج بونے اور پود تیار کرنے کی کیاری جس میں ایسے بیج بوئے جائیں جن کی پود پلٹی یعنی ایک جگہ سے نکال کر دوسری جگہ لگائی جانی ضروری ہو۔
لفظ پود سے پیاد اور بونے سے بیہن کاشت کاری اصطلاح میں بیج بونے کی کیاریوں سے مراد لی جاتی ہے

پنیلا (مذکر) وہ کھیت جس میں پانی کی آل اتنی زیادہ ہو کہ بیج گل جائے
۲۔دلدلی زمین۔

پوتا (مذکر) لفظ پرتا یا پڑتا کا غلط تلفظ۔ کاشت کاری اصطلاح میں پڑتی یا اکالت زمین کا رسمی لگان مراد لی جاتی ہے۔

پوتی (مؤنث) پوتھی کا غلط تلفظ دیکھو پوتھی

پوتھ (مؤنث) پاکھر۔ وہ اراضی جو

کنکریلی ڈھالو اور ٹیلے دار اور اکارت (ناقابلِ زراعت) رہے (پوتھ بمعنی گنگس
پوتھی (مؤنث) پوتی۔ گٹا۔ گٹھیلی۔ (گانٹھ دار) جڑ۔ جیسے آلو۔ اروی لہسن۔ پیاز وغیرہ۔
پوٹیا (مذکر) کٹھیا گیہوں کی ایک قسم کا نام جو کسی قدر گولائی دار ہوتا ہے۔
پوَد (مؤنث) دیکھو برونہی
پودر (مؤنث) دیکھو کچھ ڈنڈی۔
پودھاری (مؤنث) دیکھو پنیری۔
پورُوَسی (مؤنث) بھورے رنگ کی ایک قسم کی زمین جو ربیع کی فصل میں اکارت رہتی ہے۔
پورُودرس (مؤنث) کوں اور سرخ ملی جُلی مٹّی کا کھیت جس میں ربیع کی فصل بہت اچھی ہوتی ہے لیکن خریف کی فصل پانی زیادہ ہونے پر بوئی جاتی ہے۔
پوروگوریا (مؤنث) سرخی مایل رنگت کی مٹّی کا کھیت جس میں ربیع کی فصل آب پاشی سے بوئی جاتی ہے۔
پوروُکہرا (مؤنث) وہ قطعۂ اراضی جس پر سبجی اور رہ کی پتلی تہ جمی ہوئی ہو۔ اس میں دونوں فصلوں کی کھیتی خراب ہوتی ہو۔ زیادہ بارش ہو تو بوئی جاتی ہے۔
پوس } (مذکر) جاڑے کے تیسرے مہینے کا
پوہ } ہندی نام دیکھو بارہ ماسا۔
پورچ (مؤنث) چوتال۔ وہ پڑتی اراضی جس میں کھیتی کرتے چار سال ہوگئے ہوں اور ہر سال بوئی گئی ہو۔
پوتن لوٹی (مؤنث) دیکھو جنگلی اور جنگلی خانہ
پوئی } (مذکر) دیکھو پنھر
پوئی } ۲۔ کلّا۔ گنّے کی پور کی گانٹھ پر پھٹاؤ کا نشان۔ آنکھ
۳۔ قریب چھ انچ اونچا گیہوں کا پودا۔
پوئیا (مذکر) پھوٹے ہوئے بیج کی نئی کونپل یا بیج کا پھٹاؤ۔

پھٹا (مذکر) کھیت میں بیل یا اسی قسم کے دوسرے مویشیوں کے کھر کے نشان جو کھیت کی ہموار سطح میں گڑھا ڈالے۔ (پڑنا)

پہرؤا (مذکر) کھیتی کی رکھوالی کرنے والا۔ نگہبان جو اس پر موجود رہے

پہل (مؤنث) آلو بونے کے لیے تیّار کی ہوئی کیاری۔

پہی (مؤنث) کھلیان۔ ربیع کے اناج کا ڈھیر جو گاہنے کے لیے انبار کیا گیا ہو۔

پیاد (مؤنث) دیکھو پنیر (پنیری)

پیال (مؤنث) پُوآل۔ پیار۔ چاول کے درخت کا بھوسا یا سوکھے پتّے۔

پیداوار (مؤنث) کھیتی کا حاصل جو موسم پر جنس بونے سے حاصل ہو۔ باغ کی پیداوار جو فصل پر پھل پھول کی صورت میں ملے۔

جنگلی پیداوار۔ وہ پیداوار جو جنگل سے حاصل ہو۔ اس میں قسم قسم کی لکڑی۔ شہد۔ لاکھ۔ جنگلی ریشم۔ گوندھ، اور مختلف قسم کی دوسری کارآمد دوائیں جڑی بوٹی شامل ہیں۔

جنگل میں کارآمد لکڑی کے تقریباً ستّر قسم کے درخت ہوتے ہیں جن کے نام کی فہرست "آئین اکبری" میں درج ہے۔

پیرا / پیڑا (مؤنث) دیکھو کھلیان۔

پیرا / پیرگہا (مذکر) تیّار کھلیان یعنی وہ کھلیان جس پر دائیں چل چکی ہو۔ بھوسا ملا ہوا اناج کا انبار۔

کہاوت: پیر گہا جو رکھے پاس
بن برسائے نہ پاوے راس[1]

پیراوتار (مذکر) فقیروں کا مقررہ نذرانہ جو گانو کی مشترکہ آمدنی سے دیا جائے۔

پیر بٹائی (مؤنث) کھلیانی بٹائی۔ جو اُڑان سے پہلے کاشت کار اور زمین دار کے درمیان حصہ رسدی بانٹ لی جائے۔ دیکھو پیرا۔

[1] اصل مال۔

پیرنی (مؤنث) بونی۔ تخم ریزی۔ کھیت میں بیج کی بوائی۔

پیرپا (مذکر) سوئر منڈکی۔ وہ جوار جس کے درخت کا بھٹا سیدھا رہنے کے بجائے زمین کی طرف جھک جائے۔ اِس نقص کی وجہ سے اُس کی تیاری دیر میں ہوتی ہے۔

پیڑی (مؤنث) کھیت کے اندر لگے ہوے درختوں کے پھل پھول کے استعمال کا لگان جو زمین دار کو دیا جائے۔

پیسی / **پسیا** (مؤنث) گیہوں کی ایک عمدہ قسم جو سفید اور نرم ہوتا ہے اس کا آٹا بہت اچھا ہوتا ہے۔ روا بنانے کے کام نہیں آتا۔

پیش کاشت (مؤنث) کھیتی کرنے کا پیشگی لگان۔

پیک (مذکر) رات کے وقت گانو کے گرد پھر کر بستی کی نگرانی کرنے والا چوکی دار۔ جو وقفے وقفے سے رات کو بستی اور گانو کے اطراف پھیرا لگاتا اور ہشیار کرتا رہے۔

پیکاشتی (مذکر) غیر وطنی (پردیسی) کاشت کار جس کو اراضی مزروعہ پر مالکانہ حق حاصل نہ ہو۔ صرف معاہدہ مقررہ کی رُو سے کاشت کرتا رہے۔

پیلیا (مؤنث) وہ کھیت جس کی مٹّی میں ریت کی مقدار کسی قدر زیادہ ہو۔

پینٹھ / **پیٹھ** (مذکر) گانو کا وقتی بازار جو روزانہ کسی وقت یا ہفتے میں ایک مرتبہ ایک مقررہ مقام پر لگے (بھرنا)

پھار / **پھال** (مؤنث) چونچ۔ کوسا۔ ہل کا آہنی پھل یا بھالا جو زمین توڑتا یا نالی کھودتا ہے۔ دیکھو ہل۔

پھ رگڑائی (مؤنث) پھار پٹائی ہل کی پھار کو درست اور تیز کرنے کی لوہار کی اُجرت۔

پھاری (مؤنث) ہل کی پھار کی نوک یا نکیلا سرا۔

پھانڈی (مؤنث) گنّوں کا گٹھا ۔ پھلندے کا اسمِ مصغّر ۔

پھاس } (مؤنث) دھسن ۔ دلدلی زمین
بھاس } یا وہ زمین جس میں کسی چشمے کے پانی کا رساؤ جاری ہے جس کی وجہ سے وہ کیچڑ بن جائے اور کاشت کے قابل نہ ہو ۔

پھاگن (مذکر) بسنت رُت یعنی موسم بہار کے مہینے کا ہندی نام ۔ دیکھو بارہ ماسا ۔

ے برس دِنا کے تین رُت
ساون ۔ سنت ۔ بسنت
ایک دن ایسا ہوئے گا
تریا نہ چاہے گی کنتھ

پھٹاؤ (مذکر) انکر ۔ بیج سے پودے کا نکاس ۔

پھروتی (مؤنث) سرکاری لگان کی بقایا رقم کی ادائی ۔

پھروئی (مؤنث) کھیت کی سطح ہموار کرنے کا ہلکی قسم کا ہل جس میں ایک سپاٹ تختہ زمین برابر کرنے کو لگا ہوتا ہے ۔

پھٹّا (مذکر) پرہاری اور ناگر کے جوڑ میں پھنسی ہوئی چوبی میخ ۔ دیکھو ہل

پھوٹ (مؤنث) ککڑی کی قسم کے ایک پھل کا نام ۔

کہاوت : کھیت میں اُپجے سب کوئی کھائے
گھر میں ہوئے گھر بہ جائے

پھوٹنا (مصدر) اُبنا ۔ پنپنا ۔ اُگنا ۔ جمنا نکسنا ۔ بیج سے پودا نکلنا ۔

پھوکی زمین (مؤنث) پولی زمین ۔ وہ زمین جس کی مٹّی پھولی ہوئی ہو اور ذرا سے دباؤ یا وزن سے نیچے دھسے ایسی زمین میں بیج بہت کم پھوٹتا ہے بلکہ نہیں پھوٹتا ۔ البتّہ جڑیلے پودے خوب جمتے ہیں ۔

تاٹنا (مصدر) ہل چلانے سے قبل کھیت کی گھاس اور جڑیں نکالنا

ترا (مذکر) ترامرا ۔ ایک قسم کے سن کا پودا جس کے بیج کو السی اور ریشے کو کتان کہتے ہیں ۔

ترامرا (مذکر) دیکھو ترا

تراوٹ (مؤنث) پانی کی تری کا اثر۔ دیکھو آل۔

ترائی
تلائی (مؤنث) دیکھو کھادر

ترخ
ترخن (مؤنث) کالی یا چکنی مٹی کی زمین کی پھٹن جو پانی خشک ہو جانے سے پیدا ہوتی ہی۔ یہ کیفیت کھیتی کے لیے نقصان دِہ ہوتی ہی۔

ترمائی (مؤنث) پانی کی سیل جو زمین کے اندر سے اوپر آئے اور بیج کے جمنے کے لیے مفید ہو۔ (آتا)

ترِوائی بروائی (مؤنث) دیکھو کھادر اور بانگر۔ پست و بلند زمین۔
۲۔ پہاڑ کی تلیٹی کی قابلِ کاشت اراضی۔

تری (مؤنث) بیلا۔ کچھار۔ دریا کے دھارے کے دونوں طرف کی اراضیات جو پانی کی نمی کی وجہ سے گھنی جھاڑیوں اور درختوں سے ڈھکی رہے۔

تری ہار (مؤنث) ندی، نالے یا دریا کے دھارے کی زمین جو دھارے کا رُخ بدلنے سے نکل آئی اور قابلِ کاشت ہوگئی ہو ایسی زمین کھیتی کے لیے بہت اچھّی سمجھی جاتی ہی۔

تعلّقہ (مذکر) زرعی اراضیات کا ایک بڑا رقبہ جو ضلع کا ایک حصّہ اور بہت سے گانْو، کھیڑوں کا علاقہ ہوتا ہی۔ سرکاری قبضے میں ہو تو تحصیل اور جاگیر دار کی ملکیت ہو تو تعلقہ کہلاتا ہی جس کو تعلق دار کہتے ہیں۔ (صوبہ اودھ کی اصطلاح)
تعلق دار (مذکر) دیکھو تعلّقہ۔
۲۔ ریاست حیدرآباد میں ضلع کے افسرِ مال کا لقب۔ (کلکٹر)

تقاوی (مؤنث) سرکاری امداد بہ وقتِ ضرورت کاشت کار کو زراعت کے کام کو سدھارنے کے

لیے جنس یا نقدی کی صورت میں بطور
قرض دی اور بہ اقساط وصول کی جائے۔

تکور (مؤنث) ⅓ اور ⅔ کی نسبت سے زمین دار
اور کاشت کار کے درمیان سیر
(خود کاشت اراضی) کی پیداوار کی تقسیم
کا معاہدہ۔

تل (مذکر) ایک قسم کا روغنی تخم۔

تلابی (مؤنث) تلاون۔ تالاب کے
پانی سے سیراب ہونے والی زمین
۲۔ تالاب کے نواح کی اراضیات
جس میں تالاب کے پانی کے رساؤ کا اثر
رہے۔ پانی کے رساؤ کی زیادتی زمین
کو ناقابلِ کاشت بنا دیتی ہے کیوں کہ اس
میں بیج گل جاتا ہے اور ایک قسم کی
کاہی (کنجال)، زمین کی سطح کو ڈھکے رہتی
ہے۔
۳۔ وہ اراضی جس میں تالاب کا پانی
آجائے۔

تلاون (مؤنث) دیکھو تلابی

تل گنج (مذکر) دیکھو کھتی۔

تلہن (مؤنث) روغنی تخم۔ دیکھو جلد
سوم صفحہ ۹۹

تملیک نامہ (مذکر) دیکھو پٹا اور
پٹا دوامی۔ سندِ ملکیت
اراضی جو زمین دار کاشت کار کے حق
میں لکھ دے۔

تن پں (مؤنث) تین مرتبہ ہل چلایا
ہوا کھیت۔

تینی (مذکر) ایک قسم کا جنگلی چاول

تودا (مذکر) ٹیا۔ تھاگ۔ ڈھئی۔
سنسکرت تندا بمعنی مٹی کا
چھوٹا سا اونچا بنایا ہوا ڈھیر
کاشت کاری کی اصطلاح میں کھیت کی
حد کے نشان کو کہتے ہیں جو مٹی کے
ڈھیر یا گمٹی کی شکل بنا ہوا ہو۔

تہ پھارا تین پھار کا ہل دیکھو ہل۔

تیر (مؤنث) دریا کے کنارے کی
ریتلی مٹی جو کھتیری اور کھادر
کے درمیان واقع ہو۔

تیرا (مذکر) کرٹا ٹرا ۔ دریا کا اونچا

کنارا۔ یہ اصطلاح دریائے گومتی کے کنارے کے لیے مخصوص اور مقامی ہے۔

تھاپ (مؤنث) پنچایتی فیصلے کا اطمینان (دینا) یہ اصطلاح لفظ تھپکنا سے بنائی ہوئی معلوم ہوتی ہے۔ جس سے پچکارنا دلاسا اور اطمینان دینا مُراد لی جاتی ہے۔ دکھن کے بعض مقامات پر تھاپ دینا تسکین اور دلاسا دینے یا جھوٹ موٹ سمجھا دینے کے معنوں میں بولا جاتا ہے۔

تھاک
تھوک } (مؤنث) دیکھو تودا

تھالی (مذکر) دیکھو پاہی اور رعیّت

تھانیت (مذکر) ایک مقررہ زیرِ نگرانی جگہ پر رہنے والا چوکی دار۔ لفظ تھان سے تھانہ اور تھانیت بنایا گیا ہے۔

تھر
تھل } (مؤنث) راج پوتانہ اور سندھ کے حدود کا ریگستانی ناقابلِ کاشت علاقہ تھل سنسکرت معنی سُستھلا سیراب نہ ہونے والا دوامی خشک علاقہ۔

تھوک ٹھیلن (مؤنث) پٹّی داری یا بھیّا چارے کی ذیلی تقسیم جو دو یا دو سے زیادہ پٹّیوں میں ہوتی ہے۔

تھوک دار (مذکر) گانو کی دو یا دو سے زیادہ پٹّیوں کا زمین دار۔

ٹاپا
ٹاپڑا } (مؤنث) دیکھو ٹیپڑ

ٹانگی (مؤنث) کسی پھل یا ترکاری کو تھوڑا سا کاٹ کر ٹانگی دیکھنے یعنی اُس کا رنگ اور مزہ معلوم کرنے اور کچّا پکّا پہچاننے کا طریقہ۔ عام طور سے تربوز، خربوزے اور ککڑی پر یہ عمل کیا جاتا اور ٹانگی لگانا کہا جاتا ہے۔

ٹانڈ (مذکر) دیکھو مچان۔

ٹپّا (مذکر) دیکھو تودا۔ کھیت کی حد بندی کا نشان۔

۲۔ محلّہ سربستہ یا وہ قلعہ یا گانو جس میں ایک ہی قبیلے کے لوگ رہتے ہوں۔

۳۔ پرگنے کی تقسیم یعنی پرگنے کا داخلی گانو۔ دیکھو پرگنا۔

ٹپٹر (مذکر) ٹاپا (ٹاپڑ) ٹاپو کا غلط تلفظ
کاشت کاری اصطلاح کھیتوں کے
درمیان ایسی پتھریلی اور اونچی زمین کو
کہتے ہیں جس میں کاشت نہ ہو سکے۔
ٹکا بیڑا (مذکر) تہوار یا کسی تقریب کے
موقع کا نذرانہ جو کاشت کار
زمین دار کو دے۔
اس نذرانے کی کم سے کم مقدار
پان کا ایک بیڑا اور نقدی کا ایک ٹکا
ہوتا ہے اس لیے اصطلاحاً اس نذرانے کا
نام ٹکا بیڑا ہو گیا۔ اگر زمین دار اس
نذرانے کو قبول نہ کرے تو کاشت کار کو
زمین سے علیحدہ کرنے کا ارادہ سمجھا جاتا ہے
ٹکینا (مذکر) دیکھو پرجاوت لفظ پرجا سے
مشتق۔
۲۔ مویشی کے چارے کا محصول
جو پڑتی زمین سے لایا جائے اور کاشت کار
زمین دار کو دے۔
تُمری (مؤنث) سنسکرت تمبا جو عام
تُمری } طور سے تونبا کہلاتا ہے یعنی کدو
لمبا گھیا۔ اس کی ایک قسم گیند کی
شکل ہوتی ہے اُردو میں اُسی کو تونبا
کہتے ہیں۔
ٹُنسڑا (مذکر) گیہوں اور جو کی بال کا
کھُردرا باریک تنکا جو ہر دانے
کے خول کے اوپر ہوتا ہے۔ کھُردرے
پن کی وجہ سے کپڑے پر چمٹ جاتا ہے
ٹُنگی (مؤنث) ٹوکا۔ ٹڈی کا دوسرا
تلفظ۔ کیڑوں کی قسم کا پردار بڑا
کیڑا جو کبھی کبھی اپنے مامن سے کثیر
تعداد میں نکلتا اور کھیتوں پر یورش
کر کے کھڑے کھیتوں کو تباہ اور
برباد کر دیتا ہے جہاں پڑتا ہے لاعلاج
ہوتا ہے۔
۲۔ گنڈا سا۔
ٹوکا (مذکر) پنجاب اور سندھ کے
بعض علاقوں میں ٹڈی کا دوسرا
نام۔
ٹینٹ (مذکر) دیکھو ڈوڈا
ٹھرھرُوا (مذکر) دیکھو پالا مارا کھیت
ٹھروا (مذکر) دیکھو پالا
ٹھینٹا (مذکر) چنے کا ڈوڈا۔ دیکھو

ڈوڑا ۔ اور ڈھینڈا ۔

جاب (مؤنث) لفظ جھاب کا دُوسرا تلفظ ۔ دیکھو جھاب ۔

جھبیا (مذکر) جوانسہ کی جھاڑی کا قطعۂ اراضی ۔ جوانسہ ایک جھاڑی کا نام ہی جو گرمی کی شدّت میں سرسبز ہوتی ہی اس کی جڑیں زمین میں بہت گہری جاتی اور .... پھیلی رہتی ہیں جس زمین میں یہ جھاڑ پیدا ہو جائے وہ کاشت کے قابل نہیں رہتی ۔

جُتیرا (مذکر) ساجھے کی جُتائی یعنی ہل چلائی کا طریقہ جس میں دونوں کاشت کار اپنا اپنا بیل ملا کر جوڑ بناتے اور ہل چلاتے ہیں ۔

جریب (مؤنث) کھیت کی پیمایش کی ایک ناپ جو ۵۵ گز لمبی ہوتی ہی ۔ کچّی پیمایش میں بعض جگہ ۲۲ گز کی بھی ایک جریب لکھی ہی ۔

پیمایش کا پیمانہ اس طرح ہی کہ :-

۳ گز = ا گٹھا

۲۰ گٹھا یا ۵۵ نمبری گز } = ایک جریب

ا مربع جریب = ایک بیگہ

۱۰ مربع جریب یا بیگہ } = ایک ایکڑ

ایک بیگہ میں تقریباً نو من اناج کی پیداوار کا اندازہ کیا جاتا ہی ۔

جڑہن (مؤنث) جڑیتا ۔ چھورا ۔ دھان کی پَود جو کیاری سے کھیت میں منتقل کرنے کے لائق ہو گئی ہو جڑہن کی وجہ تسمیہ جڑ ہی جس سے مُراد ایسی پَود ہوتی ہی جس کی جڑیں اتنی بڑھ گئی ہوں کہ اُکھاڑنے میں اُن کے ٹوٹنے کا اندیشہ نہ ہو ۔

بعض مقامی بولیوں میں گھانی کہتے ہیں یعنی اگہن کے مہینے میں کیاری سے نکال کر کھیت میں لگائی جانے والی پَود ۔

جڑیتا (مذکر) دیکھو جڑہن

جلالی (مذکر) جلالیا ۔ عمدہ قسم کا کٹھیا گیہوں جس کا رنگ سُرخی مائل اور دانہ لمبا ہوتا ہی ۔ جو خاندیس یا

دکھن کے کسی زمین دار یا جاگیر دار کے نام سے موسوم ہو گیا ہی۔

جلالیا (مذکّر) دیکھو جلالی۔ اِس گیہوں کا روا بنایا جاتا ہی۔

جمع (مؤنث) سرکاری لگان یا محصول جو زمین کی آمدنی سے وصول اور ملک کے خزانے میں جمع ہو۔ اِس آمدنی کی مندرجہ ذیل دو قسمیں ہیں۔

۱۔ جمع اصل (لگان) ملک کی آمدنی جو ملک کی ضرورّیات کے لیے محفوظ اور مختص ہو۔

۲۔ جمع دھارا (دھرناچھ۔ گانو خرچ۔ ملبا۔) وہ رقم چندہ جو گانو کے مشترک اخراجات کے لیے سرکاری طور پر گھر اور کھیت پیچھے لیا جائے۔

۳۔ جمع فصل (ابواب)، لگان کے علاوہ دوسرے ذرائع آمدنی مثلاً گھاٹ اُتروائی۔ پہاڑ اور جنگل کی آمدنی وغیرہ

۴۔ جمع سنگین۔ وہ محصول جو لگان کے علاوہ فوجی یا ایسی قسم کی کسی دوسری ضرورت کے لیے لیا جائے

جمع اصل (مؤنث) دیکھو جمع فقرہ ع۱

جمع بندی (مؤنث) زمین کی پیداوار اور آمدنی کی مفصّل سرکاری کھتونی۔

جمع دھارا (مؤنث) دیکھو جمع فقرہ ع۲

جمع سنگین (مؤنث) دیکھو جمع فقرہ ع۳

جمع فصل (مؤنث) دیکھو جمع فقرہ ع۴

جمع گزار (مذکّر) جمع وصول کرکے خزانے میں داخل کرنے والا سرکاری نمائندہ جو زمین دار کی طرف سے کاشت کار سے وصول کرنے کا مجاز ہوتا ہی۔

جموگ دار (مذکر) دیکھو مُستاجر۔

جنڈرا (مذکر) کھیت میں کیاریوں کی مینڈھ بنانے کا پھاوڑے کی قسم کا اوزار۔

جنس (مؤنث) ہر قسم کی زرعی پیداوار غلّہ۔ خوراکی اشیا۔

جنس پھیر (مؤنث) سودھ کار۔ جنس سے جنس کا تبادلہ۔ (کرنا)

جنس پسرنا (مصدر) بوئی ہوئی جنس کا جمنا اور پھوٹ نکلنا۔

جنس گدرانا (مصدر) ہر قسم کی کھیتی کا تیاری پر آنا۔ اناج کی بالوں میں دانوں کا سختانا۔

جنسی بٹائی (مؤنث) کھیتی کی پیداوار کی حصہ داروں اور کارندوں میں حصہ رسدی تقسیم۔ (کرنا)

جنگل بری (مؤنث) وہ اراضی
جنگل بری تعلق } جو جنگل کو کاٹ کر کھیتی کے لیے نکالی گئی ہو۔

جنم کار (مذکر) جنمی کرسن۔ موروثی۔ میراث دار (میراکی) تو تخم کا سرکار سے حاصل شدہ اراضی پر حق مالکانہ رکھنے والا کاشت کار جو براہ راست سرکار کو لگان ادا کرے اور بے دخل نہ کیا جائے۔

جنمی کرسن (مذکر) دیکھو جنم کار۔

جَو (مذکر) گیہوں کی ایک قسم کا اناج جس پر بھوسے کی قسم کا چھلکا منڈھا ہوتا ہے۔
۲۔ دانے کے سرے پر لگا ہوا باریک اور کھردرا تنکا جو گنواری زبان میں ٹنڑا کہلاتا ہے۔

جوالی (مؤنث) جَو ملا ہوا گیہوں۔
۲۔ جَو کا ملا ہوا بھوسا

جوار (مؤنث) ایک قسم کا اناج جس کا دانہ سفید اور مٹر کی طرح گول ہوتا ہے اس کا شمار موٹی قسم کے اناج میں کیا جاتا ہے۔

جوارا (مذکر) جَو یا جوار کے پودے کی شکل کی گھاس یا ہریالی۔
۲۔ چھوٹا کھیت۔ ایک جوڑ بیل کی کھیتی یعنی جو ایک جوڑی بیل سے تیار کی جا سکے۔

جوار پنچات (مؤنث) دیکھو پنچات (پنچایت) فقرہ ۲

جوت (مذکر) دیکھو گنڈھیل (ہل)

جوتیار {(مذکر) دیکھو ہالی
جوتیا

جوتاؤ } (مؤنث) جوتر۔ قابلِ کاشت
جُتاؤ } اراضی یعنی ایسی اراضی جو کھیتی
باڑی کے لائق بنائی جا سکے۔
۲۔ وہ اراضی جس میں کھیتی کی
جاتی ہو۔ آباد
جوتُر (مؤنث) دیکھو جوتاؤ (جُتاؤ)
جوتن (مؤنث) دیکھو جوتنا
جوتنا (مصدر) بیل یا دوسرے
بار برداری کے جانور کو گاڑی میں
جوڑنا (گاڑی یا کسی دوسری چیز کو کھچانے
کے کام پر لگانا) کاشت کاری اصطلاح
میں کھیت میں ہل چلانا اور تخم ریزی
کے لیے اُس کو تیار کرنا مُراد لی جاتی ہے
جس کو وہ اپنی روزمرّہ میں کھیت
جوتنا، زمین جوتنا کہتے ہیں۔
کہاوت:۔ مینڈھ باندھ دس جوتن دے
دس من بیگہ موپے لے
جوتیان (مؤنث) جوٹھان۔ جوڑ۔
دو فصلا کھیت یعنی وہ کھیت
جس میں دو فصلیں بوئی جاتی ہوں۔
جوٹھان (مذکر) دیکھو جوتیان۔

جودھن } (مؤنث) ہل سے بیلوں کو
جوتن } باندھنے کی رسی۔ دیکھو
جوت جلد پنجم۔
جوڑ (مؤنث) دیکھو جوتیاں
۲۔ ایک قسم کا بھاری ہل۔
جوگرا (مؤنث) ہل میں جُوا باندھنے
کی رسّی جو مقامی بولیوں میں
ندھا، نادھی، نریلی اور ہرنادھ بھی
کہتے ہیں۔
نریلی، ناریل کے ریشوں کی بنی ہوئی
ندھا (نادھی) بمعنی رسّی اور ہرنادھ
بیل کی رسّی کو کہتے ہیں۔
جوگنیا (مؤنث) بڑے دانے کی
سُرخی مایل رنگت کی جوار
جوٹمٹرا (مذکر) جَو اور مٹر ملواں
بویا ہوا کھیت۔
۲۔ جَو اور مٹر کا ملواں غلّہ۔
جوُنار } (مذکر) جونی۔ جیونار۔ وہ
جوُنال } کھیت یا قطعۂ اراضی جو
ربیع کی فصل کاٹنے کے
بعد خالی چھوڑ دیا گیا ہو۔ کبھی کبھی

ایکھ کی کاشت کے لیے دو تین فصلوں تک خالی چھوڑی جاتی ہے تاکہ اُس میں قوت آجائے (جونا معنی پُرانا)

جونی (مؤنث) دیکھو جونار (جونال)

جیٹھ (مذکر) گانو کا سرگروہ۔ بڑا آدمی۔ پنچ چودھری (جیٹھ یہ معنی بڑی اور مقدار ہستی مرتبے والا)

۲۔ گرمی کے موسم کے تیسرے مہینے کا ہندی نام جس کے دن سال کے سب دنوں سے زیادہ بڑے ہوتے ہیں اور موسم گرما اپنے انتہا پر ہوتا ہے۔ دیکھو بارہ ماسا

کہاوت:۔ جیٹھ ماس جو بجلی جو دے
بھری بیساکھ کی ٹیسو دھودے
جیٹھ ماس جو تپے نراسا
تو جانو برکھا کی آسا

جیٹھانسی (مؤنث) حق وراثت جو مُورث کے سب سے بڑے لڑکے کو ملے (ہندو قانونِ وراثت)

جیٹھ رعیّت (مذکر) مقدّم سے دوسرے درجے کا گانو کا بڑا شخص کہ دیکھو مقدّم۔

جیٹھو نُدا (مذکر) دیکھو پدھان چاری۔ بغیر لگانِ اراضی جو گانو کے چودھری کو زراعت کے لیے حقِ خدمت کے طور پر دی جائے۔

جیٹھی (مؤنث) وہ جوار جو جیٹھ کے مہینے میں چارے کے لیے بوئی جائے۔ اس کا درخت لمبا اور پتیل ہوتا ہے۔ بُھٹّا بہت کم نکلتا ہے۔

جیل (مؤنث) دو مرتبہ جوتا ہوا کھیت ایک بار جوتا ہوا اک بری۔ تین مرتبہ جوتا ہوا آسی۔ چار دفعہ کا ہل چلایا ہوا چوانس اور پانچ بار کا پھیرا ہُوا پچ بس کہلاتا ہے۔

جیلی / **جھیلی** (مؤنث) دیکھو آکھانی
ام بالی۔ دھنکا کھلیان پٹنے کی پنج شاخہ پھٹر۔
۲۔ نئی زمین توڑنے کا ایک قسم کا بھاری ہل۔

جیونار (مؤنث) دیکھو جوار

جیون برت (مؤنث) دیکھو برت
چھوٹے بیٹے کے گزارے

کے لیے عطا کی ہوئی جاگیر۔

جھاب (مؤنث) جاب۔ دیکھو جھبا جلد اوّل صفحہ ۲۲۳ اور چھینکا جلد پنجم
کھلیان گہوندتے وقت بیل کے منہ پر چڑھانے کی جالی جس کی وجہ سے بیل کھلیان میں منہ نہیں ڈالتا۔

جھابر } (مؤنث) آلی۔ جھاب بھوگی۔
جھاورا } میار۔ نشیبی زمین جو برسات میں تر آب رہے۔ پانی خشک ہونے کے بعد بھی اس کی سطح پر کیچڑ رہتی اور اس لیے صرف موٹی قسم کے پتول کی کاشت کے کام آتی ہے۔

جھانسا (مذکر) کھیت کی پیداوار کی جانچ کیے اور تخمینہ لگائے بغیر لگان مقرر کرنے کا طریقہ، کار (اردو میں جھانسا یعنی دھوکا بولا جاتا ہے۔)

جھانکا (مذکر) دیکھو جھانکی فقرہ ۲

جھانکڑ (مذکر) باپ۔ سوکھی جھاڑی جو کھیت کی باڑ بنانے کے کام آئے۔
۲۔ جھاڑیوں کا جنگل۔

جھانکی (مؤنث) جھانکڑ کا اسم مصغر
جھڑبیری کی پت جھڑ سوکھی جھاڑی
۲۔ چھوٹی جھاڑی کا جنگل۔

جھاور (مؤنث) دیکھو جھابر

جھپکا }
جھپکی } (مذکر) جھپکا پچھکی۔ چلیون اناج یا برسانے یعنی بھوسا ملے ہوئے دانوں کو اوپر اٹھاکر گرانے کے موقع پر ہوا دینے کا پنکھا یا چھاج جس کی جھپک سے بھوسا اڑ کر دانوں سے دور گرتا ہے۔ کپڑے کی چادر کو ہوا میں جھپکا کر بھی یہ عمل کیا جاتا ہے۔

جھٹکواں بوائی (مؤنث) دیکھو بوئی اور بوائی۔ ہاتھ سے
بکھیر کر بیج بونے کا طریقۂ عمل جو خاص قسم کی جنس یا بیری بونے کے لیے کیا جاتا ہے

جھٹکورا }
چھٹکورا } (مذکر) دیکھو چھار

جھرا (مذکر) کنکریلی اور ریتلی زمین جس میں پانی نیچے اتر جائے اور چھوٹے پودوں کی جڑوں کے لیے اوپر کی سطح میں نمی نہ رہے۔ (مصدر جھرنا)

جھڑوی (مؤنث) اناج کی پھلیوں کو جھانکڑوں میں سے جھاڑنے اور اُن کا چھلکا علیحدہ کرنے کی چھڑ۔ خاص کر اڑہر اور ماش کی پھلی

جھری (مؤنث) مُرنڈ۔ جھورا گیہوں کا دانہ جو فصل کی خرابی کی وجہ سے بال کے اندر جُھر کر پتلا رہ جائے۔ مُرنڈ گیہوں جو سوکھے کے روگ سے اصلی حالت کو پہنچنے سے پہلے مُرنڈ ہو جائے (جُھرنا اُردو بمعنی دُبلا ہونا غم سے افسردہ ہونا)

جھڑتی (مؤنث) سلک۔ لگان کے حساب جمع و خرچ کی باقی پٹواری کی اصطلاح میں فرد حساب جمع و خرچ لگان مُراد لی جاتی ہی۔

(لینا) جمع و خرچ کا حساب دیکھنا۔

جھلرا (مؤنث) گھٹیا قسم کے بورے دانے کی جوار جس کا بھٹا چھدرا شاخ در شاخ ہوتا ہی۔

جھلوُر (مؤنث) دیکھو کھادر۔

جھماکا (مذکر) بارش کی تیز بوچھار۔ پانی کا ڈونگڑا۔

جھُمرا (مؤنث) جھنورا۔ گھن دار اور گتھی ہوئی جھاڑیوں کی زمین جن کی جڑوں کے پھیلاؤ سے زمین زراعت کے لیے صاف نہ ہو سکے۔

جھُنڈا (مذکر) مکئی کے درخت کا طرّہ جو بھٹا نکلنے کی علامت ہوتا ہی۔

جھورا (مذکر) دائیں پر اور اس کے اطراف بھوسے کے ساتھ ملے جُلے بکھرے ہوئے اناج کے دانے جو کھلیان اُٹھانے کے بعد گرے پڑے رہ جائیں اور جن کو گانو کے کمیروں کا حق سمجھا جائے۔ (اُردو جھوجرا بمعنی ٹوٹا پھوٹا اور بھورا بھی کہتے ہیں جو محاورے میں جھورا لگنا بولا جاتا ہی)

۲۔ ماش۔ مونگ اور موٹھ کی پھلی اور دانے کا چھلکا جو چارے کے کام آتا ہی۔

جھولا (مذکر) جاڑے کی خنک اور ٹھنڈی ہوا کی تھپیڑ جو کھیتی کو سُکھا دے اور بالوں کو جلا دے (لفظ

چھورے کا دوسرا تلفظ)

جھونگا (مذکر) دیکھو جھانگی۔

جھینگا (مذکر) روئی کے پودے کا کیڑا جو پتّوں کو کھا جاتا ہے۔

چاپ (مؤنث) دیکھو چھانکڑ۔

چاپڑ (مؤنث) پٹھار۔ پتھریلی اور چٹانی زمین۔

چالانی (مذکر) داخلی، خارجی وہ کھیت جو ایک گانو سے متعلق اور دوسرے گانو کے رقبے میں شریک کیا جاتا ہو۔

چانٹی (مؤنث) چٹّی کا غلط تلفظ۔ دیکھو چٹّی۔

چانچر (مؤنث) پڑتی چنچر۔ خالی چھوڑا ہوا یعنی چند سال سے بے کاشت پڑا ہوا کھیت۔

۲۔ایک قسم کی اوسر جس میں چنا یا اور کوئی معمولی جنس بوئی جا سکے۔

چانچری (مؤنث) گُنٹھا گیہوں جَو اور چاول کا وہ دانہ یا ۰۰نے جن پر بال کا غلاف یعنی چھلکا لگا ہوا ہو

چانده (مذکر) کھیتوں کی پیمایش کی اکائی کی علامت جو کسی مرکزی جگہ پر لگائی جائے (لگانا۔ قایم کرنا)

چانڈی } (مؤنث) دیکھو مالا دہل)
چانٹری }

چانگیا (مذکر) دیکھو ہاڑ۔ دہل)

چاوڑی (مؤنث) دیکھو چوپال

چاہچا (مؤنث) جوار کا گھنڈی لگا ہوا دانہ جو سخت قسم کا ہوتا اور بہت دلوں اچھی حالت میں رہتا ہے۔

چاہی (مؤنث) دیکھو پریتھ۔

چاہی توڑ (مؤنث) وہ زمین یا کھیت جو پانی کی نالی سے نیچا اور بلا دقّت آب پاشی کی جا سکے۔

چاہی ڈال (مؤنث) وہ کھیت جو پانی کی نالی سے اونچا ہو اور اس کی آب پاشی کے لیے پانی اوپر چڑھانا پڑے۔

چباون (مؤنث) اناج کا تیاری پر آیا ہوا دانہ جو بھر کر خشکی پر آجائے اور کھانے کے لائق ہو۔

چٹّی (مؤنث) ریت۔ کر۔ ڈنڈ۔

گانو کی صنعتوں پر لگایا ہُوا محصُول جو
صنّاعوں سے لیا جائے ۔
چٹکنا (مصدر) دیکھو چُرکنا ۔
چٹکوریا (مؤنث) دیکھو کھادر
چرچیا (مذکر) ایک قسم کی گھاس جس کا قطرہ لیس دار
ہوتا اور کپڑے کو چمٹ جاتا ہے ۔
چُرکا (مذکر) کُھٹکی ، چُٹکی ، چمٹی دیکھو چُرکنا
چرکنا (مصدر) دیکھو بدھیانا ۔ چٹکنا ۔
تمباکو یا دھان کے پوَدے کے
اوپر کے پُھٹاؤ کو توڑنا تاکہ پودا گھنا ہو
اور اُونچا ہونے کے بجائے نئی شاخیں
نکالے ۔
چری (مؤنث) چرتری ۔ جانوروں کے
کھانے کی جنس جو کاشت سے
حاصل کی جائے ۔
چرتیری (مؤنث) دیکھو چری
چڑیا (مؤنث) ناگر کی مُٹھیا کی کھونٹی ۔
دیکھو ، ہل ۔
چک (مذکر) گانو کی پڑتی اراضی کا کوئی
حصّہ جس کو سرکار گانو کے رقبے
سے خارج کر کے کسی دوسرے شخص کو
سند کے ذریعے کاشت اور آبادی کے
لیے دے کر مالک بنا دے ۔
چکارا (مذکر) چکت ۔ چکوتا ۔ چک پر
قبضہ کرنے کا نذرانہ جو مالک کو
دیا جائے ۔
چکا کیول (مؤنث) کالی مٹّی کی زمین
جو دھوپ میں سخت اور
بارش میں دھسن ہو جائے اور خشک
ہونے پر پھٹے ۔ ایسی زمین میں ہل مشکل
سے چلتا ہے لیکن اناج ہر قسم کا ہوتا ہے
چک بٹ (مؤنث) چک برآری
چک بندی ۔
گانو کی پڑتی اراضی کو جسے مستاجر یا
مالک کاشت میں نہ لا سکے ۔ گانو کے
رقبے سے خارج کر کے آبادی کے
لیے غیر وطنی یا بیرونی شخص کو دینے کا
طریقہ ۔
چک براری (مؤنث) دیکھو
چک بٹ ۔
چک بندی (مؤنث) دیکھو چک بٹ
چکت (مؤنث) دیکھو چکارا ۔

چکٹی (مؤنث) چیکٹ۔ کالی مٹی کی نرم زمین جو ہل اور بیلوں کے پیروں میں چمٹ جائے۔ دلدلی زمین۔

چکڑی (مؤنث) چک کا اسم مصغّر۔

چکّت } (مؤنث) دریا بُرد۔ سیلاب زدہ
چکّٹ } یا وہ قطعۂ اراضی جس کی مٹّی پانی کی رو سے کٹ کر بہ جائے اور جگہ جگہ گڑھے اور نالیاں بنجائیں (چکتّا اُردو بمعنی گڑھے کا نشان۔ گول نشان۔ دانتوں سے کاٹے کا نشان)۔

چکّن (مؤنث) بھبرا۔ بنج مار۔ ایسی زمین جس کی اُوپر کی سطح گاد کی بنی ہو جس میں بیج نہ پھوٹے۔ اس قسم کی مٹّی شمالی ہند اور پنجاب میں ملتانی مٹّی کے نام سے معرُوف ہے۔ (بنج مار قطعۂ اراضی)

چکلا (مذکر) دربار اودھ کی قدیم اصطلاح صوبے کا ایک چھوٹا حصّہ۔ تعلقہ۔ تحصیل۔

چکلے دار (مذکر) چکلے کا ناظم۔ افسرِ مال

چک نامہ (مذکر) چک کے قبضے کی سند۔ دیکھو چک۔

چکنوٹ (مؤنث) کانٹرھ۔ ٹپّار۔ چکنی مٹّی کی زمین جس میں سنگریزہ نہ ہو۔ شمالی ہند میں دو آبے کے علاقے کی زمین جو ہر قسم کی پیداوار کے لیے نہایت اچھی ہوتی ہے۔

چکوتا (مذکر) دیکھو چکارا۔
۲۔ قرضے کی بے باقی۔ واجب الادا رقم کی بالکلّیہ ادائی۔
۳۔ کھیت کے لگان کی شرح۔
۴۔ محصول کرُوڑگیری (محصول درآمد و برآمد) زیرِ رسوم چنگی۔

چکھر } (مذکر) چونکر۔ دلے ہوئے
چکھر } یا چنے یا بعض دوسری دالوں کے چھلکے۔
۲۔ چنے کے پودوں کی جڑیں جو کھیت میں لگی رہ جائیں۔

چکھرائی (مؤنث) کھیت سے جڑیں اور گھانس نکلوانے کی اُجرت

چکھو رنی (مؤنث) کھیت کا کوڑا کرکٹ نکالنے اور صاف

کرنے کا عمل جو بونے سے پہلے تیاری کے طور پر کیا جائے۔

چِلا (مذکر) دھان کا چھلکا۔

چِلَون (مؤنث) اردو لفظ چلمن کا غلط تلفظ۔ کاشت کاروں کی اصطلاح میں سوراخ دار چھاج کو کہتے ہیں جو کھلیان برسانے کے موقع پر ہوا دینے کو استعمال کیا جاتا ہے۔ دیکھو چھینکا۔

چَمبُوا (مؤنث) پہاڑ کے دامن کی ایسی نشیبی زمین جہاں کچھ عرصے برسات کا پانی کھڑا رہے اور موسم بہار میں چاول کی کاشت کے لایق ہو جائے

چنا (مذکر) ایک مشہور اناج۔ اس کی کاشت کے لیے زمین کو زیادہ ہل چلانے کی ضرورت نہیں نوتوڑ زمین میں بودیا جاتا ہے۔

کہاوت:-

راڑ نہ مانے بِنتی جنا نہ مانے جوت
جاٹ نہ جانے گُن کھرا چنا نہ مانے باہ

چِنچَر (مؤنث) دیکھو چانچر۔

چَندِ بچار (مذکر) نخلستان، چوڑ ریگستان یا شوریلی اراضی کے درمیان قابلِ کاشت قطعۂ اراضی جس میں قدرتی چشمہ ہو۔

چَنڈری بٹ (مؤنث) آب پاشی یا پنیری کے لیے کھیت کی چھوٹی چھوٹی چوکور کیاریوں میں بانٹ۔

چَنڈولی (مؤنث) دیکھو مُٹھیا۔

چنڈیلی (مؤنث) امراؤتی۔ علاقۂ برار کی نہایت عمدہ اور اعلے قسم کی روئی۔

چنڈھیلی (مؤنث) دیکھو گُنڈھیل

چُنڈوانا (مصدر) دیکھو کُھٹانا۔

چُنیرا } (مذکر) چنے کا کھیت۔ چنیل
چُنیارا } چنیاور اور امر بھی کہتے ہیں

چنگُورن (مؤنث) دیکھو کُٹا۔

چُنگی (مؤنث) پوُن ٹوٹی تہ بازاری راہ داری۔ زرعی پیداوار کے شہر میں داخلے اور بکنے کا محصول جو صفائی اور انتظامی ضرورت کے لیے لیا جائے۔ چوں کہ یہ محصول ایک آدمی کے اُٹھانے کے لائق بوجھ میں سے

ایک مُٹھی بھر کے لیا جانا دستور پایا
اس لیے کاشت کاروں کی اصطلاح میں
چُنگی نام پڑ گیا۔
۲۔ تیہ کا معاوضہ جو چُنگی داری
کو دیا جائے۔
چُنگی خانہ (مذکر) چُنگی وصول کرنے
کی چوکی چُنگی کے کارندے
کی بیٹھک۔
چنیل (مذکر) دیکھو چنرا
چو (مؤنث) دیکھو بہار۔
چوپال (مؤنث) چاوڑی گانو کا
پنچایتی مکان جس میں گانو کے
معاملات فیصل ہوں پنچایت خانہ
چوپنا (مصدر) ڈول یا ڈوری سے
نہر کا پانی اُچھال کر اونچی زمین پر
پہنچانا۔
چوتال (مؤنث) دیکھو پوچ۔
چوتھ (مؤنث) زمین کی پیداوار کا
چوتھا حصّہ جو بہ طورِ خراج ادا کیا
جائے۔
چودھری (مذکر) گانو کی تجارت پیشہ

برادری اور خصوصاً بنیوں کا سرگروہ
(پنجاب)
چوڑ (مذکر) دیکھو کچھار۔
۲۔ جنگل کے گھنے درختوں کے
جھنڈ میں کوئی کھلا میدان۔
چوراسی پنچات (مؤنث) دیکھو
پنچات
چوس (مؤنث) چار مرتبہ ہل چلایا
ہوا کھیت۔
چوسنگھا (مذکر) دیکھو چوگڈا۔
چوکرات (مؤنث) دیکھو پنچات۔
پنچایتی مقدمے میں رائے
دینے والی چار پنچوں کی ایک مجلس۔
پنچات کے مکھیا، رکن)۔
چوکی (مؤنث) چوکی دار کے بیٹھنے
یا رہنے کی محفوظ جگہ۔ کوٹھری۔
چوگڈا } (مذکر) چومتا۔ چوحدی۔
چوگڈم } یا چوسنگھا، چوکھا۔ (چوکا)۔
چومینڈا۔ چار کھیتوں کی
حدیں ملنے کا مقام یا وہ نشانی جو اُس
چوحدی کو ظاہر کرے۔

چوماسیا (مذکر) وہ ہاکی جو خریف کی فصل یا صرف برسات کے لیے نوکر رکھا جائے۔

چومتا (مذکر) دیکھو چوگڈا۔

چونتالی (مؤنث) گھاس کی ایک قسم جس کے ڈوڈے میں سے ایک چوتھائی ریشہ اور تین چوتھائی بیج نکلتا ہے۔

چونٹ (مؤنث) اوپر چھنٹ۔ بچھوٹ۔ ٹنکٹ۔ مُرکٹ (مُنڈکٹ) تیار کھیتی کی صرف بالیں توڑ لینے کا طریقہ۔ دیکھو اوپر چھنٹ۔

چونچی (مؤنث) گیہوں اور جو کی بال میں ایک جراثیمی بیماری۔ جس سے بال بانجھ ہو جاتی ہے یعنی اس میں دانہ پیدا نہیں ہوتا۔

چوہن (مؤنث) پرتھیا۔ پروتھا۔ پرہاری۔ پرتیتا۔ کرٹاڑی۔ کھونپا۔ ہل کی پھار کی چوبی پشتی جس پر پھار چڑھی رہتی ہے۔ پھار کو چوہبھی کہتے ہیں اور یہی چوہن کی وجہ تسمیہ ہے۔ یہ تلیٹی زمین کی کھدائی میں بڑی مدد دیتی ہے۔

دیکھو ہل۔

چوہی (مؤنث) کھیت کا ایسا کنارا جہاں ہل کی نوک نہ پہنچے۔

چہل / **چہلاری** (مؤنث) ۱۔ چکنی مٹی کی ایسی آلی زمین جو بغیر ہل چلائے بوئی جائے۔
۲۔ آلی زمین جس میں نمی ضرورت سے زیادہ ہو۔ سیلانی۔

چہلا / **چہیل** (مذکر۔ مؤنث) ۱۔ سنسکرت چھیلا بمعنی دلدلی آراضی۔ اردو چہلا بمعنی پانی میں تر بتر۔ ناقابلِ کاشت۔
۲۔ لفظ چیکڑ بمعنی کیچڑ۔ گنواری اصطلاح۔

چیت (مذکر) گرمی کے دوسرے مہینے کا ہندی نام دیکھو بارہ ماسا۔

چیبھر (مؤنث) لفظ چیپ سے۔ ترائی۔ وہ قطعۂ اراضی جس میں پانی دیر سے جذب ہو اور نمی کا اثر زیادہ دنوں تک رہے۔

چپلٹ (مؤنث) دیکھو چکٹی۔

چینا (مذکر) ایک قسم کا اناج جس کو بعض
مقام پر کودوں کہتے ہیں اس کی
کاشت کے لیے بڑی محنت اور سینچائی
کی ضرورت ہوتی ہے۔

کہاوت:۔

چینا ہے مورے جی کا لینا۔ سولہ پانی دینا
اتی اتی کا بیل مرت ہے۔ بالم میرے نگینا
آئیں چڑیاں سب چگ گئیں۔ ہاتھ میں رہ گیا تپیا

۲۔ ایک قسم کی گھاس جو گرمی کے
موسم میں چارے کے لیے بوئی جاتی ہے۔

چھانٹا دینا (مصدر) باجرے کی پَود
کی ہل سے تلائی کرنا یعنی
جڑوں کی گھاس نکالنا۔

چھپکا / **چھپکی** (مذکر) دیکھو جھبکا (جھبکی)

چھپربند (مذکر) کاشت کاروں کی
اصطلاح مراد وطنی کاشت کار
یعنی جو اس گانو کی زمین جوتے وہیں
گھر بنا کر رہے

چھٹاؤ (مذکر) دھان کا چھلکا نکالنے کا
عمل۔

۲۔ اڑاوَنی بھوسے سے اناج کو علیحدہ
کرنے کا عمل۔

چھُٹ گوئیں (مؤنث) کم زور اور
کندھا ڈالو بیلوں کی
جوڑی جو ہل کھینچنے سے جی چھوڑ دے
(وسطِ ہند کی مقامی بولیوں میں گوئیں
ساتھی اور ہم عمر دوست کو کہتے ہیں۔)

چھٹوا / **چھٹوا** (مؤنث) دیکھو بکھیر

چھ کرٹ (مذکر) سیر کی پیداوار میں
زمین دار کا $\frac{1}{4}$ حصہ حقِّ اراضی

چھوچھ (مؤنث) مکئی کے بھٹے کی
دانہ نکلی ہوئی گُلّی۔

چھوڑ (مذکر) اناج کے پودوں کے
ڈنٹھل اور پتّے جو چارے کے
کام آئیں۔ باجرے، جوار کے ٹوٹے
کٹے ڈنٹھل۔

چھوڑنا / **چھولنا** (مصدر) دھان یا بعض
ترکاریوں کی پَود کو کیاری
سے نکال کر کھیت میں

لگانا۔ دیکھو رُوپنا۔
چھولا (مذکر) چنے کا پودا اور ڈوڑا۔
کہاوت:۔ پڑے اولا ٹڑھے چھولا۔
چھولنا (مصدر) دیکھو چھورنا
۲۔ کھیتی کے سوکھے اور زاید پتّے
کاٹ چھانٹ کر نکالنا۔ پودوں کی صفائی
کرنا۔
چھولنی (مؤنث) ایکھ، باجرے اور
جوار کی پود کے سوکھے اور
زاید پتّے کاٹنے کی چھوٹی درانتی
چھیدا (مؤنث) دیکھو سُرسُری۔ دھنورا
چھیمی (مؤنث) حشرات الارض کے
انڈے جو اناج کے پودوں یا
کھیتوں میں پرورش پاکر بچّے نکالتے
اور کھیتی کی بربادی کا باعث ہوتے
ہیں جیسے ٹڈّی۔ کملی وغیرہ کے خول۔
۲۔ ارہر کی پھلی۔
چھینٹ (مؤنث) دیکھو بکھیر۔
چھینٹا (مذکر) کسی ایک جنس کی کھیتی
کے درمیان دوسری جنس کے
بیج کی بکھیر جیسے وہاں میں السی، گیہوں میں
جو یا چنا وغیرہ دینا،
چھینٹنا (مصدر) دیکھو رُپنا اور رُوپنا
چھینوال (مذکر) گنّا بونے کا ایک
خاص قسم کا ہل۔
چھیول (مذکر) دیکھو ڈھاکا۔
جُنُوب (مؤنث) لفظ ابواب کا غلط
تلفظ۔ گانو کے مشترکہ اخراجات
کا محصول جو لگان کے ساتھ گھر یا کھیت
پیچھے لیا جائے جس میں نذرانہ سربراہی
چوکی دارہ۔ خیرات اور پٹواری کے
اخراجات شامل ہوتے ہیں۔
حضور تحصیل (مؤنث) مال گزاری
جس کی وصولی شاہی
دفتر سے متعلق ہو۔
۲۔ وہ باج گزار جاگیر جو راست
تاج سے تعلق رکھے۔
(دربار اودھ کی اصطلاح)
حق بھینٹ (مذکر) عہدہ دارانِ مال
کا شاہی نذرانہ جو
مال گزار ہر فصل پر ادا کرے۔
حق دار (مذکر) دیکھو قدیمی یا موروثی

کاشت کار۔
حقیّت (مؤنث) حق داری، ملکیت۔
کاشت کاری اصطلاح میں زمین
پر مالکانہ قبضہ۔ کسی چیز پر فطری یا قانونی
تصرّف۔
۱۔ حقیّت شِکمی۔ غیر مورُوثی اور موروُثی
۲۔ حقیّت تعلق داری۔ زمین داری
پٹّی داری اور رعیّت۔
حولدار } (مذکّر) اناج کو کھلیان سے
حوالدار } زمین دار کے کوٹھے تک
پہنچانے کی نگرانی کرنے والا۔
زمین دار یا سرکار کا ملازم یا نمایندہ۔
خاکی (مؤنث) وہ قطعۂ اراضی جس کی
کاشت کا دار و مدار بارش پر ہو
اور وہاں آب پاشی کا ذریعہ نہ ہو۔
مُراد ایسی اراضی جو پانی کے دھارے
سے اُونچی یعنی دریا کے چڑھاؤ کی طرف
کی زمین جس میں آل نہ رہے۔ اِس کو
بانگر بھی کہتے ہیں۔
خالصہ (مؤنث) وہ علاقہ جس کا لگان
بک کی ضروریات کے لیے
مخصوص اور سرکار کے قبضے اور ملکیت
میں ہو۔ (لگانی علاقہ)
خام۔ (مذکّر) کاشت کاری اصطلاح
میں وہ کھیت یا زرعی علاقہ جس
کی مال گُزاری بقایا رہنے سے سرکاری
قبضہ اور کاشت میں ہو۔
خام تحصیل (مؤنث) وہ رقم مال گُزاری
(لگان) جو سرکار کے
زیرِ کاشت علاقے سے تا ادائی رقم
بقایا اور واپسی علاقہ وصول ہو۔
خام نکاسی (مؤنث) کسی ملک یا
علاقے کی زرعی اور دیگر
کُل پیداوار۔
خرمن گاہ (مؤنث) دیکھو کھلیان
خریف (مؤنث) دیکھو اساڑھی اور
ساونی۔
خریف ضبطی (مؤنث) خریف کی
فصل کی ذیلی پیداوار از
قسم ترکاری وغیرہ جو تعداد میں تقریباً
پینتالیس قسم کی ہوتی ہے۔
خریف تخم کاری (مؤنث) خریف کی

فصل کی خوراکی پیداوار از قسم غلہ وغیرہ جو تعداد میں تقریباً سولہ قسم کی ہوتی ہے۔

خسرہ (مذکر) گانو کے پٹواری کا کھیت واری رجسٹر جس میں ہر کھیت کی پیمایش لگان قسم زمین، پیداوار اور اُس کاشت کار کا نام جو بندوبست اراضیات اُس پر کاشت کرتا ہو۔

اخسرہ تقسیم جنس۔ پیمایش ضبطی اور کنکوت وغیرہ علیحدہ علیحدہ ذیلی خسرے کہلاتے ہیں۔

خود کاشت (مؤنث) دیکھو سیر۔

خوئید (مؤنث) کچی کھیتی یعنی وہ کھیتی جس میں اناج کے دانے دُودیا ہوں۔

داخل خارج کھیوٹ (مونث) پٹواری کا رجسٹر جس میں کاشت کاروں کے نام اور اُن کی تبدیلی کا عمل باقاعدہ لکھا جاتا ہے

داخلی کھیڑہ (مذکر) وہ کھیڑہ یا گانو جو کسی بڑے قصبے یا موضع کے علاقے یا تحت میں ہو۔

دال (مؤنث) داتو، سنسکرت بمعنی تقسیم کرنا۔ دو پاکھا بیج۔ وہ بیج جس کی گری یا مغز جوڑواں یعنی دو برابر کے ٹکڑوں سے جو اصطلاحِ عام میں دال کہلاتے ہیں مرکب ہو اس کے مقابلے میں ایک دانہ بیج مٹر (مٹروا) کہلاتا ہے۔ دیکھو مٹر۔

دانچہ (مذکر) اڈّا۔ ٹانڈ۔ دیکھو مچان۔ کھیت کے رکھوالے کی کھیت میں بنی ہوئی بیٹھک۔

دانا بندی (مؤنث) کھڑی کھیتی کا بسوے واری تخمینہ لگانے کا طریقہ۔

دان پتّر / **دان پترا** (مذکر) عنایت نامۂ جاگیر، سندِ جاگیر انعام جو مذہبی خدمت کے لیے عطا کی جائے۔

دان پتّردار (مذکر) مذہبی خدمت کے معاوضے کی جاگیر کی سند رکھنے والا۔

دانتی (مؤنث) داسا۔ درانتی۔ دنتولا۔ ہسیا۔ کھیتی کاٹنے کا قوس کی شکل کا دانتوں دار ہتھیار۔ نیپال اور دیگر پہاڑی علاقوں میں داؤ اور

گکری کہلاتا ہے۔

دانسا (مذکر) دیکھو دانتی اور ہسیا۔

داؤدی (مذکر) شمالی ہند میں بہت سفید اور عمدہ قسم کے گیہوں کو کہتے ہیں جس طرح دکھن میں جلالی کہلاتی ہے۔ یہ لفظ یا تو دعوتی کا غلط تلفظ ہے یا کسی جاگیر دار داؤد خاں نامی سے موسوم ہو گیا ہے۔

داون
دوَن } (مؤنث) دیکھو دائیں۔

داہیا
ڈاہیا } (مذکر) وہ کاشت کار جو جنگل کاٹ کر نو توڑ قطعۂ زمین پر کاشت اور قبضہ رکھتا ہو۔

دائیں (مؤنث)، داوَن (دوَن) کھلیان روندنے والے بیلوں کی جوڑیں جو ایک جوے کے اندر جُڑی ہوں۔ مُراد کھلیان روندنے کا عمل۔
۲۔ وہ رسّی جو کھلیان روندنے والے بیلوں کو برابر باندھے اور بیچ کی کڑی سے جوڑے رہے۔ (چلنا) بیلوں کا کھلیاں روندنا۔

کہاوت:۔ مرد کو بھاری لاونی
بَرد کو بھاری دائیں

دبارا (مؤنث) برساتی۔ ندی یا نالے کی زمین جس پر برسات میں پانی پھیل جائے ایسی زمین دو فصلی اور کاشت کے لیے اچھی ہوتی ہے۔

دبہری
دب ہری } (مذکر) دبی ہر۔ بیج کو مٹّی میں دبانے والا ہلکی قسم کا چھوٹا ہل جس میں پھار کی جگہ تختہ لگا ہوتا ہے جو بونے کے بعد کھیت میں پھیرا جاتا ہے۔ جس سے بیج پر مٹّی چڑھ جاتی ہے۔

دخیل کار (مذکر) دیکھو موروثی کاشت کار

دَراِجارہ (مذکر) چھوٹے پیمانے پر انتظام کاشت کاری جو بڑے انتظام کے تحت ہو۔ چھوٹا ٹھیکہ۔ دیکھو اجارہ دار۔

دربندی (مؤنث) فصل کی ہر قسم کی پیداوار کی قیمتوں (شرحِ تبادلہ یا نرخ فروخت جنس)

کا تعین ۔
۲۔فصلی پیداوار کی آمدنی یا محصول
کی فرد ۔
درپٹّنی (مؤنث) دیکھو پٹّنی فقرہ ۲
دُرَبّی (مؤنث) دوریزی کا غلط تلفظ
دیکھو دوریزی ۔
دُرکھی (مؤنث) ایک قسم کا کیڑا جو
نیل کی پود میں پیدا ہوتا اور
اس کو برباد کر دیتا ہے ۔
دریا برآمد (مؤنث) دریا برار۔ دریا
بُنا ۔ وہ قطعۂ اراضی جو دریا
کی مٹی جمنے اور جمع ہونے سے پیدا ہو جائے
کھیتی کے لیے نہایت عمدہ ہوتی ہے ۔
دریا بُرد (مؤنث) دیکھو کٹت
دعوت خوانی (مذکر) داؤدخانی کا
غلط تلفظ۔ دیکھو داؤدی
دلدلی (مؤنث) دیکھو بھاس ۔
دُم بالی (مؤنث) دیکھو جیلی۔
دُمسا (مذکر) وہ بیج جو جڑ زمین میں
چھوڑ کر خود پھٹاؤ کی صورت
میں باہر نکل آئے ۔یعنی زمین کی نمی
سے جڑ بڑھ کر زمین میں اور دانہ نکل کر
اوپر آجائے ۔
دمکا (مذکر) پہاڑی ٹیلا جو مزروعہ
اراضی کے بیچ میں واقع ہو۔
دنتولا
دنتاولی } (مذکر) دیکھو دانتی
دنتوئی (مؤنث) دیکھو ڈنٹھولی
دنتیالا (مذکر) دنتیلا۔ دنیالا۔ دنتاولی۔
پین چنگورا۔ کٹھ پھاتوڑی۔ گدن
لگا۔ گاہن ۔ پندھی ۔ کھیت کی جڑیں
کھودنے اور گھاس صاف کرنے کا
ہل جس کی پھار دانتے دار ہوتی ہے۔
دیکھو ہل ۔
دنتیلا (مذکر) دندیلا ۔ دیکھو دنتیالا۔
دُنیالا (مذکر) دیکھو دنتیلا اور دنتیالا
دوب (مؤنث) باریک پتی کی زمین سے
ملی ملی جال کی طرح پھیلنے والی
ایک قسم کی گھاس ۔ یہ گھاس کئی قسم
کی ہوتی ہے اور کاشت کاروں میں
اس کے مندرجہ ذیل نام مشہور ہیں ۔
پوندا۔ چھتو۔ دھوتری۔ کھوتیا۔ گنڈالی۔ گھردوب
اور بن دوبیا ۔

کہاوت :-

نانک ننھا ہو رہے جیسی ننھی دوب
اور گھانس جل جائیں گے دوب سو کی سو

دوہا (مذکر) دوچس - دوسر - دو مرتبہ
ہل چلایا ہوا کھیت -

دوچس (مذکر) دیکھو دوہا -

دودھا (مذکر) اناج کا نیا بنتا ہوا دانہ
جس میں سفید رس بھرا ہو -

دورسا / **دورس** } (مؤنث) دیکھو دومٹ

دوری (مؤنث) دیکھو گھٹاون

دوریزی (مؤنث) رتون - تمباکو اور
نیل کی ایسی پود جو ایک مرتبہ
کٹنے کے بعد جڑ میں سے دوبارہ پھوٹ کر
بڑھ جائے یعنی ایک پود سے دو فصلیں نکلیں
پانیتوں کی اصطلاح میں دُمریزی کہتے
ہیں اور اردو روزمرہ میں بولا جاتا ہے

دوساہا / **دوسائی** } (مؤنث) دو فصلی وہ اراضی جس میں دو فصلیں پیدا ہوں

دوسر (مذکر) دوہا -

دوفصلی (مؤنث) دیکھو دوساہا

دوگدّا (مذکر) دولیریا - جوار کا درخت
جس کی پھانٹ میں دو شاخیں
اور ہر شاخ میں ایک ایک بھٹا نکلے -

دولیریا (مذکر) دیکھو دوگدّا -

دومٹ (مؤنث) مٹیار - ریتوا -
دورس چکنوٹ - ریت ملی
ہوئی چکنی مٹی کی نرم زمین جو کھیتی کے
لیے نہایت عمدہ ہوتی ہے اور آل کی
زیادتی کی وجہ سے گیہوں بہت اچھا
پیدا ہوتا ہے - اگر ریت کی مقدار ساٹھ
فی صدی یا اس سے زیادہ ہو تو ملونی
اور بانگر کے نام سے موسوم ہوتی ہے -

دہات / **دیہات** } (مذکر) فارسی لفظ دِہ کی جمع - ہندی گانو مراد کسانوں
کی چھوٹی سی بستی جو کھیتوں
کے درمیان بنالی جائے -

دہستر / **دہ تر** } (مؤنث) گانو کے علاقے کی ایسی چراگاہ یا جنگل جس میں
گانو کے مویشی چرنے کے
لیے چھوڑ دیے جائیں جس سے اس
چراگاہ کا گانو کی ملکیت ہونا ثابت ہو

دِہل (مؤنث) دھسن۔ دیکھو۔ بھاس اور دلدلی زمین تاریخ مرأت القطوب کے مصنف نے دہلی کی وجہ تسمیہ دِہل لکھی ہی۔

دہوترا (مذکر) دس فی صد لگان جو پیداوار پر لیا جائے

دہی ریت (مؤنث) دیکھو ابوآب ربا۔ گانو کا دستوری محصول۔

دِیارا (مذکر) دیارنی۔ دھار دھورا۔ ڈیلٹا۔ وہ قطعۂ زمین جو دریا کے پانی کی مٹی جم کر سطح آب سے اونچی اور قابلِ کاشت ہوگئی ہو۔ ایسے قطعات بیس بیس چالیس چالیس میل لمبے اور دو دو میل چوڑے نکل آتے ہیں اور کھیتی کے لیے نہایت عمدہ ہوتے ہیں۔

دیسکھ (مذکر) گانو کا سردار یا سرگروہ

دھارا (مذکر) دیکھو گانو خرچ۔ (دیکھو فصل آب پاشی)

دھار دھورا (مذکر) دیکھو دیارا۔ دریا کے پانی کے عمل سے بنی ہوئی اراضی جو پانی کی دھار سے لگی ہوئی رہے۔ پانی کی رَو سے بنا ہوا قطعۂ اراضی۔

۲۔ وہ دو قطعۂ زمین جو پانی کی دھار سے کٹ کر علیحدہ ہو جائیں اور پانی کی دھار ان کے درمیان حدِ فاصل بن جائے۔

۳۔ دریا برآمد زمین کا لگان۔

دھامن (مؤنث) ایک قسم کی گھاس جو چارے کے لیے بہت عمدہ ہوتی ہی۔

دھان (مذکر) ایک مشہور اناج جس کی حسبِ ذیل قسمیں مشہور ہیں:۔

تِنی۔ ساوَن۔ کودوں۔ پہاری۔ انجنا۔ جنگلی قسم کا دھان۔

جیٹھی۔ ساٹھی۔ کواری۔ انذھی۔ تلوک چند اوسط درجے کا دھان۔

جڑہن۔ لاین۔ اروا۔ عمدہ قسم کا دھان جس کی سب سے مشہور قسمیں ہنسراج کمورا۔ مہسیا۔ لٹرا۔ اور بناسپی۔ (دیاسمتی) ساندھر۔ سہاگ متی۔ ساگر کے علاقے کی مشہور قسم۔ مالتی۔ انتربیل۔ تل سین۔ دلیودھن۔

گھرائیں۔

۲۔ چھلکا چڑھا ہوا چاول۔

دھانس (مؤنث) ہرس اور ناگل کے جوڑ میں پھنسی ہوئی چوبی میخ۔ (دبل)

دھان کھیری (مؤنث) دھان کی کاشت کے لائق چکنی مٹی کی نشیبی زمین جس میں پانی کی ترائی رہے۔

دھانگ (مذکر) اناج کی بالوں کا برجی نما بنایا ہوا انبار (لگانا)

دھاؤ } (مذکر) دیکھو دھسن
دہاؤا }

دھباس (مؤنث) گریا دبستی کے قریب کی زمین جس میں کھاد ڈالی جاتی رہی ہو۔ ہر قسم کی کھیتی کے لیے نہایت عمدہ ہوتی ہے۔

دھپتیا (مذکر) سنسکرت دھآب بہ معنی جانا۔ دوڑ جانا۔ کسانوں کی اصطلاح میں گاؤں سے اتنی دوری جہاں آدمی بغیر دم لیے دوڑتا ہوا چلا جائے۔

¼ حصہ کوس۔

دھراوٹ (مذکر) وہ کھیت جس کی پیداوار کا اندازہ پیمائش کی بجائے تخمینے سے لگایا جائے۔

دُھرکٹ } (مؤنث) پیشگی لگان جو
دھورکٹ } یا جو کاشت کار زمین دار کو جیٹھ یا اساڑھ کے مہینے میں ادا کرے۔

دھرباتر (مؤنث) وہ اراضی جو خیرات یا مذہبی رسوم کے اخراجات کے لیے دی جائے۔

دھرناچھ (مؤنث) دیکھو دھارا۔

دھرور } (مؤنث) دھروھر۔
دھروٹ } یا دھڑوت۔ دھڑوت۔ رقم ضمانت جو ادائی لگان کے اطمینان کو پیشگی جمع کرائی جائے

دھروکی (مؤنث) پیداوار کی آنک یا تخمینہ جو بٹائی کے وقت جھگڑے کی صورت میں کرایا جائے۔

دھروھر (مؤنث) دیکھو دھرور

دھریانا (مصدر) اُسانا۔ برسانا

سُرپَتنا۔ دیکھو اُڑانا اور برسانا۔ اناج کو بھوسے
سے جُدا کرنا۔

دھڑکا (مذکر) دیکھو اچّا۔

دھڑلا (مذکر) بِچکا۔ ڈ ہائی۔ دھڑکا۔ کھٹکا
کھیت سے جنگلی جانوروں کو بھگانے
کا ڈراوا جو شور مچا کر یا کسی چیز کو بجا کر کیا
جائے۔

دھڑوت } (مؤنث) دیکھو دھڑور
دھڑوت } "

دھسن (مؤنث) دہل۔ دہان۔ دہاؤ۔
بھاس۔ دلدلی زمین یا ایسی
پولی زمین جو پانی پڑنے سے نیچے کو
بیٹھے۔ ایسی زمین کھیتی کے لیے مفید نہیں
ہوتی۔

دھن بیاس (مؤنث) دھان کی پود
لگانے کو تیار کیا ہُوا کھیت
(دھنہا)

دھنکُر (مذکر) (دھان + کُر) دھان کا
پھٹاؤ۔

دھن کوڈوا (مؤنث) دھان اور
کودوں بلواں بویا ہُوا
کھیت (دھان اور کودوں ملا ہُوا)

دھن مار (مؤنث) دیکھو جھابر

دھنورا (مذکر) دیکھو سُرسُری۔

دھنہا۔ (مذکر) دیکھو دھن بیاس۔

دھورا (مذکر) دیکھو برا۔

دھورکٹ (مؤنث) دیکھو دُھرکٹ

دھوس } (مذکر) کھیت یا کھیتوں
دھوسا } " کے درمیان ریت کا
ٹیلا۔

دھوکا (مذکر) دیکھو بِچکا۔

دھولا (مؤنث) سفید چھلکے کی ایکھ۔

دھون (چیڑ کے درخت کا گوند) ایک
قِسم کا گوند۔

دھینگا (مذکر) دیکھو چیلی۔

ڈاب (مؤنث) کُوس۔ ایک قسم کی
گھاس۔

ڈابر (مؤنث) دیکھو کھادر۔ پن مار۔
نشیبی زمین جہاں برسات کا پانی
بھر جائے یا دریا کا پانی چڑھ آئے۔

ڈاکر (مذکر) دیکھو روسلی۔

ڈاھر (مذکر) دھمنا۔ دھونا۔ سال کے

درخت کا گوند یا رال۔
ڈانٹ (مؤنث) دیکھو گنڈھیل
ڈانڈ (مؤنث) دیکھو ڈول (ڈولا) کھیت
کی حد کی منڈیر۔ آڑ۔
۲۔ بنجر پتھریلا ٹیلا۔ بھوڑ
ڈبسی (مؤنث) وہ زمین جو پانی کی
چڑھ آنے سے تہ آب رہا کرے
ڈب ہا (ڈبھا) (مذکر) ڈبھا۔ دیکھو بھاس
دلدلی زمین
ڈنٹھولی (مؤنث) ڈنٹھلی۔ وہ کھیت
جس میں فصل کی پیداوار کٹنے
کے بعد پودوں کی جڑوں کے ڈنٹھل لگے
ہوئے ہوں
ڈوڈا (مذکر) آڈ۔ کپاس کا ٹینٹ گھنٹی
اوپر کا خول جس میں روئی بند
رہتی ہے
ڈوراہا (مذکر) راستہ بتانے والا ساتھی
مسافر
ڈول / ڈولا (مذکر) ڈیہا دیجا۔ دیکھو ڈانڈ
ڈبر (مؤنث) دیکھو کھادر

۲۔ غیر آباد گانو۔ زمین غیر مزروعہ
ڈیل (مذکر) ربیع کی فصل کے لیے
تیار کیا ہوا کھیت
ڈیہا (مذکر) دیکھو ڈول
ڈھاکا / ڈھکولا (مذکر) چھیول ڈھاک کا جنگل یا بن
ڈھبوا (مذکر) کھیت کے رکھوالے کا
جھونپڑا۔
ڈھڈا / ڈھڈی (مؤنث) نشیبی زمین۔
ڈھورا / ڈھولا (مذکر) ایک قسم کا کیڑا جو
چنے کے دانے میں سوراخ
کر دیتا ہے
ڈھونڈا / ڈھوڑا (مذکر) وہ کھیتی جس کی
بالیں پودوں کی کسی
بیماری کی وجہ سے بھریں
نہیں یعنی ان میں بیج نہ جمے اور
بالیں بکھر جائیں (ہونا۔ بنا)
(اردو روز مرہ میں لفظ ڈھوڈا
بمعنی ٹوٹا پھوٹا۔ ناکارہ اور خستہ
حال)

کہاوت:۔

بوئے تھے دھان ہوگیں ڈھونڈا

اب کیا کھائے گا ڈھونڈا

ڈھونڈی (مؤنث) دیکھو ڈھینڈا

ڈھئی (مؤنث) ڈھیہ۔ تودا۔ مٹی کا

ڈھوئی یا ڈھیر، جو کھیت یا کسی زمین کی حد ظاہر کرنے کو بطور حدِ فاصل بنا دیا جائے۔

۲۔ تالاب کا مٹی کا پشتہ (ڈھیہا)

(اردو ڈھئی دینا بمعنی اڑ کر بیٹھ جانا یا کسی جگہ رہ پڑنا۔ جگہ سے نہ ٹلنا۔)

ڈھیری (مؤنث) دیکھو بھاس۔ دھسن۔

ڈھیل باس (مذکر) تھونتھی۔

ڈھیلوانس یا ٹھینٹا۔ ڈھونڈی ڈھیری۔ گھیگر۔ گھنٹی

ہندی میں ڈھینڈا ایسے خول یا غلاف کو کہتے ہیں جس میں بیج بنتا اور بڑھتا ہے جو عام طور سے ڈوڈا کہلاتا ہے کاشت کاروں کی اصطلاح میں چنے کے خول کو کہتے ہیں جس کے بڑھنے اور پھولنے کو دانے کی عمدگی خیال کی جاتی ہے۔

× × × × × × × × × × ×

کہاوت:۔

باس نہ بتاس تیرا آنچل کیوں کر ڈولا

پوت نہ بھتار تیرا ڈھینڈا کیوں کر پھولا

ڈھینگر (مذکر) ڈھیر کا غلط تلفظ۔

۲۔ کھیت جھاڑنے کو جھاڑی کی بنائی ہوئی بہاری۔ جھاڑو۔

ذیلی کاشت کار (مذکر) دیکھو شکمی کاشت کار۔

راپر (مؤنث) دیکھو بنجر۔

راپڑ (مؤنث) دیکھو کھاپر۔

راج کال (مذکر) وہ مہنگائی (گرانی) جو حکومت کے طرزِ عمل یا سرکاری ضروریات کی فراہمی سے پیدا ہو۔

راری (مذکر) گراری۔ روڑی کھیت کی زمین ہموار کرنے کا بیلن جو بیل میں لگا کر چلایا جاتا ہے۔ اس لیے اس کو ہل بھی کہتے ہیں۔

راس (مؤنث) فصل کا حاصل۔

کھلیان۔ دھن۔ اصطلاحاً کھیتوں سے لاکر جمع کیا ہوا اناج کا ڈھیر۔

راگڑ (مؤنث) ریگڑ کا غلط تلفظ۔ دیکھو ریگڑ۔

رام بٹائی (مؤنث) زمین دار کاشت کار کے درمیان بیسر کی پیداوار کی مساوی تقسیم۔

رانگڑ (مؤنث) دیکھو ریگڑ۔

رانی (مؤنث) خود رو پودے یا نباتات جن کا بیج زمین میں محفوظ رہتا اور اپنی فصل پر پھوٹ نکلتا ہے۔

رائے رنگا (مذکر) ایک قسم کا بیج یا پھل جو ہندوؤں میں متبرک سمجھا اور روزے میں کھایا جاتا ہے۔

ربیع ضبطی (مؤنث) ربیع کی فصل کی ذیلی پیداوار جو تقریباً پندرہ قسم کی ہوتی ہے جس میں کسم، خربوزہ اور لہسن پیاز بہ طور خاص ہیں۔

ربیع گنج (مؤنث) ربیع کی فصل کی خاص پیداوار جو قریب دس قسم کی ہوتی ہے۔ جس میں گیہوں۔ جو۔ چنا۔ سرسوں اور بعض دالیں خاص ہیں۔

رِتنگر (مؤنث) دریا کی ریت سے پیدا ہوئی دی زمین۔

رتوا (مذکر) تری چھولیس۔ پک بینیا۔ پودوں کی بیماری جو تری کی کثرت سے ہوتی ہے۔ اس سے پودے کا ڈنٹھل اندر سے سرخ اور کھوکھلا ہو جاتا ہے اور پھر پتے اور بالیں سرخ سفوف سے بھر جاتی ہیں۔

رتون (مؤنث) دیکھو دوریزی۔ رتون گنے کی پود کے لیے مخصوص اصطلاح ہے۔

رجسٹر جمع بندی (مذکر) دیکھو جمع بندی پٹواری کا رجسٹر جس میں زمین کی پیداوار، کاشت کار کا نام کھیت مع رقبہ اور لگان کا تفصیلی اندراج ہوتا ہے اس میں نمبردار سے شروع کر کے کاشت کار تک سلسلہ بہ سلسلہ اندراج ہوتے ہیں۔

رسوتنا (مذکر) بارش سے پہلے دھان کی بونی کرنے کا عمل۔

رسومِ پٹواری (مؤنث) پٹواری کا مقررہ اور وجی حق جو کاشت کار یا زمین دار ادا کرتا ہی۔

رعیت (مؤنث) وہ کاشت کار جو کسی گانو کا باشندہ اور اسی گانو کی زمین کاشت کرتا ہو۔ ان کو مختلف ناموں سے موسوم کیا جاتا ہی جن کی حسبِ موقع تشریح کی گئی ہی۔ اُن میں جنجی (وطنی)۔ شکھ باسی۔ پیکاشتی۔ تھالی۔ پاہی۔ شکمی اور جنم کار یہ طور خاص مشہور ہیں۔

رکھوالا (مذکر) بسروا۔ اہیٹا۔ اگوریا۔
رکھواری یا سیہنا۔

کھیتی کا نگہبان چوکی دار جو اس کو جانوروں اور چوروں سے بچانے کے لیے مقرر ہو۔

رکھونت (مؤنث) محفوظ کھیتی جو کسی
رکھیل یا خاص ضرورت کے لیے لگی رکھی جائے اور آخر فصل یا ضرورت کے وقت کاٹی جائے۔

رونپنا (مصدر) دیکھو اٹھانا۔

رہنا یا جیبسنا۔ بیری سے پود نکال کر کھیت میں لگانا۔ دیکھو بیری۔

ریپنا (مصدر) دیکھو رونپنا (اردو) بمعنی نکھارنا، صاف کرنا) بعض بیج پہلے کسی چھوٹی کیاری میں یک جگہ بوئے جاتے ہیں اور پھر اُن کے پودوں کو اُکھیڑ کر دوسری جگہ کھیت وغیرہ میں لگایا جاتا ہی۔ بعض پودوں کی فطرت ہی کہ وہ جب تک بیٹھے نہ جائیں یعنی ایک جگہ سے اُکھڑ کر دوسری جگہ نہ لگائے جائیں وہ بہت کم پھلتے ہیں۔ یہ لفظ دھان کی پود کو بٹھانے کے لیے خاص طور سے بولا جاتا ہی۔

روری (مؤنث) دیکھو رارا۔ اس کو بعض مقامی بولیوں میں سیلن کا ہینگا۔ بیلیا۔ گھیری اور کوٹھو بھی کہتے ہیں۔ تفصیل کے لیے دیکھو ہینگا (ہل)۔

روز نامچہ (مذکر) پٹواری کی فرد جمع و خرچ یومیہ۔

روسلی (مؤنث) روکھر۔ ڈاکر۔ سیوار (سیوال) وہ قطعۂ اراضی جس پر دریا کی رَو آنے سے ریت کی تہ جم گئی ہو اور اس وجہ سے کھیتی کے لائق نہ رہا ہو

رُوکھ (مذکر) ہرے پودے۔ درخت

کہاوت:-

رُوکھ بِنا نہ نگری سوہے
بَن بِرگن نہ کڑیاں
پُوت بِنا نہ ماتا سوہے
لاکھ سونے میں جڑیاں

رُوکھر (مؤنث) دیکھو رُوسلی

رُوکھیا (مذکر) وہ قطعۂ اراضی جس پر درختوں کے جُھنڈ ہوں۔

رُوندھنا (مصدر) دیکھو گاہنا۔

رُہ کانی (مؤنث) رُخانی کا غلط تلفّظ۔ مُراد کھیت کی سطح ہموار کرنے والا تختہ۔ رُخانی بڑھئی کے ایک اوزار کا نام ہی۔ دیکھو جلد اوّل

ریت (مؤنث) دیکھو جنّی

ریتوا (مذکر) دیکھو رُوسلی۔

۲- ایسی زمین جس کی مٹّی میں ریت کی مقدار زیادہ ہو اور پانی جلد جذب ہوکر سطح سے بہت نیچے اُتر آئے۔ اس کو بھوڑ بھی کہتے ہیں۔

ریگڑ (مؤنث) راکر۔ راگڑ۔ کنکریلی خشک زمین جس میں پودے کی جڑیں خراب ہو جائیں۔ ایسی زمین میں بارش کی زیادتی کے موقع پر خریف کا اناج بویا جاتا ہی۔

رینڑا (مذکر) اناج کے پودے میں گابھ کے اُبھار کی علامت یا گابھ جس کے پتّے میں بُھٹّا یا بال بند ہوتی ہی۔ دیکھو جلدِ چہارم

زراعت (مؤنث) کھیتی باڑی یا جنس خوراکی کی پیداوار کا فن۔

ساٹھیا (مذکر) دھان کی ایک ادنےٰ قسم جو مہینے یا ساٹھ دن میں تیار ہو جاتا ہی اور یہی اُس کی وجہ تسمیہ ہی۔

کہاوت:- ساٹھی ہوئے ساٹھ دِنا
جب پانی برسے رات دِنا

سار (مذکر) وہ کھیت جس میں دونوں فصلیں بوئی جاتی ہوں۔

سالی (مؤنث) سال بھر کی خدمت کا معاوضہ جو دونوں فصلوں کے ختم پر کاشت کار یا زمین دار گانو کے کمیروں یعنی لوہار۔ بڑھئی اور کمہا وغیرہ کو اناج بالنقدی ادا کرے۔

سانسلا (مذکر) چھدرا بویا ہوا کھیت۔
۲۔ چھدری بونی جس میں پودے متفرق
اور ایک دوسرے سے علیحدہ علیحدہ ہوں۔
سانکھی (مؤنث) دیکھو پنچگالا پنچگورا
اور جیلی۔
ساون (مذکر) برسات کے دوسرے
مہینے کا ہندی نام دیکھو بارہ ماسا
کہاوت:۔
ساون پُروا بہے :: بھادوں بہے پچھیاون
ہر بیلاں کو بیچ کر :: لڑکن تو جیاؤں
ساونی (مؤنث) خریف۔ ساون میں بوئی
جانے والی جنس۔ ساون کی
کھیتی دیکھو فصل خریف
سائر (مذکر) چنگی۔ سوا۔ سرکاری آمدنی جو
لگان کے علاوہ جنگل کی پیداوار۔
اجارہ داری اور اشیا، درآمد و برآمد کے
محصول سے حاصل ہو۔ جنگل کی پیداوار میں
جلانے کی لکڑی۔ لاکھ ریشم اور شہد اجارہ داری
میں بندگھاٹ اور ماہی گیری اور درآمد و برآمد
میں ملکی پیداوار کے تبادلے کا کر شامل ہے۔
سایا (مذکر) ساعت کسی کام کے ابتدا
کرنے کی مبارک گھڑی۔
سپاٹ (مذکر) سطح ہموار کیا ہوا کھیت
ست انجا (مذکر) اڑا۔ مختلف قسم کا ملا جلا
اناج جو مختلف کھلیانوں کے
بکھرے ہوئے دانے سمیٹ کر ایک جگہ
جمع کرلیا جائے۔ عام طور سے گانوں کے
کمیروں کو دے دیا جاتا ہے۔
سٹکنا (مصدر) مونگ۔ ماش اور ارہر
کی پھلیوں کو چھڑ سے پیٹ کر
دانے نکالنا۔ چھڑنا۔
سیچن (مؤنث) نمک کی کیاریاں بنی ہوئی
زمین جو نمک بننے کو متواتر سینچی
جاتی رہیں۔
سدارتھ برت (مؤنث) بادشاہ کی
طرف سے عطا کی ہوئی
مشروط الخدمت موروثی جاگیر۔
سُدھ کار (مذکر) زمین کا وہ محصول
جو کاشت کرنے پر لیا جائے
غیر مستقل لگان جو زمین کے استعمال پر
لیا جائے۔
سراسری (مؤنث) وہ کھیتی جو بلا تعیّن

لگان کی جائے اور پیداوار پر لگان مقرر ہو۔

سراول (مذکر) سربراہ کار۔ گانو والوں کی مشترکہ ضروریات کا انتظام کرنے والا۔

۲۔ سرکاری عہدہ داروں کے قیام و طعام کے سامان کی فراہمی کا منتظم۔

سراون (مذکر) سُہاگا ستیر۔ میاوی۔ کھیت کے ڈھیلے توڑنے اور زمین ہموار کرنے کا ہل۔ دیکھو ہَل۔

۲۔ دیکھو کھتّی کوٹھی۔

سراہی } (مؤنث) سیر کی کاشت
سیرائی } پر زمین دار کا حق

سرپت (مذکر) ایکھ کے اوپر کے پتے جو چوٹی پر ہوتے ہیں گیہوں اور مکئی اور جوار کے اوپر کے پتے جن میں بھٹّا یا بال نکلتی ہے۔

۲۔ سرکنڈے یا کانس کا ٹکڑہ۔

سرپنچ (مذکر) گانو کی پنچایت کا میر۔ بردھان، مکھیا۔ ماتھو۔ مہتر۔

سرحدّا (مؤنث) وہ جگہ جہاں کئی کھیتوں کی حد ملتی ہو۔

سرخط (مذکر) مالک زمین اور کاشت کار کے درمیان قول و قرار کی تحریر دکرا

سروہی (مذکر) گانو کے مکھیا یا زمین دار کا حق جو فصل پر مقررہ جنس یا رقم کی صورت میں بہ معنی نذرانہ دیا جائے۔

سرنشیکھی (مؤنث) گانو کے سرگروہ کا حقِ وصول مال گزاری یا حقِ اجارہ داری وصولی لگان۔

سُرسُری (مؤنث) چھیدا۔ دھنوہرا۔ اناج کا کیڑا جو گیہوں اور اسی قسم کے دوسرے اناج کو چھیدتا اور مغز کھاتا ہے۔ (لگنا)

سرکن (مؤنث) دیکھو بھاس۔ دلدلی زمین یا ایسی ریتلی زمین جو اوپر کے دباؤ سے نیچے سے سرک جائے۔

سرہینا (مذکر) کھیتی تیار ہونے پر کاشت کار کا اپنے زمین دار کو بطور پہل کچھ اناج اندر چارا نذر دینا جو اس کے حق کے علاوہ مدِ خرچ سمجھا جاتا ہے۔

سفید پوش (مذکر) آسودہ حال کاشت کار جو گانو میں آبرو دار سمجھا جاتا ہو

سُکھ باسی (مذکر) کاشتکار، قدیم، پشتی، دلی کاشتکار جس کے قبضے میں کوئی اراضی مستقلاً زیر کاشت رہی ہو یعنی موروثی کاشت کار۔

سُلاؤ (مذکر) اناج کے دانے میں کیڑے کا بنایا ہوا سوراخ۔ سُلا ہوا اناج گھن کھایا ہوا اناج جس میں سوراخ پڑے ہوں

سلائی (مؤنث) مکئی کے درخت کا کیڑا۔

سُلطانی پنچ (مذکر) گانو کی پنچایت کا سرکاری نمائندہ۔

سما (مذکر) اچھی پیداوار کا زمانہ

۲۔ فضا۔ فصل۔ موسم۔

سمار (مؤنث) دیکھو پن مار۔ سیل مار

سمال (مؤنث) سنبھال کا غلط تلفظ کاشت کاروں کی اصطلاح میں ہل کے جوئے کی میخ جو جوئے کو سہارے رہے، مراد لی جاتی ہے۔

سمرا (مذکر) دیکھو دوجس۔ وہ کھیت جس کے طول اور عرض میں ہل چلایا گیا ہو۔

سمی (مؤنث) دیکھو الا۔ سنبھالی کا غلط تلفظ۔ کاشت کاروں کی اصطلاح میں قیف نما نلوار۔ جو تخم ریزی کے لیے اناج کے دانوں کو جمع رکھے

سندیسیا (مذکر) ہلاہر۔ گانو کی پنچایت کا قاصد۔ پیام بر۔ خبر رساں اطلاع دینے والا۔

سُنڑی (مؤنث) سُرسری کا دوسرا تلفظ۔ دیکھو سُرسُری۔

۲۔ ایک قسم کا کیڑا جو اناج کے دانے کو اندر سے کھا کر کھوکلا کر دیتا ہے۔

سنک لپ / سنکلپ (مؤنث) مذہبی خدمت کے عوض معمولی لگان پر دی ہوئی اراضی۔

سنوارا (مذکر) کھیت میں دوبارہ ہل چلا کر زمین کو پولا اور ہموار کرنے کا عمل۔

سُواتی (مؤنث) بھادوں یعنی شروع جاڑے کی بارش جو ربیع کی فصل کے لیے نہایت مفید ہوتی ہے۔ اس بارش سے گیہوں اور چنا خوب جیتا ہے۔

کہاوت:۔

ایک پان جو برسے سُواتی

کُرمی پہرے سونے کی پاتی

سُوامی (مذکّر) بڑا زمین دار گانو کا

سرگروہ۔

۲۔ پٹیل۔ مقدّم اور نمبردار

سوانا (مذکّر) بیج جو فصل پر سوایا

دینے کے وعدے پر قرض لیا

جائے۔ سوائی۔

۲۔ دھوّرا۔ برا۔ حد۔ احاطہ

گانو کی حد کے کھیت۔ دیکھو دھوّرا

گانو کے رقبے کے اطراف کا سرحدی علاقہ

یا حد کا نشان۔

سوائی (مؤنث) دیکھو سوانا۔

۲۔ غیر مزروعہ اراضی مثلاً سڑک،

مدرسہ وغیرہ جو بندوبست کے وقت

سرکاری لگان سے مستثنےٰ ہو۔

۳۔ زمین کے لگان کا اضافہ

سوئرکھی (مذکّر) جوار کا بھٹا جو اوپر

سے نکیلا اور نیچے سے پھیلا

ہُوا ہو۔

سؤرمُنڈکی (مؤنث) دیکھو پشیریا۔

سوئی (مؤنث) دیکھو کلا۔ کلہا۔

دُمرگنا) بیج کے پُھٹاؤ کی نوک

یا سلائی کا اُلٹ کر گُکڑا جانا یعنی چکرا کر گُھنڈی

بَن جانا جو اُوپر کی مٹی کے پسرٹانے یا

پُھٹاؤ کی راہ میں کنکر وغیرہ کے آجانے

سے ہوتا اور اِس صورت میں اندر ہی

اندر گُھٹ کر خراب ہو جاتا ہے۔

سُہاگا (مذکر) پٹیلا۔ ہیل۔ زمین

ہموار کرنے کا بھاری تختہ

جو ہل میں لگا دیا جاتا ہے اور یہی اُس

ہل کی بھی وجہ تسمیہ ہے۔ یعنی

کھیت کی سطح ہموار کرنے کا ہل تفصیل

کے لیے دیکھو ہنیگا۔

سُہائی (مؤنث) کھیت سے گھاس

اور کٹی ہُوئی فصل کی جڑیں

نکالنے اور صفائی کرنے کا عمل (کرنا)

سہ پٹنی (مؤنث) دیکھو پٹنی فقرہ ۳

سہی (مؤنث) گیہوں کے پودے کا

کیڑا جو بال کو خراب کر دیتا ہے

سہیریا (مؤنث) سہیر رسیل

برسی نمی کا غلط تلفظ۔ کاشت کاروں کی اصطلاح میں ربیع کی فصل کی ایسی کھیتی کو کہتے ہیں جو بغیر آب پاشی صرف زمین کی ریسل سے تیار ہو جائے۔

۲۔ بہت عمدہ آلی زمین

سہیل { (مذکر) دیکھو سُہاگا۔
سُہیل } یا (زمین ہموار کرنے کا ہل)

۲۔ کھیت میں ہل چلانے کی بیگار جو زمین دار اپنے کاشت کار سے رواجاً ایک روز اپنی سیر کے لیے لے۔

سی (مؤنث) کھیت میں ہل سے بنائی ہوئی وہ نالی یا نالیاں جن میں بیج بویا جاتا ہے۔

سیارا (مذکر) سیر۔ سیارہ کا غلط تلفظ۔ کاشت کاروں کی اصطلاح میں وہ تختہ جس کو بونی کے بعد کھیت میں چاروں طرف پھیرا جائے، تاکہ بیج پر مٹی آجائے اور نالیاں پُر ہو جائیں۔

سیاوڑ (مذکر) سیاہ کپڑے کا دھوکا جو جنگلی جانوروں کے بھگانے کو کھیت میں بنا دیا جائے۔

سیاہا (مذکر) رجسٹر اندراجات آمدنی مال گزاری۔

۲۔ خسرہ۔ خام روزنامچہ پیداوار اور لگان۔

سیاہا نویس (مذکر) مال گزاری کی آمدنی کی کھتونی کرنے والا ملازم تحصیل۔

سیت (مؤنث) اردو سیت بمعنی ہتیلی اور تلووں کا پسینہ۔ کاشت کاری اصطلاح میں زمین کی سیل جو سطح سے کسی قدر نیچے کو قایم رہے جس سے پودا نشوونما پاتا رہے۔

۲۔ شروع جاڑے کی اوس جس سے زمین نم ہو جائے اور گیہوں چنے کی پود پرورش پائے۔

سیتواری (مؤنث) دریا کے کنارے کی ایسی زمین جس میں سطح کے نیچے پانی کا اثر رہے دیکھو سیت۔

سیر (مؤنث) دیکھو سیارا۔ لمبا چوڑا تختہ۔ جو ہل میں

لگا کر بونی کے بعد کھیت میں سب طرف بکھیر جائے۔

سیر (مؤنث) زمین دار کی بیج جوت یا خود کاشت اراضی جو بے لگان ہو یا وہ اراضی جس کو زمیں دار بارہ برس تک خود یا اپنے ملازم سے کاشت کراتا رہا ہو۔ بیج جوت یا خود کاشت کو بارہ برس کے بعد سرکاری کاغذات میں سیر لکھا جانے لگتا ہے۔

سیر دار (مذکر) بیج جوت یا خود کاشت اراضیات کا منتظم۔

سیل (مؤنث) دیکھو نالا۔ بیج بونے کا قیف نما ظرف۔ (ہل)

سیلا } (مذکر) اناج کی بالیں جو کٹائی
سِلا } کے بعد کھیت میں گری پڑی رہ جائیں اور بعد میں سمیٹی جائیں۔

۲۔ دیکھو گندھیل۔ ناگل اور ہرس میں جڑی ہوئی چوبی میخ (ہل)

سیلابی (مؤنث) غرقی۔ وہ قطعۂ اراضی جس پر دریا کا پانی چڑھ آیا کرے۔

سینڈھ (مذکر) کُسیا۔ بانڈ اور سنڈے کا گنوارو تلفظ۔ کاشت کاری اصطلاح میں گہری کھود کرنے والا بھاری قسم کا ہل۔

سینک (مؤنث) سنسکرت سنکو بمعنی کانس کے طرے کی سرکی یا سلائی۔

سینگرا } (مذکر) زرعی پیداوار کی
سینگری } پھلی یا پھلیاں جس طرح بال۔ بھٹا۔ اور ڈوڈا کہلاتے ہیں سینگری بھی ویسی ہی ایک اصطلاح ہے جو بعض پھلیوں کے لیے بولی جاتی ہے۔

سینگھاڑی } (مذکر) وہ تالاب جس
سینگھاڑیا } میں سینگھاڑا بویا ہوا ہو۔

سیو (مؤنث) ہلکے ہل سے کھیت کی معمولی کھود جس میں سطح کی مٹی پلٹ جائے۔

سیوار } (مؤنث) دیکھو وسلی
سیوال } بہت زیادہ سیلی ہوئی

زمین جو پانی کی رَو چڑھنے سے ہوگئی ہو اور اس میں ریت بھی آگئی ہو ایسی زمین میں پانی کی ٹھنڈ بیٹھ جانے سے عام کھیتی کے لائق نہیں رہتی۔

سیوُن (مذکر) اناج کے پودوں کا کیڑا جو پودے کے ڈنٹھل میں پیدا ہوتا اور اُس کو اندر سے خراب کر دیتا ہے۔

سیٹھوُن } **سیٹن ہُن** } (مذکر) گیہوں کا دانہ جو پورا نہ بنے اور بال کے اندر سوکھ کر کالا ہو جائے زمین کی کم زوری سے دانے میں نمو کی قوّت نہیں رہتی اور وہ کچّا ہی سوکھ جاتا ہے۔

شادیانہ (مذکر) شادی بیاہ کے موقع کی نذر جو کاشت کار اپنے زمین دار کو نقدی یا غلّے کی صورت میں پیش کرے۔

شاملات (مؤنث) گانو کی مشترکہ اراضی اس میں جنگل، چراگاہ ندی نالے کی زمین اور سڑک وغیرہ شامل ہیں۔

شاملات پٹّی (مؤنث) گانو کی مشترکہ پٹّی۔ دیکھو پٹّی۔

شامی (مذکر) کھیتی کا شریک۔ شاملات کا حصّے دار۔ بعض مقام پر شمالی کہتے ہیں۔

شاہنا } **شاہ ناہ** } (مذکر) دیکھو سہنا

شجرہ (مذکر) دیکھو خسرہ

شُدکار (مذکر) سُدھ کار کا دوسرا تلفظ دیکھو سُدھ کار۔ کاشت کاری اصطلاح میں کھیت کے بجائے کھیتی کی پیداوار پر لگان لینے کا طریقہ جو خالی زمین پر نہ لیا جائے۔

شربتی (مذکر) گیہوں کی ایک عمدہ قسم جس کا دانہ بھورا اور آب دار ہوتا ہے

شرھ لگان (مذکر) شرح لگان کا غلط تلفظ۔

شکمی کاشت کار (مذکر) ذیلی کاشت کار۔

شکمی رعیت۔ شکمی اسامی۔ موروثی کاشتکار

کاشت کار جو باوجود موروثی ہو جانے کے زیادہ لگان دینے والے کے مقابلے میں بے دخل کیا جا سکتا ہو۔ جب کہ اُس کا سوائے کاشت کاری کے دوسرا کوئی حق زمین پر نہ ہو۔

شور (مؤنث) اوسر۔ وہ زمین جس میں نمک یا شورے کا جُز زیادہ ہونے کی وجہ سے کاشت کاری کے لائق نہ ہو

شہنا (مذکر) دیکھو رکھوالا۔ کھیت کے رکھوالے یا چوکی دار کا خطاب جو دل جوئی اور ہمّت افزائی کے لیے ایسے خدمتیوں یا کمیروں کو سفید پوشوں کی طرف سے دیا جاتا ہے۔ جیسے مہتر، بہشتی وغیرہ۔

شیودج (مذکر) بغیر تخم (طریق توالد و تناسل) پانی کے اجزا سے مٹی میں پیدا ہو جانے والے کیڑے۔

صددوئی (مؤنث) لگان کا دو فی صد حقِ قانون گو جو اس کی خدمات کے بدلے دیا جائے (بندوبست ٹوڈرمل)

طرّہ (مذکر) دیکھو جھنڈا۔ مکئی کے درخت کا پھول۔

عقد بندی (مؤنث) زمین دار اور کاشت کار کے درمیان تکمیل معاہدۂ زمین

عمل پٹّہ (مذکر) عملِ دستک۔ عملِ سند وہ سند یا اجازت نامہ جس کی رو سے مُستاجر مالک کی طرف سے گانو میں کاشت کرانے اور لگان وصول کرنے کا مجاز ہو۔

عمل دستک (مذکر) دیکھو عملِ پٹّہ

عمل سند (مذکر) دیکھو عملِ پٹّہ

غرقی (مؤنث) دیکھو سیلابی۔ دھاری۔ وہ زمین جس پر دریا کے دھارے کا پانی آ جایا کرے۔

غیر ممکن (مؤنث) دیکھو بنجر اوسر پٹھار۔ وہ زمین جو کاشت کے لائق نہ بنائی جا سکے۔

فالیز (مؤنث) خربوزہ، تربوز اور ککڑی وغیرہ کی کھیتی فارسی لفظ پالیز کا اُردو تلفظ۔

فرد باغات (مؤنث) پٹواری کا رجسٹر جس میں میوے دار درختوں کے کھیتوں کا اندراج ہوتا ہے یا وہ قطعۂ اراضیات جس پر باغ لگے ہوں۔

فصلانہ (مذکر) گانو کے کمیروں کا حقِ خدمت جو ہر فصل کے ختم پر یعنی شش ماہی دیا جائے۔

فصل خریف (مؤنث) دیکھو اساڑھی شروع برسات میں بوئی اور خزاں میں کاٹی جانے والی فصل

فصل ربیع (مؤنث) دیکھو کواری شروع جاڑے میں بوئی اور بہار میں کاٹی جانے والی فصل۔ تفصیل کے لیے دیکھو ضبطِ ربیع اور ضبطِ خریف۔

فصلی رجسٹر (مذکر) پٹواری کا رجسٹر جس میں فصل کی کل پیداوار درج کی جاتی ہے۔

فوتہ (مذکر) لغوی معنی تھیلی۔ کاشت کاروں کی اصطلاح میں محاصلِ لگان یا رقم لگان جو سرکاری خزانے میں جمع ہو مراد لی جاتی ہے۔

قبولیت (مؤنث) تحریری قول و اقرار جو کاشت کار زمین دار کو پٹے کے بدلے دے یعنی پٹے کی شرائط کی منظوری کا وثیقہ۔

قدیمی رعیت (مؤنث) موروثی (میراثی) کاشت کار۔ جنم کار۔ وہ کاشت کار جو گانو کا چھپر بند (وطنی) اور اپنا کھیت رکھتا ہو۔

قریہ (مذکر) دیکھو کھیڑا۔

قسم وار جمع بندی (مؤنث) گانو کے پٹواری کے رجسٹر میں ہر قسم کی مقامی پیداوار کا علیحدہ علیحدہ تفصیل وار اندراج۔

قصبہ (مذکر) گانو سے بڑی بستی جس میں آبادی کے لحاظ سے روز مرّہ کی ضروریاتِ زندگی کا کاروبار ہوتا ہو۔ عربی میں چھوٹے شہر کو کہتے ہیں۔

قصبہ بے چراغ (مذکر) وہ قصبہ جو کاروبار کے بند ہونے اور آبادی نہ رہنے سے

ویران ہو گیا ہو۔

کاتک (مذکر) جاڑے کے پہلے مہینے کا ہندی نام۔اس مہینے میں بارش ہونے کو کسان کھیتی کے لیے بہت نقصان دہ سمجھتا ہے۔

کہاوت:۔

بھینس جائے کٹڑا بہو آجائے دھی

سماں وہ کلکشن جانیے جو کاتک برسے مینہ

کٹائی (مؤنث) بجھوٹ۔چھولا۔چھولنا لائی۔لہارا۔تیار کھیتی کاٹنے کا عمل۔

کاچھی (مذکر) ترکاریاں بونے والے کسان کو کہتے ہیں۔ اور کنجڑا۔ترکاریوں کا کاروبار کرنے والا مراد لیا جاتا ہے۔

کاشت کار (مذکر) کسان۔مزارع کھیتی باڑی کرنے والا مزدور کاروبار کی مدت اور نوعیت کے اعتبار سے کاشت کار کے مختلف عرف زمین داروں میں مشہور ہیں جیسے ذخیل کار موروثی۔شکمی وغیرہ۔

کال (مذکر) قحط۔پیداوار کی خرابی۔ فصل کا بگاڑ جو کم یابی جنسِ خوراک کا سبب ہو۔اس کے چار بڑے سبب ہوتے ہیں۔کثرتِ بارش۔قلتِ بارش بے وقت بارش اور پودا کھانے والے کیڑوں کی کثرت ان میں ایک راج کال بھی کہلاتا ہے۔(پڑنا)

کہاوت:۔ چیت جو نو دن بجلی ہوئے

تا دیش کال ہلاہل ہوئے

کالا بنجر (مذکر) وہ قطعۂ اراضی جو پہاڑی علاقوں میں کچھ عرصہ بلا کاشت چھوڑ دی جائے تاکہ زمین کی قوت بحال ہو۔

کانپ (مؤنث) زمین کی سطح پر پانی کی گاد کی جمی ہوئی پیپڑی جو بیج کے پھٹاؤ کو روک دے۔یہ صورت پانی کی رو سے ہو جاتی ہے اور بوئے ہوئے کھیت کو نقصان پہنچاتی ہے۔کیوں کہ بیج کا

پھٹاؤ اِس کی تہ کے نیچے مُڑک جاتا ہے: دیکھو سوئی مُڑکنا۔

کامل (مؤنث) ترائی۔دِہتر۔جھبل چکنی مٹّی کی بغیر ریت ملی نشیبی اور ڈھالو زمین۔گنّے اور گیہوں کی کاشت کے لیے نہایت عُمدہ ہوتی ہے۔اِس زمین کو آب پاشی کی ضرورت نہیں ہوتی اور اس کے کنُوئیں کا پانی بہت اچھّا ہوتا ہے۔بستی سے قریب کا ایسا قطعۂ اراضی ترائی کہلاتا ہے اور تین قسم کا ہوتا ہے

کان (مذکر) ہل کی کھود کو چوڑا کرنے کے لیے پھار کے اوپر آڑی بندھی ہوئی لکڑی کی چھوٹی کھونٹیاں۔

کانبر (مؤنث) ٹّیار یعنی ایسی زمین جس کی مٹّی میں چونے اور ریت کے اجزا بہت کم یا بالکل نہ ہوں جلد خشک اور سخت ہو جانے والی چکنی مٹّی کی زمین جس میں ہل مشکل سے چلے۔

کانٹی (مؤنث) پھاری۔کچھالی۔ناکی ہل کی پھار کی نوک یا زمین میں دھنسنے والا نکیلا حِصّہ۔

کھیت کے اطراف خار دار جھاڑی کی باڑ۔

کانجی (مؤنث) چاول کی پیچ۔مانڈ۔

کانجی ہَوز (مذکر) ۔کاشت کاروں کی اصطلاح میں کھیتی کو خراب کرنے والے آزاد چھوٹے ہوئے ڈھوروں کے بند کرنے کا سرکاری باڑا جس میں اُن کو قید رکھ کر مالک سے تاوان لیا جاتا ہے

کانسٹرل (مؤنث) وہ زمین جس میں لمبی پتّی کی خودرو گھاس، جو شمالی ہند میں بینڈ کہلاتی ہے، پیدا ہو اور کھیتی کے کام نہ آئے۔

کانڑھ (مذکر) دیکھو چکونٹ۔

کاہنا (مذکر) لفظِ گاہن کا جو ہندی میں گاہنا لکھا اور بولا جاتا ہے، دوسرا تلفظ۔دیکھو گاہن۔

کایر (مذکر) کالی مٹّی کا کھیت۔

کایو (مذکر) دیکھو پاکھلی۔(ہل)

کباڑ (مذکر) کھیت کی گھاس۔جڑیں اور خود رو نباتات وغیرہ جس کو ہل چلانے سے پہلے صاف کرنا پڑے

کبٹری (مؤنث) کھلیان کو اُلٹ پلٹ کرنے کی دوشاخہ چھڑ یا آنکڑے دار لکڑی۔

کبسا (مؤنث) کیسّا۔ سیاہی مائل بھورے رنگ کی مختلف قسم کی مٹّی ملی ہوئی قطعۂ اراضی۔ پیداوار میں دومٹ سے اچھّی سمجھی جاتی ہے۔

کبیسا (مؤنث) ساگ پات اور معمولی قسم کی چھوٹی جڑوالی ترکاریاں بونے کی زمین جو اوپری ہل چلا کر بودی جائیں۔ اس کی گہرائی میں پودے کی جڑ گل جاتی ہے

کپٹا (مذکر) چنگوٗرن چاول کی پود کو خراب کرنے والا ایک قسم کا کیڑا۔

کپسا (مؤنث) کبیسا کی قسم کی زمین جس کے اجزا میں گاد اور کنکر اس طرح ملے جُلے ہوتے ہیں کہ پودا جڑ نہیں پکڑتا۔ دکن میں مُرم کہلاتی ہے

کپ ٹھنٹا دیکھو بن کھرا

۲۔ کپاس کا وہ کھیت جس میں سے کپاس چُن لی گئی ہو اور اُس کے درختوں کے ٹھنڈ لگے ہوئے ہوں۔

کُتالا ۔ (مذکر) کُدال کا غلط تلفظ ۔ کھیت کی نلائی کرنے کا ایک قسم کا کُدال کی وضع کا لمبے پھل کا پھاوڑا۔ اس کا چلن دکھن میں ہے۔ اور اُس سے دوٗب گھاس بھی کھودی جاتی ہے۔

کُتوار / **کٹوارا** (مؤنث) دیکھو کنکوت

کٹ کینا (مذکر) کسی بڑے مَزرع کا ذیلی یا ضمنی مَزرَع یعنی کسی بڑے پیمانے کی کاشت کاری کے تحت ضمنی کاشت کاری۔

کٹ کینے دار (مذکر) ذیلی یا ضمنی کاشت کار۔

کٹنواری (مؤنث) کاٹنے کے لائق تیار کھیتی۔

۲۔ وہ جنگل جو ایندھن یا دوسری ضرورت کے لیے کاٹا جانے والا ہو۔

کٹیل (مؤنث) دیکھو بنجر

کٹھ پھانوری (مؤنث) دیکھو ڈھیالا اور بن چنگورا

کُٹھلا (مذکر) کوٹھی کا اسم مصغّر۔ اناج محفوظ رکھنے کی جگہ۔ دیکھو کوٹھی۔

کہاوت:-

جو ڈھیلے ہوے توڑ مروڑ
تاکو کٹھلا دونگی بھور
جو کرے گا مری کان
تاکا آوے کٹھلا ہان

کٹھیا (مذکر) لال گیا۔ بدھا۔ سخت دانے کا سُرخ رنگت کا گیہوں۔

کُٹھیا (مؤنث) دیکھو کوٹھی۔

کجلی بن (مذکر) اندھیریا جنگل یعنی ایسا گھنا جنگل جس میں درخت شاخ در شاخ ایک دوسرے سے مل گئے ہوں۔

کچّی زمین (مؤنث) وہ پڑتی اراضی جو لگان پر نہ ہو اور ضرورت مند کو عارضی طور پر کرائے پر دے دی جاتی ہو۔

کچھار / **کچار** (مذکر) بروا۔ جھٹ کوریا۔ کھور۔ کلیار۔ کھالار۔ دریا کے کناروں کی اونچی ڈھالواں زمین۔ دریا کی ترائی کی وجہ سے اُس پر گھنی جھاڑی چھوٹے پودے اور درخت پیدا ہو جاتے ہیں جس سے وہ کھیتی کے لائق نہیں رہتی دیکھو بی کونا۔ کنارا یا بغلی پاکھا)

کچھالی (مؤنث) دیکھو کانٹی (ہل)

کچھوارا (مذکر) کاچھیوں کا کھیت جو ہری ترکاریاں بونے کے لیے مخصوص ہوتا ہے۔ باڑی۔

کچھوی کیول (مؤنث) بھرکی۔ ایسی زمین جس میں کھیتی کے لیے پانی کی زیادہ ضرورت ہو۔ پلائی سے نرم اور دونوں فصلوں کے لیے کار آمد ہو جاتی ہے۔

کچھیانہ (مذکر) کاچھیوں یعنی سبزی فروشوں کا محلّہ یا بازار

کُر (مذکر) لفظ کر کا غلط تلفظ۔

کاشت کاروں کی اصطلاح میں مُراد ہل والے کی خاص اُجرت جو کسی پیداوار کی ایک چوتھائی ہوتی ہی۔

کر (مذکر) دیکھو ابواب۔محصوُل ورآمد

کرُا (مذکر) دیکھو کُلّا (کُلہا)

کرُّا (مذکر) کرُّے کا دؤسرا تلفظ۔کُلّا۔ دیکھو کرُا۔

کرُسی نامہ (مذکر) شجرۂ کاشت کاران دیکھو کھیوٹ

کرکٹ (مذکر) سنسکرت کرکُٹا۔ بہ معنی گھاس۔کوڑا۔جو جھاڑؤ دے کر نکالا جائے۔کاشت کاروں کی اصطلاح میں کھلیان کے آس پاس بکھرا ہوا بھؤسا مُراد لیا جاتا ہی۔اُردؤ میں کوڑے کے ساتھ بولا جاتا ہی۔

کرکھیت | (مذکر) کھیتی کے لیے
کرکھیت | تیّار کرکے چھوڑا ہوا کھیت

کرم (مذکر) کھیت کی پیمایش کا ساڑھے پانچ فٹ کا ایک پیمانہ

کرنجوا (مذکر) کنڈوا۔جو یا گیہوں کے بال کی ایک بیماری جس سے دانہ سؤکھ کر سیاہ ہوجاتا، خاک بن جاتاہی۔ اس قسم کی ایک بیماری گنّے کی جڑ میں بھی ہوجاتی ہی جس سے تنا خراب ہوجاتا ہی اور اس کے اندر سیاہ پھپھوند لگ جاتی ہی۔

کرُہل (مذکر) دھان بونے کے لیے تیّار کیا ہُوا کھیت۔
۲۔کالی مٹّی کی زمین۔

کرُہی (مؤنث)، دیکھو کونس۔ارہر کی پھلی۔

کرُہی آ (مؤنث)، گنّے کی بیماری جس میں اس کا تنا خشک اور سیاہ ہوجاتا ہی۔

کریاد (مؤنث)، قریب آباد کا غلط تلفظ۔دیکھو دھباس۔گانْو کے قریب کی ایسی زمین جس میں کھاد زیادہ پڑی ہو۔اور ترکاری۔پوست۔نیل۔ اور تمباکو کی کاشت کے لیے نہایت عمدہ ہو

کریل (مذکر)، ایک قسم کی بے برگ جھاڑی جس کی شاخیں نہایت

سبز اور پھول سُرخ ہوتے
ہیں۔ جوں جوں دھوپ تیز
اور گرمی زیادہ ہوتی ہے خوب
پھلتی ہے۔ اس کی جڑیں زمین
کو خراب کردیتی ہیں۔

× × × × × × × × × × ×

× × × × × × × × × × ×

کڑارا (مذکر) دیکھو تیروا

کُڑاڑی (مؤنث) دیکھو پرتھیا۔

کُڑنا (مصدر) کڑای کرنا۔ نلائی کرنا۔
کھیت کے پودوں کی جڑوں سے
گھاس نکالنا اور مٹّی پولی کرنا۔

کہاوت:۔
تین کیاری تیرہ گوڑ
تب بھرکے اوکھ کی پور

کساری (مذکر) مسور کے دانے کی
شکل چپٹی وضع کا بیج۔
(محدب شکل کا بیج) گول وضع کا مٹر
کہلاتا ہے

کسان (مذکر) کاشت کار۔ مزارع
کھیتی باڑی کرنے والا مزدور

کہاوت:۔
نند آلس کرسان (کسان) کو کھوئے
چار (یار) کو کھوئے ہانسی
گھنا بیاج ساہوکار کو کھوئے
چور کو کھوئے کھانسی

کسّی (مؤنث) کھرپے سے چھوٹا بیج
بونے اور پودوں کی جڑیں نکالنے
کا اوزار۔ دیکھو کھرپا۔

کُسیا (مذکر) دیکھو سینٹو۔ گنّے
کے کھیت میں نالیاں بنانے کا
ایک قسم کا ہل۔
سنسکرت زبان میں کُس نالی (جوں) کو
کہتے ہیں جو دو لکڑیوں کے جوڑ کے لیے
بنائی جائے۔ کاشت کاروں کی اصطلاح
میں کُسیا گہری نالی بنانے والے ہل کا
نام ہوگیا۔

کُکڑی (مؤنث) کندی مکئی کے بھٹّے
کی گُلّی جو پتّے میں لپٹی ہوئی
تنے پر نمودار ہو۔ گیہوں اور جَو کی بال (ہ)
اُبھار۔

کُلتھی (مؤنث) جوار کی قسم کی ساتات

جو چارے کے لیے بوئی جاتی ہے

کلاّ ｝ (مذکر) پھوٹی۔سوئی۔کرا۔کوپا۔بغیر
کُھبا ｝ دان والے اناج کے بیج کا پھٹاؤ۔

جو سوئی کی شکل پھوٹتا ہے

کاشت کاروں میں خصوصاً جوار اور عموماً ہر قسم کے اناج کے پھٹاؤ کو کہتے ہیں (نکلنا پھوٹنا)

کلّر (مؤنث) رؤکھر۔ دیکھو اوسر

کلوائی (مؤنث) پنڈھنی کھیت کی جڑیں صاف کرنے اور زمین ہموار کرنے کا ایک قسم کا بھاری ہل جو دو یا تین بھا کا ہوتا ہے

کلیار (مؤنث) دیکھو کچھار۔

کمانچی (مذکر) دیکھو بھوُمیا۔

کملا (مذکر) ایک قسم کا لمبے روئیں والا کالا کیڑا جو چھوٹے پودوں اور نرم شاخوں کو بڑی تیزی سے کھا کر صفایا کر دیتا ہے۔

کمین چاری (مؤنث) گانوں کے کمیروں کا حق خدمت جو فصل پر ادا کرنا ضروری ہوتا ہے۔

کمینی باج (مذکر) ٹکینہ۔رقم نزول یا اسی قسم کا گانوں کے مشترکہ اخراجات کا معمولی محصول جو گانوں کے صناعوں یا غیر کاشت کار کمیروں سے وصول کیا جائے

کن (مؤنث) بٹائی۔کاشت کار اور زمیں دار کے درمیان کھیت کی پیداوار کی تقسیم کا طریقہ۔

کنال (مذکر) زمین کی پیمایش کے ایک پیمانے کا نام جو ⅛ ایکڑ کے مساوی ہوتا ہے۔ پورے پیمانے کی تقسیم حسب ذیل ہے۔

ایک کرم = ۵ ½ فٹ

ایک مربع کرم = ایک سرساہی

۹ سرساہی = ایک مرلہ

۲۰ مرلہ = ایک کنال

۸ کنال = ایک ایکڑ

کنتا (مؤنث) دریائے جمنا کے کنارے کی ادنیٰ قسم کی زمین۔

کنجاس (مؤنث) دیکھو کھاد۔

کنجڑا (مذکر) دیکھو کاچھی

کنجوا (مذکر) دیکھو جھری۔

کنڈر ｝ (مؤنث) سنسکرت۔کنڈا بہ معنی
کانڈر ｝ گانٹھ دار جڑ جیسے شکر کند۔

زمین کند۔ گٹھی

کُنڈر / کُنڈرا (مذکّر) وہ قطعۂ اراضی جو پانی کی روکی کاٹ سے بچ کر اوپر کو اُبھرتی رہے اور روکے راستے میں ایک ٹیلا بن جائے جس سے پانی کی روکا ایک راستہ بن جائے

کنڈری (مؤنث) دیکھو گڈری گیہوں کی بال کا اُبھار۔

کنڈھار (مؤنث) دھان کے کھیت میں پانی بھرنے کے بعد ہلکا سا ہل چلانے کا عمل۔

کنڈوا (مذکّر) دیکھو کرنجوا۔

کنڈیاں (مؤنث) دبرا۔ ظلعہ۔ غبار
کنڈیار بظاہر گھنڈیاں کا غلط تلفظ ہے جو کاشتکاری اصطلاح میں بال یا گُلّی میں دانوں کے ابتدائی اُبھار کو کہتے ہیں۔

کُنس (مؤنث) بیج کی پھلی عموماً اور دالوں کی پھلی خصوصاً (پھلی)
تلنگی میں ایک لفظ کُس ہے جس کے معنی الی نالی یا پیالی ہیں کے اندر کوئی چیز پھنسا دی جائے یعنی جماکر جوڑ ملا دیا جائے یہاں مُراد بیج کا غلاف یا تھیلی جس میں بیج جما رہے۔

کن سوآ (مذکّر) گیہوں۔ جو۔ جوار اور اسی قسم کے بعض دیگر بیجوں کا نیا نکلا ہوا پھٹاؤ۔
۲۔ گنّے کے ایک کیڑے کا نام جو اس کے پھٹاؤ اور پود کو کھاجاتا ہے۔

کُنسی (مؤنث) ہل کی چوپٹر کھودنے یعنی پہلی نالیوں پر دوسری آڑی نالیاں کھودنے یا بنانے کا عمل (کرنا)
۲۔ چانول کی پود کی ایک بیماری کا نام

کنک (مذکر) کنکی۔ سرکھن۔ چاول کا چورا جو دھان صاف کرنے میں نکلے۔

کنکرائی / کگرائی (مؤنث) کنکریلی مٹی کی زمین

کنکوت (مؤنث) دیکھو آنک۔ کھٹری
کھیتی کی پیداوار کا تخمینہ جو حصہ داروں میں تقسیم کے لیے کیا جائے
۲۔ کھٹری، کھیتی کی پیداوار کی تقسیم کا

طریقہ جو لفظِ بٹائی کی ضد ہے۔

کنگنی (مؤنث) اناج کی جنس کی باریک دانے کی ایک ادنےٰ قسم۔

کہاوت:—

اونچے چڑھ کے بولی کنگنی سب ناجوں میں ہو جا رانی
کچھ کچھ گرمٹ میں پڑیں ٹوٹے بار کمر کے جُڑیں

کُنیڑ (مؤنث) کوانیڑ۔ پرتھی۔ نائی۔ ویڑنا ہل سے بنتی ہوئی زمین کے متوازی دوسری نالی کا نشان ڈالنے والی ہل میں لگی ہوئی کھونٹی۔

۲۔ بوائی کا ہل۔ دیکھو ہل

کوار (مذکر) برکھا رت کا چوتھا یعنی آخری مہینے کا ہندی نام دیکھو بارہ ماسا

کواری (مؤنث) دیکھو فصلِ ربیع۔

۲۔ وہ زمین جو بہت زیادہ تر اور نرم یا بہت زیادہ خشک اور سخت ہونے کی وجہ سے کاشت کے قابل نہ ہو

کوانیڑ (مذکر) دیکھو کُنیڑ۔

کونت (مونث) دیکھو کنکوت [illegible] [illegible] اور [illegible]۔

[illegible] (مونث) [illegible]

کاشت کاروں کی اصطلاح میں اناج کے پودے میں بال۔ طرّہ یا بھٹّا نکلنے کا اُبھار مراد لی جاتی ہے (آنا۔ نکلنا)

بعض مقامی بولیوں میں عورت کی چھاتی کے اُبھار ہونے کو کتا یا گودنا کہتے ہیں۔

کوڑ (مذکر) ایسا پودا جس کے تنے کو کیڑے نے اندر سے کھا کر کھوکلا کر دیا ہو۔ (ہونا)

کوٹھاری (مذکر) اناج کا ذخیرہ رکھنے والا آجر یعنی آیندہ فصل یا بوقتِ ضرورت کام میں لانے کے لیے اناج کو کوٹھوں میں بھر کر محفوظ رکھے۔

کوٹھی (مؤنث) کھتّی۔ سراون تِن گنج۔ اناج کا ذخیرہ رکھنے کی بند اور محفوظ جگہ جو حسبِ ضرورت مختلف طریقوں سے بنالی جاتی ہے۔

۲۔ زمین کے اوپر بنی ہوئی یہ جگہ عموماً کوٹھی کہلاتی ہے اور زمین کے اندر بنی ہوئی کو اصطلاحاً کھتّی کہتے ہیں۔

کودوں (مؤنث) اناج کی جنس کی

ایک ادنیٰ قسم جس کا چھلکا سخت ہوتا اور اُتارنے میں بڑی محنت لیتا ہے۔

کہاوت:۔ کوٹے کودا ں اُڑی بھُسی نیولا مرگیا اپنی خوستی

کوُرا (مذکر) گدری یا تیاری پر آئی ہوئی گیہوں وغیرہ کی بالیں۔

کوُریا کیول (مؤنث) چکا کیول سے دوسری قسم کی زمین اس کا رنگ زردی مائل ہوتا ہے اور اس میں ترخن کم ہوتی ہے۔ دیکھو چکا کیول

کوُڑ (مذکر) دیکھو کوُنٹر۔

کوُسا (مذکر) دیکھو پھار۔ ہل کا آہنی پھل جو زمین میں نالی کھودتا ہے دیکھو کُسیا۔

کوشلی (مؤنث) دال والے بیجوں کا چھٹاؤ جس میں دال کے دونوں حصے پتے کی شکل بن کر × × × × × × × × × اوپر نکل آتے ہیں یعنی پورا بیج باہر نکل آتا ہے

کوسم (مذکر) ایک قسم کا جنگلی درخت جس پر لاکھ کا کیڑا پرورش پاتا ہے

کول (مؤنث) اناج کی گدری یعنی تیاری پر آئی ہوئی بال جس کے دانے بھولا بنا کر کھائے جاسکیں۔

کوُلی (مؤنث) منجھا۔ دو کھیتوں کے درمیان حدِ فاصل یا علامتِ تقسیم اردو میں لفظ کوُلی انسانی جسم کے وسطی حصے کو جو سینے کے ڈھانچ اور ٹانگوں کے حصے کے بیچ ہوتا اور عرف عام میں کمر کہلاتا ہے۔ کوُلی بھرنا مُراد کمر میں ہاتھ کا البیٹ ڈال دینا۔

کوطھو (مذکر) زمین ہموار کرنے کا بیلن کی شکل کا ہل دیکھو ہیںگا۔

کومٹی (مؤنث) دیکھو بھوُمیا۔

کوُن (مؤنث) دیکھو کُنسی

کوُنس (مؤنث) کُری۔ ارہر کی پھلی

کوُنٹر (مذکر) دیکھو برھا۔ بیج بونے کو ہل کی نوک سے بنائی ہوئی نالی۔

کوُنیا (مذکر) آنکو۔ کھیت کی پیداوار کا تخمینہ کرنے والا۔

کوہا (مذکر) دیکھو ہینڈ (لفظِ کوہاں کا

مخفف)

۲۔ دیکھو کلا۔

کُہرا (مذکر) سردی کے موسم میں شب کے وقت فضا کے آبی بخارات کا دھنواں

کِیچ (مؤنث) کھیت کی مٹّی جو پانی سے گھل گئی اور ہل چلانے کے لائق نہ رہی ہو۔

کہاوت:۔

جیسو سے تیسو ملے۔ ملے نیچ سے نیچ
پانی میں پانی ملے۔ ملے کیچ سے کیچ

کھاپٹ (مؤنث) دھنوئیں کے رنگ کی مٹّی والی زمین جو بارش میں لئی کی طرح نرم اور دھوپ میں لوہے کی طرح سخت ہو جائے۔ لاوے کی زمین۔ اس قسم کی زمین کی سطح جلد خشک ہو جاتی ہے اور پانی سطح سے کچھ نیچے جمع رہتا ہے۔ جو پودوں کی جڑوں کو خراب کر دیتا ہے

کھاپڑ / **کھاپڑ کھوڑ** (مؤنث) راپڑ۔ ٹیلوں والی زمین جو کھیتی کے لائق نہ ہو عموماً بنجر رہتی ہے

کھاد (مؤنث) پانس۔ کبھاس۔ پودوں کی غذا جو حیوانی فُضلے اور بعض نباتاتی وجماداتی اجزا سے تیار کی جاتی ہے ڈالنا۔ دینا۔ بنانا)

کھادر (مؤنث) بدرا۔ بھد بھورا۔ پانکو تروائی ترائی۔ جھلور۔ چٹکوریا ڈہر۔ نولیوا۔ ترائی نشیبی زمین جس میں برسات کا پانی اِدھر اُدھر سے آکر جمع ہو جائے۔ پانی جذب ہونے کے بعد قابل کاشت اور اچھی قسم میں شمار ہوتی ہے

کھاروگ (مؤنث) دیکھو پالوج۔

وہ پڑتی کھیت جو آنے والی فصلِ خریف میں گنّے کی کاشت کے لیے تیار کرکے چھوڑ دیا گیا ہو۔

کھالا (مذکر) پہاڑی نالے کی راہ کی زمین جس کو کبھی کبھی پانی کی رَو کاٹتی رہے اس لیے اس مقام کی کھیتی کو نقصان کا خطرہ رہتا ہے۔

۲۔ دیکھو کچھار۔

کھالو (مذکر) اناج کے دانے جو کھوندنے پر چھلکے یا خول کے اندر سے نہ نکلیں۔ خول میں اٹکے

ہوئے دانے۔

کھپڑا (مذکر) گنگا جلی۔ ہر قسم کا ملا جُلا گیہوں کا انبار جس میں ادنیٰ اعلیٰ، سُرخ، سُفید سب طرح کے دانے مِلے ہوں

کھتانا (مصدر) کھیت میں کھاد دینے کا ایک طریقہ جو ڈھوروں یا بھیڑ بکری کے گلّوں کو کھیت میں رَین بسیرا کرا کر کیا جاتا ہے۔

کھتّی (مؤنث) دیکھو کوٹھی فقرہ ۲ بعض مقامی بولیوں میں سراون اور تل گنج بھی کہتے ہیں۔

کھتواری (مؤنث)، ڈلاؤ، کھتّا۔ کھاد بنانے کا گڑھا یا مقام۔

کھتیاں (مؤنث) ایسے پھل یا ترکاریاں جو سال بھر تک خراب نہ ہوں

کھتیج (مؤنث)، آکھ تیج۔ کھیت میں ہل چلانے اور کھیتی کا کام شروع کرنے کی پُوجا۔

کھٹانا (مصدر)، چنڈوانا۔ ہل کی پھار کی نوک تیز کرانا۔

کھٹ پانکوڑی (مؤنث)، دیکھو تخ اندا

پن چنگورا۔

کھٹکنا (مصدر) دیکھو بدھیانا۔ بڑھنے والے پودوں کی اُوپر کی کونپل توڑنا۔ تاکہ وہ گھنا بنے۔

کھجورا (مذکر)، ایک مرتبہ کا برسایا ہوا اناج جس میں بھوسا باقی ہو۔

کھدیلی (مؤنث) گوہانی۔ ایسا قطعۂ اراضی جہاں کھاد پڑتی رہی ہو یا بنائی جاتی ہو۔ ترکاریوں کی کاشت کے لیے بہت عمدہ ہوتا ہے۔

کھُرا (مذکر) دیکھو آڑبند۔

کھُرپا (مذکر) پودوں کی جڑوں میں سے گھاس نکالنے اور زمین پولی کرنے کا اوزار

کھُرپا

۱

۲

۳

۱۔ بنٹا

۲۔ کھُرپل

۳۔ مُندری

کھُرپے کے دستے کو اصطلاحاً بنٹا اور آہنی مُنہ کو کھُرپل کہتے ہیں۔

کھرپائی (مؤنث) پودوں کی جڑوں سے گھاس نکالنے اور زمین پولی کرنے کا عمل۔

کھرپنا (مصدر) کھرپے سے پودوں کی جڑوں کی گھاس نکالنا۔

کھرپی (مؤنث) کھرپے کا اسم مصغّر

کھرسا (مذکر) گرما رُت۔ دھوپ کالا

کھرمیل (مؤنث)، باہ کھیتی کے لیے نئی زمین توڑنے کا عمل۔ (کرنا)

کھیتی کے لیے پڑتی زمین میں پہلی مرتبہ ہل چلانا۔

کھلار (مؤنث) دیکھو کچھار۔

کھلی رات (مؤنث) تاروں بھری رات۔

کھلیا (مذکر) گانو میں بسنے والا کمیرا۔ پرچار۔

کھلیا (مؤنث) نو توڑ زمین جس میں پہلے سال بیج بویا گیا ہو اور دوسرے سال کے لیے تیار کی جا رہی ہو۔

کھلیان / کھلیہان (مذکر) آہیر۔ پیٹر۔ پیٹر۔ پھروا۔ خرمن گاہ۔ راس۔

کٹے ہوئے اناج کا ڈھیر جو دانہ نکالنے کو اکٹھا کیا گیا ہو۔

۲۔ اناج کھودنے کی جگہ۔

کھلیہانی (مؤنث) ان جل۔ گانو کے کمیروں کا گذارہ یا حقِ خدمت جو فصل پر اناج بٹنے کے وقت دیا جائے

کھن (مؤنث) کھیتی کے لیے زمین کی کھدائی کا عمل۔ کاشت کاروں کی اصطلاح۔

کھنڈا ہل (مذکر) اردو لفظ کھنڈرے کا غلط تلفظ۔ مراد ایسا ہل جس کے آہنی پھل کی نوک گھس کر موٹی ہوگئی ہو۔

کھٹنا (مصدر) کُھٹکنے کا غلط تلفظ۔ دیکھو بدھیانا۔

کھنڈرا / کھنڈا (مذکر) کھنڑا۔ کھیت میں ہل کی نوک کی کھدائی کا نشان یعنی وہ نالی جو بیج بونے کو ہل کی نوک سے بنائی جائے

۲۔ ٹوٹا ہوا چاول جو دھان صاف کرنے میں ٹوٹ جائے۔

کھنڈوا (مذکر) ایک کیڑا جو گیہوں کی بال کو کھا جاتا ہے۔
۲۔ گیہوں کے پودے کی ایک بیماری جس سے بال میں بھوری یا سیاہ خاک پیدا ہو جاتی ہے۔

کھنڈا (مذکر) دیکھو کھنڈا۔

کھونٹن (مونث) وہ کھیت جس میں کٹی ہوئی کھیتی کی جڑیں لگی ہوئی ہوں۔

کھورانٹ (مذکر) (کھر+انٹ) ڈھوروں کے کھروں کے نشان جو کھیت کی ہموار بنائی ہوئی سطح پر ڈھوروں کے چلنے سے پڑ جائیں اور جمائے بوئے بیج کو نقصان پہنچائیں۔

کھولا (مذکر) گھانس کھودنے کا ایک

کھولا

رقم کا پھاوڑا جو کھرپے کی وضع کا ہے اور کھڑے دستے کا ہوتا ہے۔

کھونٹ (مذکر) بیج کا سوئی نما پھنادو

کھونڈر (مذکر) کھلیان کے اطراف بکھرا ہوا اناج جو بیلوں کے کھونٹے سے ادھر اُدھر پھیل جائے۔

کھیترپال (مذکر) کھیت کا رکھوالا۔

کھیت گام (مذکر) کھیت رہن باقبض

کھیتونی (مونث) گانو کے کھیتوں کے اندراجات کی بہی۔

کھیتی (مونث) کاشت کاری۔ اناج اُگانا۔ ضروریاتِ زندگی کا سب سے اہم پیشہ مثل ہے۔
اُتم کھیتی مدھم بان (بیوپار)
نکھت چاکری بھیک ندان (دلیار)

کھیتی بھوانی (مونث) کھیتی کی دیوی

کھیڑا (مذکر) پرہ موضع گانو مزرع قریہ۔ کسی قصبے کے علاقے میں کسانوں کی چھوٹی بستی۔

کھیوٹ (مونث) کرسی نامہ خسرہ۔ پٹواری کی سرکاری بہی جس میں گانو کے ہر رہن دار کا حصۂ کھیت۔

پتی۔ لگان اور ابواب سرکاری طور پر لکھے جاتے رہیں۔

۲۔ رقم لگان جو گانو کا ہر پٹی دار اپنے اپنے حصّے کی ادا کرے۔

کھیوٹ دار (مذکر) کھیوٹ رکھنے والا۔ پتی کا شریک۔

گاٹا بندی (مؤنث) گانو کی تقسیم بہ طریق کھیت باٹ جس کے کھیت مختلف گانو کے حدود میں آگئے ہوں۔

گاج (مؤنث) کیچ یعنی پانی دے کر ایسی نرم کی ہوئی مٹّی جس میں دھان کی پود لگائی جاسکے۔

گاگ لی (مؤنث) ساگ پات۔ کھانے جوگی سبزی

گانٹھ (مؤنث) گنّے یا مکئی کے درخت کے تنے کی ہر پور کا نشان طبعی بند

گانڈل (مؤنث) ایک قسم کی لمبی پتّی کی گھاس جس کی جڑ خوش بودار ہوتی اور خس کے نام سے معروف ہے۔

گانو (مذکر) کسانوں اور دیگر زراعت پیشہ بکروں کی چھوٹی بستی۔

گانواں پنچایت (مؤنث)، دیکھو پنچایت

گانو بٹ (مؤنث)، تقسیم تعلّقہ۔ دیکھو تعلقہ

گانو نٹی (مذکر) گانو کی بنی ہوئی اشیاء گانو والوں کی صنعت۔ دیہی صنعت۔

گانو خرچ (مذکر) ابواب۔ دھارا۔ (دھالا) دھار نا چھد دھرباچھ ملبا۔ گانو کے عام اور مشترک اخراجات مثلاً مہمان نوازی۔ خیرات۔ چوکی دارہ وغیرہ کی مشترک رقم جو ایک آنہ فی روپیہ یا ایک سیر فی من کے حساب سے جمع کی جاتی ہے۔

گانو کا مال (مذکر) گانو کے معمولی مشترک کام یا مقررہ خدمتیں۔ بیگار۔

گاہن } (مذکر) پدھنی۔ کلوائی۔
گاہنا } گندھار۔ دیکھو دتیالا

(ہل) اس کی ایک دوسری قسم میرا کہلاتی ہے۔ جس میں دانتے نہیں ہوتے۔

گاہنا (مصدر) کھلیان روندنا۔ بیلوں کا کھلیان روندنے کا عمل۔

گپسا (مؤنث) کپسا کا دوسرا تلفظ۔ دیکھو کپسا۔

گٹّا یا **گٹھا** (مذکّر) گنٹھا۔ جریب یا بیگے کا بیسواں حصّہ یا ۳ گز۔

گٹھاون (مؤنث) دیکھو دوَری۔ دائیں کے بیلوں کے گلے کی لمبی رسّی۔

گٹھی (مؤنث) دیکھو گند۔

گٹھوانس (مذکّر) گٹّے کا بیسواں حصّہ دیکھو گٹّا۔

گجر (مؤنث) دلدلی زمین۔
۲۔ وہ کھیت جس میں گیہوں کی بونی میں جو کا چھینٹا بھی دیا گیا ہو۔

گجروَت (مؤنث) گاجر کا گندنا یا پتّے

گجئی (مؤنث) دیکھو گوجئی۔

گدن (مذکّر) دندیلا۔ گاہن۔ دانتوں دار پھاوڑا والا ہل۔ دیکھو دنتیالا۔

گرائی (مؤنث) ریت اور سرخ مٹی ملی ہوئی زمین۔

گرب (مؤنث) خط عزق کا گنوارو تلفظ۔ کاشت کاری اصطلاح میں پودوں کی جڑوں کی گہری کھدائی مراد لی جاتی ہے۔ اور اس کے مقابل نرای اوپری کرید کو کہتے ہیں۔
نواحِ دہلی میں بداھنا (بیدھنا) کہلاتا ہے۔

گربہنا (مصدر) کھرپنا کا غلط تلفظ۔ دیکھو کھرپنا۔

گرداور (مذکّر) گانو کا سرکاری نگراں کار یا ناظر

گردچپا یا **گرودچپا** (مؤنث) گانو کے نزدیک پنچوا کی بے لگان جاگیر

گری (مؤنث) بیج کا مغز جس میں پھٹاؤ محفوظ ہوتا ہے۔

گڑائی (مؤنث) نئے پودوں کی جڑوں پر مٹی چڑھانے کا عمل خصوصاً گنّے کی پودپر۔
۲۔ پودوں کی جڑوں سے گھاس نکالنے کا عمل۔

گڑنا (مؤنث) نمک کی معدن والا قطعۂ زمین

گدن

(دیکھو دنتیالا)

گڑواہی (مؤنث) ہل کی پھار کا پچھلا موٹا حصّہ جو تیلیٹی میں جڑا رہتا ہی۔

گڑئیت (مذکر) گانو کا جوکی دار یا ہرکارہ

گڑیتی (مؤنث) گانو کے ہرکارے کا حق خدمت

گلی (مؤنث) گابھا۔ باجرے یا مکئی کے دانوں کی ڈنڈی یا ڈنٹھل۔

گنبھیر (مؤنث) اعلیٰ قسم کی زرخیز زمین

کہاوت:-

دیس مالوہ گہیر گنبھیر

ڈگ ڈگ روٹی پگ پگ نیر

گنٹھا (مذکر) دیکھو گٹّا۔

۲۔ بال کے اندر رہا ہوا دانہ

گنج (مذکر) اناج کی منڈی۔ غلّہ فروشوں کا بازار۔

گنجی خانہ (مذکر) اناج کا کوٹھا۔

۲۔ گھاس جمع رکھنے کا مقام۔

گنچھا (مذکر) لفظ گو نج کا غلط تلفظ۔ کاشت کاری اصطلاح میں کھرپے کے پھل کی دستی مُراد ہوتا ہی۔

گندل } (مذکر) مولی، شلجم وغیرہ
گندنا } جڑ والی ترکاریوں کا ڈنٹھل

جس میں بیج لگتا ہی۔

گندھار (مذکر) دیکھو گاہن۔

گندھیل (مؤنث) اوگن۔ یا تھوجوت۔ ڈانٹ۔ سیلا۔ پچھوانسی۔ مانجھی۔ بیج کوتر۔ جندھیلی۔ ہرس اور ناگر کے جوڑ پر پھنسا ہوا چوبی پھنّا جو ڈانٹ ہوتا ہی۔ دیکھو ہل۔

۲۔ ایک قسم کی خوش بودار گھانس۔ پہلے لفظ کی اصل گوندھا اور دوسرے کی گندھی ہوسکتی ہی۔

گنڈاون (مؤنث) دائیں کے بیلوں کے باندھنے کی رسّی۔

گن کٹ } (مذکر) گنّے کا کھیت
گن کٹا } کاٹنے والا مزدور جو شکرسازی کے کارخانے میں گنّے کی پوریاں کرے۔

گنگا جلی (مؤنث) دیکھو کھیڑا۔

گنگ برار (مؤنث) زمین جو گنگا کی دھار سے کٹ کر پانی سے علیحدہ نکل آئے۔

گنگ شکست (مؤنث) وہ زمین

جو گنگا کی دھار کٹ کر بہ گئی ہو اور اِس جگہ نشیب ہوگیا ہو۔

گوبھ (مؤنث)، گابھ کا دُوسرا تلفظ مُراد وہ نیا پھٹاؤ جو پودے کی جڑ میں نکل کر اس کو کمزور کردے یعنی اس کے بڑھنے کو نقصان پہنچائے

گوبھی } (مؤنث) ایک قسم کی ترکاری
گوبی } جو اپنے پھول کے لیے مشہور ہے۔ بند گوبھی (کرم کلا)، اور گانٹھ گوبھی بھی اسی قسم سے ہیں۔

گوپھیا } (مذکر) ڈھیل ماس ڈھیلواس
گوپھنا } ڈھیلا پھینکنے کا رسّی کا لنگر۔

ڈھیلواس

(گوپھیا)

گوجرا (مذکر) دیکھو گوچنی۔

گوچنا (مذکر) دیکھو گوچنی۔

گوچنی (مؤنث)، گنیجنی۔ گُجی۔ جوچنی۔ بیجھر گیہوں اور چنا یا جو اور چنا ملا ہُوا اناج۔

گوڈر (مذکر) آکس۔ گھوڑ۔ کھیت کی گھاس اجڑیں اور جھاڑی کا سمیٹا ہوا انبار۔

گورٹ (مؤنث)، ریتلی زمین۔

گوڑا } (مذکر) گویا کی گوا یتنڑ گانوں کے
گونڈا } اطراف کی کھاد والے قطعہ اراضیات جو ترکاری کی کاشت کے لیے نہایت عمدہ ہوتے ہیں لیکن

ان میں نگرانی کی بڑی ضرورت ہوتی ہے۔

کہاوت :-

رانگھڑ یاری ڈوم پہچان
گوڑے کی کھیتی کُستال نہ جان

گوڑائی (مؤنث) دیکھو گڑائی فقرہ ۲۔

گوکھرو (مذکر) زمین پر پھیلنے والی ایک قسم کی نباتات جس کا بیج تکھونٹا کانٹوں دار ہوتا ہے۔ اس کی کثرت کھیتی کو خراب کر دیتی ہے۔

گولر (مذکر) کپاس کا کچا اور بند ڈوڈا۔

گوہانی (مؤنث) گوہاری۔ گوئیند۔ کھاری ہوئی زمین جس پر ڈھور چرائے اور چھوڑے گئے ہوں۔ جن کے پیشاب اور گوبر سے زیادہ کھیا ہو گئی ہو۔

گوئند (مؤنث) دیکھو گوہانی۔

گوئیں (مذکر) ہل میں جوتے جانے والی بیلوں کی جوٹ۔

۲۔ کھیتی باڑی کا شریک کار (صوبۂ متوسط میں گوئیں ہمراہی اور ہم عمر دوست کو کہتے ہیں)۔

گہائی (مؤنث) گاہنے کا عمل دیکھو گاہنا۔

۲۔ گاہنے کی اجرت۔

گینڈا (مذکر) کھیت کی زمین ہموار کرنے کا لکڑی کا بھاری بیلن۔ (گینڈا بمعنی گول تکیہ اور گینڈولی بمعنی اینڈوی بھی آتا ہے)

گیہوں (مذکر) ایک مشہور اناج جس کی حسب ذیل قسمیں معروف ہیں :-

(۱) اوُدی (۲) شربتی (۳) مُنریا (مُرلی) (۴) بدھا دکٹھیا، (۵) جلالی (۶) بنسی (۷) لالیا (۸) پوٹیا (۹) گنگا جلی (۱۰) کھپڑا۔

کہاوت :-

آگے گیہوں پیچھے دھان
اُس کو کہتے ہیں بڑ کسان

گھامی (مؤنث) امساکِ باراں۔ گھام بمعنی دھوپ اور گرمی جو بارش نہ ہونے سے پیدا ہو۔

گھائی (مؤنث) گاہنے کا عمل دیکھو گاہنا۔

گھرامی (مذکر) وہ شخص یا مزارع جو گانو میں اپنا گھر رکھتا ہو۔
۲۔ پیشہ ور چھپر بند۔

گھرپنٹی } (مونث) زمین پر مکان
گھرپٹّی } بنانے کا محصول۔

گھردُوآری (مونث) گانو کی خانہ شماری
گھر گنتای

گھُرٹائی (مونث) کالی رائی۔

گھماؤ (مذکر) ایک جوٹ بیل سے ایک دن کی جُتائی یا بلائی۔

گھُن (مذکر) سُرسری۔بھابی۔پاتھا۔ دھولا۔اناج کا کیڑا۔دیکھو سُرسری
عام طور سے گیہوں، چنے اور مونگ کے کیڑے کو کہتے ہیں۔ (لگنا)

کہاوت:۔
جیسو کو تیسو ملے سُن رے راجا بھیل
لوہے کو گھُن کھاگیو لونڈے لے گیو چیل

گھنا جنگل (مذکر) ایسا جنگل جس میں درخت ایک دوسرے سے ملے ہوئے برابر برابر ہوں۔
گھنا درخت۔گھن دار پودا۔
وہ درخت اور پودا جس میں شاخیں اور پتے زیادہ بھرے ہوئے ہوں۔

گھُنڈرا (مذکر) بال یا بھٹے کا ابھار
(جما) بال یا بھٹے کا پیدا ہونا۔

گھوربرار (مذکر) گانو کی صفائی کا محصول جو ہر شخص سے اس کی حیثیت کے موافق لیا جاتا ہے۔

گھونگا سوار (مذکر) پانی پر پیدا ہونے والی گھانس یا کنجال۔

گھونگی } (مونث) جوئی۔جُری۔
گھُنگی } یا گندھر (گندر)
ایک قسم کا کیڑا جو گیہوں کی بالوں اور چنے کے پودے کو نقصان پہنچاتا ہے۔

گھیری (مونث) دیکھو ہینگن۔
ایک قسم کا بیلن جس سے کھیت کی زمین ہموار کی جاتی ہے۔
دیکھو ہینگا

گھیگرا (مذکر) چنے کا تیار ڈوڈا۔
چنگا۔پتور۔دیکھو ڈھینڈا

۲۔ کپاس کا ڈوڈا۔

گھینٹی (مؤنث) دیکھو ڈھینڈا اور ڈوڈا۔

لابھ (مؤنث) کھیتی کی پیداوار کا خالص منافعہ جو تمام اخراجات نکال کر بچے۔

لاگو (مذکّر) دیکھو اداۓ۔ گہری بلائی

لان (مذکّر) دیکھو لانگ۔

لانگ (مذکّر) لان۔ فوری یعنی ثمرت کی کٹی ہوئی کھیتی کا انبار۔

لاوا (مذکّر) کھیت کاٹنے والا مزدور

لاؤنی (مؤنث) دیکھو۔ جمع بندی۔

۲۔ فصل کی کٹائی کا زمانہ

لاہڑا (مذکّر) باجرے کی ایک قسم۔

لائی (مؤنث) لہار۔ کھیت کاٹنے والے مزدور کی اجرت جو کٹے ہوئے اناج کی پولیوں کا پانچ فی صد ہوتی ہے

لبدرا / لبیدا (مذکّر) کھلیار ہموار کرنے یا بیج بونے کے بعد زمین برابر کرنے کا ایک قسم کا تختہ جو ہل کی طرح زمین پر پھیرا جاتا ہے۔

لپ (مذکّر) دیکھو موروثی ہرپس۔

لٹھا (مذکّر) جریب کا دسواں حصّہ۔

۲۔ انگریزی اور ریاستی علاقوں کے درمیان سرحد کا مینار یا نشان۔

۳۔ دو زمین داروں کے درمیان حدِ فاصل کی علامت۔

لگھوآ / لکھوآ (مذکّر) گیہوں کے پودے کی ایک بیماری کا نام جس سے پودا ٹھٹھر جاتا ہے۔

لگان (مذکّر) بھاگ۔ لگتا۔ کرایا اراضی مزروعہ یا محصول زرعی پیداوار

لگتا (مذکّر) کر دیکھو لگان۔

لگّا / لگّی (مذکّر) کھولا۔ گھانس کھودنے کا ایک قسم کا پھاوڑے کی وضع کا اوزار۔ دیکھو کھولا۔

لمبردار (مذکّر) دیکھو صدر مال گزار سرکار کا مقرر کردہ نمائندۂ کاشت کاراں (نمبردار کا غلط تلفظ۔)

لوٹن (مذکّر) کھیت کو ہموار اور مٹی کو بولا کرنے کا ہلکی قسم کا ہل۔

لونڈ (مذکّر) ہر تیسرے سال ایک زاید

مہینے کا ہندی نام۔

لونی } (مؤنث) شوریلی زمین جو کھیتی کے
نونی } کام نہ آئے۔

لہار (مذکر) دیکھو لائی۔

لیلوا (مؤنث) تلنگی نیل بہ معنی پانی کا دؤسرا تلفظ۔ ایسی زمین جس میں پانی سطح زمین سے چار پانچ فٹ نیچے نکل آئے جس کی وجہ سے مٹی ہر طرف سے دہے اور کنواں نہ کھُد سکے۔

مار (مؤنث) پہاڑ کے دامن کی کنکریلی اور کالی زمین جو روئی کی کاشت کے لیے بہت عُمدہ ہوتی ہی لیکن اگر پانی زیادہ برسے تو بے کار رہتی ہی۔

۲۔ پہاڑ کے دامن کا ایسا قطعۂ اراضی جو اوُپر کے پانی کی روَ کا گُزرگاہ ہو۔

ماسا (مذکر) مہینا۔ ماہ۔ کاشت کاروں میں سال کے ہر مہینے میں کھانے کی کوئی نہ کوئی چیز مضرِ صحّت سمجھی جاتی ہی جس کو ہر مہینے کے نام کے ساتھ بیان کیا ہی جو حسبِ ذیل ہی

چیت گُڑ ۔ بیساکھ ۔ تیل ۔ جیٹھ ۔ پنتھ اساڑ ۔ بیل ۔ ساون ۔ مرسا ۔ بھادوں۔ دہی ۔ کوار ۔ کریلا ۔ کاتک ۔ ہی ۔ اگن ۔ جیرا ۔ پوس ۔ دھنیا ۔ ماگھ میں مصری ۔ پھاگن ۔ چنا ۔ ان ماسا میں یہ سب تجے جو تر ناری سکھ کو بھجے۔

ماگھ } (مذکر) جاڑے کے آخری مہینے
ماہ } کا ہندی نام دیکھو ماسا۔

مالا } (مؤنث) اکری (اکھری) اکری (انکوری)
مالا بانسا } اورنا (دیر) نواک ٹھی ۔ بانسا ۔ پڑ ۔ چانڑی ۔ سمئی ۔ سیل ۔ کر ۔ کوڈھ ۔ نال ۔

جانڑی ۔ سمئی ۔ سیل ۔ کر ۔ کوڈھ ۔ نال ۔

سفر ۔ بیل گری ۔ زیرا
ماگھ

ناروم / نلا } نجارا (نجارہ) بیج بونے کی بانس کی بنی ہوئی قیف کی شکل کی لمبی نلی۔ پنڑوتھا۔ مالا کا نچلا سرا

مال گزار (مؤنث) سرکار کو محصولِ اراضیاتِ مزروعہ یا لگان ادا کرنے والا۔

مال گزاری (مذکر) زرعی محصول۔ لگان۔ کر۔

مان (مذکر) جنگل صاف کیا ہوا قطعۂ اراضی جو ابتدائً معمولی کاشت کے کام آئے۔

مانجھ / مانجھا } (مؤنث) دریا کی بہا کر لائی ہوئی مٹی کا بنا ہوا قطعۂ اراضی۔ سیلابی۔ اس قسم کی قطعۂ اراضی نوعیت کے لحاظ سے مندرجہ ذیل ناموں سے مشہور ہے۔

(۱) ٹھیار۔ وہ سیلابی قطعۂ اراضی جس میں ریت کے بجائے چکنی مٹی زیادہ ہو۔

(۲) بجار۔ وہ سیلابی قطعۂ اراضی جس پر رو کا پانی بہتا رہے اور کبھی کبھی دونوں فصلوں میں سے کوئی فصل نہ بوئی جائے۔ ایسی زمین کا محاصل کم اور سالانہ ہوتا ہے۔

(۳) دو سال۔ وہ سیلابی جس میں رو کے پانی کا رستہ تبدیل ہونے سے کاشت ہونے لگے اس زمین کا لگان ششماہی ہوتا ہے۔

(۴) پہ۔ وہ سیلابی جس پر پانی کی رو آنے کا خطرہ نہ رہے۔

(۵) مار۔ اعلیٰ قسم کی کالی مٹی کی زمین۔

(۶) کابر۔ کالی مٹی کی ہلکی زمین۔

مانجھی / منجھی } (مؤنث) دیکھو گنڈھیل

ماپچی / مانچھی } (مؤنث) ہل کا جوا

ماہوں (مذکر) کپاس کے پودے کا کیڑا۔

ماہنتو / مہنتو } (مذکر) مہنت کا گنوار تلفظ۔ گاؤں کا مکھیا۔ سرپنچ۔ دیکھو سرپنچ۔

مپائی (مؤنث) سپاٹ زمین۔

مٹر (مذکر) بٹانا۔ کالون۔ کراو۔ کلائی بے دال والا بیج۔

دالوا ۔ دالوں یعنی دو پاکھوں والا بیج

کساری ۔ مسُور کی وضع کا بیج ۔

مٹیار (مؤنث) چکنوٹ ۔ سیاہی مایل بھورے رنگ کی زمین جس کے اجزا نہایت باریک اور گُتھواں ہوتے ہیں اور اس وجہ سے پانی کے اجزا اُس میں جمع رہتے ہیں اور جب اوس پڑتی ہی تو بخارات بن کر اوپر آتے ہیں۔ پودوں کی جڑیں اُس میں سے رطوبت جذب کرتی ہیں۔ ایسی زمین میں کیمیاوی قوّت اور پانی جذب کرنے کی خاص خاصیّت ہوتی ہی اور اس کے وزن سے دُگنی پانی کی سیل اس میں سہتی ہی۔ پانی اس میں نہایت آہستہ جذب ہوتا ہی۔ اس قسم کی زمین کی کئی قسمیں مختلف ناموں سے موسوم کی جاتی ہیں جس میں دومٹ یا مگر۔ کپسا دورس۔ کریل۔ کھلار۔ چکنوٹ اور ٹھکار خاص ہیں۔

مُٹھیا (مؤنث) یری ہت۔ چندولی ہتی۔ ہل کو پکڑنے کا کھونٹا جو ہلوائے کے ہاتھ میں رہتا ہی۔ دیکھو ہل۔

مُجدا (مؤنث) ریت اور مٹّی ملی ہوئی زمین

مجھار (مؤنث) گوہند کی قسم کی زمین۔ دیکھو گوہند۔

مچان (مذکر) اڈّا۔ ٹانڈ۔ اٹان۔ کھیت میں رکھوالے کے بیٹھنے کی بنی ہوئی پاڑ۔

مچ کوتر (مؤنث) دیکھو گندھیل۔

محال (مؤنث) گانو کا ایسا حصّہ جس کی مال گزاری سو رُپے یا اُس سے زاید ہو۔ ایک جُداگانہ حقیّت اور اصطلاحاً محال کہلاتی ہی۔ سو رُپے سے کم مال گزاری کا حصّہ علیحدہ حقیّت نہیں رکھتا بلکہ کسی محال کے تحت ہوتا ہی۔ ایک محال میں کئی پٹّیاں ہوتی ہیں۔ گانو کی تقسیم سو رُپے مال گزاری سے کم کی نہیں ہوتی۔

مدارا ۔ سُرخی مایل رنگ کا چنا

مدکوری (مذکر) لگان وصول کرنے والا سرکاری پیادہ۔ ریاست حیدرآباد اور دکن کے بعض بڑے شہروں میں سمن کی تعمیل کرانے والے عدالتی پیادے

کو کہتے ہیں۔

مُرنیج (مذکر) دیکھو آنیج۔

مِرت بِرت (مؤنث) خوں بہا۔ وہ جاگیر جو راجا یا حکومت کی طرف سے مُلکی محافظ یعنی فوجی خدمت انجام دینے والے کے وارث کو دی جائے۔

مُرکٹ (مؤنث) اوُپر چھنٹ۔ بھگوٹ چونٹ۔ گیہوں اور جو وغیرہ کی پکّی بالیں توڑنے یا کاٹنے کا عمل۔

مُرکی (مؤنث) گیہوں اور جو وغیرہ کی گدری بال جو ہولا بنانے کے قابل ہوگئی ہو۔

مُرکھا (مذکر) کھرکھا۔ افیم کے پودے کی بیماری۔

مِرکھن (مؤنث) دیکھو کِنک (کنکی)۔

مُرم (مؤنث) دیکھو کپسا۔

مُرنڈ (مذکر) دیکھو جھری۔

مرؤت برت
مرؤٹ برت } (مؤنث) بے لگان جاگیر جو سپاہی کے جنگ میں مارے جانے کے بعد اس کے وارث کو گزارے کے لیے عطا کی گئی ہو۔ دیکھو برت۔

مِڑوانا (مذکر) دیکھو مڑوڑی۔

مڑوڑی (مؤنث) مِڑوانا۔ کاشت کاری مدرانہ جو تقاریب کے موقع پر کاشت کار زمین دار کو دے۔

۲۔ معمولی رقم جو فی بیگہ یا کھیت زمین دار کو دی جائے۔

مزرُوعہ (مؤنث) کھیتی باڑی کی زمین کھیت۔

مُستاجر (مذکر) وہ شخص جس کو کسی جاگیر یا علاقے کا کاشت کاری کاروبار ایک مقررہ مدّت کے لیے دیا گیا ہو۔

۲۔ جموگ دار۔ جمع گزار۔ گانو کو ٹھیکے پر لینے والا مال گزار۔

مسّی (مؤنث) مختلف قسم کے گرے پڑے اناج اور دالوں کا مجموعہ جس کے آٹے کی غریب کسان روٹی پکا لیتا ہے۔

۲۔ کھاد ملی ہوئی نرم زمین۔

مِسن
مِیسان } دیکھو مسّی فقرہ ۲۔

مسینا (مذکر) دالیں اور دوسری قسم کا ادنیٰ قسم کا موٹا اناج ۔ فصلِ خریف کی پیداوار ۔

معافی (مؤنث) دیکھو اڈنڈ ۔ لگان معاف جاگیر ۔

مقدم (مذکر) منڈل (بنگال)، چودھری (پنجاب)، ماہتو (مہنتو) جیٹھ رعیت گانو کا مکھیا جو زمین دار کا قائم مقام ہو اور اس خدمت کے عوض لگان معاف کچھ اراضی رکھتا ہو ۔

۲ ۔ زمین دار کا کارکن معتمد یا کام دار

۳ ۔ تعلق دار کا ماتحت زمین دار

مکرار (مذکر) مکئی بونے کا کھیت ۔

مکھیا (مذکر) دیکھو سرپنچ ۔ گانو کا بڑا آدمی ۔ سردار ۔ سفید پوش ۔ قاید ۔ سرگروہ ۔ لمبردار ۔ برادری کا چودھری ۔

ملبا (مذکر) اُگاہی ۔ سنسکرت ملّا بہ معنی سمٹا ہوا کوڑا ۔ مراد گانو کا معمولی محصولی چندہ جو ہل ۔ کھیت یا گھر پیچھے لیا جائے اور گانو کے مشترکہ اخراجات مثلاً ۔ مہمان نوازی ۔ خیرات ۔ سرکاری عہدہ داروں کی تواضع ۔ سرکاری عہدہ داروں کی سربراہی کے نقصان اور دیگر عام ضروریات میں خرچ کیا جائے ۔ دیکھو گانو خرچ ۔

مُمرج (مؤنث) پیوری (پ ی و ر ی)، زرد مٹی کی زمین ۔

منڑوا (مذکر) باجرے کی قسم کا اناج جو متواتر کھانے سے صحت کو نقصان پہنچاتا ہے ۔

کہاوت :۔

اُونچے چڑھ کے بولے مڑوا
سب ناج میں میں ہوں بھڑوا
آٹھ دن جو مجھے کھائے
بھلے مرد سے اُٹھا نہ جائے

مُنڈری (مؤنث) کھرپے کی شام ۔ دیکھو کھرپا ۔

مُنڈا (مذکر) بیگے کا ایک چوتھائی حصّہ

۲ ۔ گنّے کا کھیت جس میں سے فصل کٹ چکی ہو ۔ اور جڑیں باقی ہوں

کہاوت :۔

سیارھی میں سارھی بوئی ۔ باڑی میں باڑی
مُنڈے میں دھان بوئے ۔ تھوکوں تیری داڑھی

مُنڈوار (مذکر) کھلیان کے اوپر کا سائبان

مُنڈیا (مذکر) گیہوں کی ایک قسم۔

مَوتی نامہ (مذکر) کاشت کار یا زمیں دار کے مرنے کا اطلاع نامہ یا اعلان اُس کے وارثوں کے نام جن کے ناموں کا سرکاری کاغذات میں اندراج ضروری ہوتا ہے۔

مَودی (مؤنث) وہ کھیت جس میں پچھلی فصل روئی بوئی جا چکی ہو۔

موڈھا (مذکر) گنّے کا پُرانی جڑ سے نکلا ہوا پودا۔

موروثی کاشت کار (مذکر) موروثی ہریس۔ دخیل کار قدیمی رعیت۔ جنم کار۔ میراث وار۔ (میراثی) نوتمکا۔ وہ کاشت کار جو کسی اراضی کو ایک خاص قانونی مدت سے اپنے قبضۂ کاشت میں رکھتا ہو اور جب تک سرکاری لگان ادا کرتا رہے زمیں سے بے دخل نہ کیا جا سکے۔ موروثی کاشت کار سرکاری لگان کے علاوہ زمیں دار کو بھی کچھ دیتا رہے جو اصطلاحاً لپ (لپیا) کہلاتا ہے۔ (آگرہ و اودھ)

موروثی ہریس (مذکر) دیکھو موروثی کاشت کار۔ پرانا کاشت کار یا ہل رکھنے والا یعنی کسان پیشہ۔

موڑھ (مؤنث) گنّے یا پان کی پود لگانے کو کھیت میں بنائی ہوئی نالیاں۔ برہے۔

موس خوری (مؤنث) جنگلی چوہے کی کھائی اور خراب کی ہوئی کھیتی جیسے کرکھائی کھیتی۔

موسلا دھار بارش (مؤنث) نہایت زور کی اور لگاتار بارش۔

مَوضع (مذکر) دیکھو کھیڑہ۔ گانو۔ قریہ کاشت کاروں کی چھوٹی بستی جس میں بازار نہ ہو۔ (اصلی۔ داخلی)

مُول } (مؤنث) سنسکرت
مُولی } بمعنی جڑ۔ ایک قسم کی ترکاری جس کی جڑ لمبی گاؤ دم ہوتی اور وہی اُس کی اصل اور وجہ تسمیہ ہے۔

اسی قسم کی دوسری جڑ گاجر کہلاتی ہی۔

کہاوت:۔

کوار کریلا ساون مولی جیٹ ماس گڑ کھاوے

پیسہ وارے گانٹھ کا روگ بسا بن جائے

مولجام (مؤنث) جڑوالی ترکاریاں جیسے
مونجاما مولی۔گاجر۔شلجم وغیرہ۔دیکھو
مول۔

مولکا (مذکر) بیج کا تکیلا میٹھاؤ۔سوئی

مونڈھا (مذکر) دیکھو گنج۔اناج کی
منڈی۔

مہال (مؤنث) دیکھو محال۔مفرد۔
تعلقہ۔بڑی جاگیر جو سند کے ذریعے
سرکار سے عطا ہوئی ہو۔

مہاوٹ (مؤنث) خزاں کے موسم
کی بارش جو سردی کے آخری
مہینوں میں دو ایک مرتبہ برستی ہی۔اور
گیہوں یا ربیع کی فصل کے لیے نہایت
مفید ہوتی ہی (پڑنا)

مہتر (مذکر) گانو کے تیلی یا چماروں کی
برادری کا پنچایتی نمایندہ۔

مہتو (مذکر) دیکھو ماہتو اور مقدم

مہدار (مذکر) مہندرا (ماہ + دار) کاشت کاری
مزدور جو ماہانہ نقد اُجرت پائے
برخلاف بھاجی دار جس کو فصل پر
جنس ملے۔

مہلی (مذکر) الّھڑ۔ہل میں نیا جوتا ہوا
بیل۔دیکھو جلد پنجم۔

مہندرا (مذکر) دیکھو مہدار

مہو (مذکر) کپاس کی نئی پود کا کیڑا جو
اپنے جسم کے مادے سے اُس کو ڈھک
لیتا ہی جس کی وجہ سے پودا بڑھنے
نہیں پاتا۔یہ کیڑا مہاوٹ کے مہینے
میں مرجاتا ہی۔

مہوبیا (مذکر) ہلکا زردی مایل رنگ
کا چنا۔

مہیے گھنٹی (مؤنث) بیل کے پودے
کی جڑ جو زمین میں چھوڑدی
جائے جس سے دوسرے سال کی پود
پیدا ہو۔

میار (مؤنث) دیکھو جھابر۔اوسر کی
قسم کی زمین جو قابلِ کاشت
بنائی جا سکے۔

میاوی (مؤنث)، دیکھو سراون کھیت کو
ہموار کرنے کا ہل۔

میرا (مذکر) میرؤا۔ سہال، دُہیل،
میرا گاہن۔ ہینگے کی قسم کا کھیت
کو ہموار کرنے کا دو متوازی
لکڑیوں کو جوڑ کر بنایا ہوا ہل۔

میراثی (مذکر) دیکھو موروثی کاشت کار

میٹرا (مذکر) میرا کا دوسرا تلفظ دیکھو
میرا۔ ڈھیلا چھوڑ معمولی ہل۔

ملان خسرہ (مذکر) پٹواری کا رجسٹر جس
میں ہر قسم کی اراضیات،
جنگل، پڑتی، تالاب آبادی وغیرہ درج
رہتی ہیں۔

میکھڑا (مذکر) ماگھ کے مہینے کی بارش
دیکھو مہاوٹ۔

مینڈ (مؤنث)، آڑ۔ آڑی، ڈول۔ ڈنچال
کھیت کی حدبندی کی مُنڈیر۔

مینڈھی (مؤنث) کھلیان کے بیچ
میں گڑی ہوئی بلّی (کھم)
جس سے دائیں باندھی جاتی ہے۔
دائیں کا کھم۔ دیکھو دائیں۔

نادھنا (مصدر)، نئے بیل کو سدھانے
کے لیے ہل میں جوتنا۔
۲۔ جوتنا۔ ہل چلانا۔ ہل کھیو۔

نادھی | **ندھا** } (مذکر) دیکھو جوگرا اور
ہرنادہ۔

نار (مؤنث)، گیہوں کے پودے کا
خشک ڈنٹھل۔
۲۔ گُنچھا۔ دیکھو کُھریا۔

نارو (مذکر)، دیکھو مالا۔

ناسی (مؤنث)، دیکھو کانٹی۔ (ہل،
اور پھار

ناکا (مذکر)، بستی میں داخلے کی راہ۔
چوراہا۔ چُنگی وصول کرنے والوں کا
ٹھکانا۔

ناگ پھنی (مؤنث)، چیل سینڈ
ایک قسم کا کانٹوں دار
درخت۔ جو ایک دفعہ زمین میں پیدا
ہو کر بڑی مشکل سے ضائع کیا جاتا ہے۔
جس زمین میں پیدا ہو جاتا ہے وہ کھیتی
کے کام کی نہیں رہتی۔

ناگر (مذکر)، زمین کی گہری کھدائی کا

بہت بھاری قسم کا ہل ۔ عام طور سے گنّے کا کھیت تیار کرنے اُس کی پود لونے کے کام آتا ہے۔

۲۔ ہل کی وہ لکڑی جس میں پھار کی تیلٹی اور ہرس جڑا ہوتا ہے۔ دیکھو ہل۔

ناگل (مذکر) دیکھو ناگر فقرہ ۲۔

نال (مؤنث) دیکھو مالا۔

ناؤ (مؤنث) آب پاشی کے قابل نشیبی زمین جس میں کھیتی ہو سکے

نایک (مذکر) سنسکرت۔ نائیکا۔ کاشت کاروں کی اصطلاح مراد بنجاروں کا سرگروہ۔

نائی (مؤنث) دیکھو ڈیرنا۔

رنہوئی (دیکھو بلیہتی) آلات کشاورزی کی درستی کی اُجرت۔

رنپان (مذکر) وہ کھیت جس میں پانی کی آس نہ رہی ہو اور پودوں کی نمو (بڑھنا) رُک جائے

نجارا (مذکر) دیکھو مالا۔ مجا اناج کے کے دانوں کو کہتے ہیں۔

یہاں مُراد وہ ظرف ہے جس کے ذریعے اناج کا بیج بویا جاتا ہے۔

رنج جوت یا **رنج جوت** (مؤنث) دیکھو ریسر

رنچاٹ (مذکر) بے چراغ۔ غیر آباد یا اُجاڑ گانو جس کو کسی وجہ سے کسانوں نے چھوڑ دیا ہو۔

نرائی یا **نلائی** (مؤنث) کھیت کے پودوں کی جڑوں سے گھاس اور جنگلی پودے نکالنا اور جڑ کی مٹی پولی کرنا۔

کہاوت:۔

بھلی جات کرمی کی کھُرپی ہاتھ
اپنو کھیت نرادے پی کے ساتھ

نرنیج (مؤنث) دیکھو رنج مار

نرمٹ (مؤنث) چکنی مٹی کی نرم زمین

نرہیل (مذکر) نرہیلی۔ دیکھو آڑبند۔

نریلی (مؤنث) دیکھو جوگرا۔

نزول (مذکر) ب ت وری۔ شہر کی وہ اراضیات جو آبادی کی مشترکہ ملکیت ہوں اور جس کا انتظام آبادی

کے باشندوں کے سپرد ہو۔ اس میں ملک،
نالے، پل، سڑک وغیرہ کی اراضیات
بھی شامل ہیں۔
۲۔ نزول کا کرایہ۔

نقشہ جنس واری (مذکر) پٹواری
کی فرد پیداوار یا
رجسٹر اجناس۔

نقشی (مؤنث) دریا کے کنارے
کی کاشت کا لگان جو زمیں دار
کو فصل در فصل ادا کیا جاتا ہے اور اگر
طغیانی کے سبب فصل خراب ہو جائے
تو زمین دار لگان طلب کرنے کا مجاز
نہیں۔ کسان چاہے تو کھیت چھوڑ دے
اور لگان نہ دے۔

نکاسی خام (مؤنث) وہ لگان جو
کاشت کار سے سرکار کو
راست وصول ہو یا عارضی طور پر
کاشت کار کو لگان کی ادائی کا ذمے دار
بنایا جائے۔

نکوا (مذکر) بیج کے اندر چھپا ہوا
سوئی کی نوک کی شکل کا پھٹاو
جس سے جڑ بنتی ہے۔

نکونی (مؤنث) پوست کی پودے کی جمائی
یعنی کیاری سے کھیت میں منتقلی

نلائی (مؤنث) دیکھو نرائی۔

نلو (مذکر) اناج کی گاڑیوں کی جھڑن
۲۔ مختلف قسم کے اناجوں کے ملوا دانے
جو اناج کی منڈی میں گرے پڑے
جمع کر لیے جائیں۔

نمبردار (مذکر) دیکھو لمبردار

نوآباد (مذکر) دیکھو نوتوڑ

نوان (مؤنث) اچھی پیداوار کا کھیت
کہاوت:۔
جس کا اونچا بیٹھنا جس کا کھیت نوان
ان ویری کیا کرے جن کا میت دیوان

نوبرار / **نولیو** (مؤنث) دریا کے بہاؤ کی
مٹی سے بنی ہوئی نئی زمین۔
ڈیلٹا۔

نوتم کار (مذکر) دیکھو جنم کار۔
موروثی کاشت کار۔

نوتوڑ (مؤنث) اوتھل (انکھر) غیر
مزروعہ اراضی جو زراعت کے لیے

پہلی مرتبہ کام میں لائی جائے نوآباد

نوڑوپ (مؤنث) نیل کے پودے کی پہلی بار کی شاخیں جو رنگ نکالنے کو کاٹی جائیں۔

نوڑلف (مذکر) پرانے گنّے کی آنکھ سے پھوٹا ہوا پودا۔

۲۔ گنّے کا پھٹاؤ۔

نوڑلیو } **نوڑلیوا** } (مؤنث) دیکھو نوبرار اور کھادر۔

نونار } **نونائی** } (مؤنث) دیکھو نون چہ

نون چہ (مؤنث) نونار۔ نونائی۔ نونامٹی۔ نونیرا۔ نونی۔ وہ قطعۂ اراضی جس میں نمک کے اجزا زیادہ ہوں اور ناقابلِ کاشت رہے۔ عام طور سے اوسر کہلاتی ہے۔

نونی } **نونیرا** } (مؤنث) دیکھو نون چہ

نوہر (مذکر) نیاہل۔ نکیلی پھار کا ہل

نہری زمین (مؤنث) وہ قطعۂ اراضی مالراضیات جس کی آب پاشی نہر کے پانی سے ہو۔

نہلا } **نہرا** } (مذکر) وہ قطعۂ اراضی جو ندی یا نالے کے پانی کی رو کی زد میں ہو یعنی جس میں پانی چڑھ آتا ہو۔

نیگی (مذکر) گانو کیرا جس کا مقررہ حق اُس کی خدمت کے عوض مقررہ وقت پر دیا جاتا ہے۔ رسمی اور رواجی عطایا پانے والا گانو کیرا

نیمونا } **نموٗنا** } (مذکر) چنے کا کچا ڈوڈا جس میں دانہ نہ بنا ہو۔

وترآنا (مصدر) دیکھو اوٹ آنا یا اوَد آنا۔

وٹنی گُرسن (مذکر) دیکھو موروثی کاشت کار۔ جنم کار۔

ویڑ } **ویڑنا** } (مؤنث) دیکھو مالا۔ بعض مقامات پر اورنا کہتے ہیں۔ ویرنا۔ پیرنا کا دوسرا تلفظ ہے

ویرا } **ویرنا** } (مذکر) دیرا اور پیرنا کو اینٹر (گنیٹر) نائی۔ نوآئی کا ہل۔ اس ہل کو نائی اس وجہ

سے کہتے ہیں کہ اس میں تخم بونے کی نَی سے موسوم ہو گی ہوتی ہو اور یہی
جو عام طور سے مالا اور دوسرے ناموں اس کی وجہ تسمیہ ہے۔

ہلپر (مؤنث) گنّے کی پَود کی کیاری۔

ہاتھی } (مذکر) ہست۔ برسات کے
ہاتھیا } موسم کا آخری مہینہ۔ کوار کے
مہینے کی بارش جو فصلِ ربیع
کی کاشت کے لیے ضروری ہوتی ہے۔

ہار (مؤنث) وہ قطعۂ اراضی جو مویشی
چرنے کو چھوڑ دیا جائے۔
۲ گانو سے دُور فاصلے پر کا کھیت
۳۔ خشک ریتلی زمین۔

ہاری (مذکر) دیکھو ہالی۔
کہاوت:۔
جس کا ہوئے برہمن ہاری
اُس کے تِل گئے اور اُن اری

ہاڑ (مذکر) اگواسی۔ انکوری۔ جانگھیا۔
ہل کا وہ حصہ جس میں ہتھی۔ تلیٹی
اور پھار ہوتی ہے دیکھو ہل

ہالا (مذکر) سرکاری لگان جو بہ اقساط
وصول کیا جائے۔ (دہلی)

ہالی (مذکر) ہاری۔ ہواہا۔ جو مار
جوتیا۔ جوتن۔ کھیت میں ہل چلانے والا
مزدور۔ کسان

ببرا } (مؤنث) دیکھو بھاس
بببا }

ہتھ اُٹھوا (مذکر) مذہبی اغراض کے
خرچ کا مُقرّرہ دان جو
کسان فصل پر ادا کرے۔

ہرائی } (مؤنث) کھیت میں ہل
ہلائی } چلانے کا عمل۔

ہرجنا } (مذکر) بجار۔ وہ کھیت
ہرجنسی } جس میں سوائے چاول
کے ہر قسم کی جنس پیدا ہو

ہرچھپّان (مذکر) کھیت کی ہلائی
ختم ہونا یا پوری ہو جانا۔

ہرس } (مذکر) ہل کے جوئے
ہنس } کی بَلّی۔ دیکھو ہل۔
(ہریس یا ہلیس)

ہرسّجا (مذکر) ساجھی (شریک) یہ علاوہ
تلفظ۔ ہل اور کھیتی کا شریک۔

ہرسونت (مؤنث) کھیت میں ہل
کی نوک سے کھدی ہوئی
ہل کی نوک کا نشان۔

ہرسودیا (مذکر) ہرسایا و کاشت کار۔

مزدور جو حسبِ معاہدہ سال بھر کو کام پر لگایا جائے۔

ہرکارہ (مذکر) حولدار۔ کھیتی باڑی کے ہر قسم کے کام کی چوکسی کرنے والا ملازم (ہل + کار)

ہرکٹ (مؤنث) چرکٹی۔ چارے کے لیے کاٹی ہوئی کھیتی۔

ہرگھٹیٹ یا **ہل گھٹیٹ** (مؤنث) گانو کی مزروعہ زمین۔

ہست (مؤنث) دیکھو ہاتھی

ہلواہا (مذکر) دیکھو ہالی

ہرمانی (مؤنث) کُلھاوں سالی۔ (کولھو = کلھاون = سالی = سائی) گنّے کا رس نکالنے کے کولھو کی مرمّت کی اُجرت۔

ہرن کھری (مؤنث) کھیتی کو نقصان پہنچانے والی ایک قسم کی خودرو نباتات۔ اس کے پتّے ہرن کے کھر کی شکل کے ہوتے ہیں اور یہی اس کی وجہِ تسمیہ ہے

ہروت (مؤنث) ہل چلائی (ہلائی) کا زمانہ

ہروئی (مؤنث) ہالی کی اُجرت جو پیشگی ادا کی جائے۔

ہرتیتی (مؤنث) ہلیتی۔ دیکھو بنونی۔ ہل کی مرمّت کی اُجرت۔

ہرنیا (مذکر) بکھر کی آہنی پٹّی جو ہل کے وزن کو سہارنے کے لیے آڑی لگی ہوتی ہے اس کو آکھلا بھی کہتے ہیں جس پر ہل کا دھرا ٹکا رہتا ہے

ہفت گانہ (مذکر) پٹواری کے کھاتوں اور روزنامچوں کا مجموعی نام جو حسبِ ذیل ہے۔

(۱) فہرستِ پیمائش۔

(۲) جمع بندی۔

(۳) سیاہا

(۴) بہی کھاتہ۔

(۵) بُجھاوٹ

(۶) روزنامچہ

(۷) جنس وار

ہسیا (مذکر) داتسا۔ دتولا۔ درانتی۔ کھیتی کاٹنے کا اوزار

ہسیا
(داتشا۔ دنتولا)
ہل
الف :۔
ہاڑ (ناگل۔ناگر۔پھوٹ۔اگوائی۔انکوری جانگیا۔ڈانڈی)
۱۔پھالر (چوڑ رکوُسا)
۲۔کانٹی (پاس)
۳۔چوہن (کھوپا۔گڑاڑی۔پہاڑی کھرُڑ۔کھود)
۴۔اگواسی
۵۔گندھیل
۶۔دھالنس (بھینّا)
۷۔چڑیا
۸۔چندولی (پریھا۔ٹٹھیا)
۹۔آگھا (آڑبند)
۱۰۔گونج
ب :۔
ہرس (لڑھ۔ بم)
۱۱۔ ماچی (جوا۔ہرشی)
ب
الف

ہل (مذکر)، کھیت کی زمین کھودنے اور مٹی پلٹنے کو کاشت کاری کا سب سے ضروری آلۂ کار جو حسبِ ضرورت بنایا اور

اور واو کو بے سے بدل دیتے ہیں۔ چناں چہ ہل اور اس سے متعلقہ اصطلاحات کو اکثر جگہ ہَر اور پیرنا کو وِیرنا بولتے سُنا اس لیے

مختلف ناموں سے موسوم کیا جاتا ہے۔
ہندی بھاشا میں عوام اکثر الفاظ کے تلفّظ میں حرفِ لام کو رے سے

جس مقام پر جیسا سُنا ویسا ہی لکھ دیا۔
ہل کے دو حصّے ہوتے ہیں ایک جوڑنے والا حصّہ جو اصطلاحاً ہَرس (بمزبہ) ہم

ٹرھ یا ہل کہلاتا ہے۔ اِس کے سرے پر
جو جوا ہوتا ہے اُس کو پانچی اور ہرنی بھی کہتے
ہیں۔ وہ سرا پھار والا حصّہ اس کو اصطلاحاً
پٹنو۔ ناگل (ناگر) ہاڑ اور بعض مقامات پر
اگوائی۔ انکوری۔ جانگیا اور ڈانسری (ڈانڈی)
کہتے ہیں۔

ہرس اور ناگل کو جوڑنے والی چوبی
میخ اصطلاحاً گنڈھیل اور اوگ۔ پاتھو۔
بچھوانسی۔ جوت۔ چندھلی۔ سیلا۔ مانجھی
(منجھی) مچھ کوتر وغیرہ ناموں سے موسوم
کرتے ہیں اور اُس کے نیچے کا چوبی
پشتی وان اصطلاحاً دھانس اور پھنا
کہلاتا ہے۔

ناگل (ناگر) کا اہم حصّہ آہنی پھار ہے
جس کو چو اور کوسا بھی کہتے ہیں اور اُس
کی پتلی نوک جو زمین کھودتی ہے پانس۔
تاسی۔ کانٹی اور پھالی کہلاتی ہے۔

کاؤدم لکڑی کو جس پر پھار جڑی
ہوتی ہے چوہن۔ کرمارٹی۔ کھونیا۔ کھود
اور گھٹر کہتے ہیں۔

وہ کیلا یا چوب جو چوہن کو ناگر سے
جڑے رہتا ہے اگواسی کہلاتا ہے۔

کرن۔ کھود کو چوڑا کرنے والی ہل
کی پھار کی نوک کے قریب لگی ہوئی
میخ۔

پاکھلی (کالیو۔ رؤخانی) زمین
ہموار کرنے کا ہل میں لگا ہوا تختہ۔

پرتھی۔ متوازی برھے بنانے کا
ہل میں لگا ہوا خط کش۔

ہل کی قسمیں:۔

۱۔ ہینگا یا پھارا۔ کٹی ہوئی کھیتی
کی جڑیں اور کھیت کی خودرو نباتات
صاف کرنے والا ہل (دیکھو تصویر
تحت لفظ گدن) اس ہل کو پنچنکورا
پندھی۔ دھنیالا۔ ذخیلا (دنتاولا دنتبالا)
کٹھ پھاوڑی گدن اور لگا بھی کہتے
ہیں۔

۲۔ بکھر (بندھیلکھنڈ) سینڈو۔
کسیا (دکن) گہری کھدائی کرنے والا
بھاری قسم کا ہل عام طور سے ہل کے
نام سے معروف ہے۔

(دیکھو تصویر)

۳۔ لوٹن جس کو سراون یسہا گا سہیل (سہال) گاہن۔ ہیرا (ہیرو آ) میاوی وغیرہ ناموں سے موسوم کیا جاتا ہے یہ ہل دو متوازی لکڑیاں جوڑ کر بنایا جاتا ہے جو کھیت کے ڈھیلے پھوڑنے اور گڑھے برابر کرنے کا کام دیتی ہیں۔ جب لکڑیوں کی بجائے کسی قسم کا بیلن لگایا جاتا ہے تو اس کا نام گراری۔ روری (راری) کیری۔ کوٹھو۔ یا ڈھینکلی ہوتا ہے۔

۴۔ پٹیلا (پٹیلا) پتری (پتوری) پڑوٹھا۔ کھیت کی زمین ہموار کرنے کا ہل جس میں ایک بھاری تختہ کھیسے کی وضع کا لگا ہوتا ہے۔

۵۔ ویرا (ویڑنا) نائی۔ کوانڑ بیج بونے کا ہل (دیکھو تصویر تحت لفظ ویرا (ویڑنا) اور اس کی ایک قسم چھنوا کہلاتی ہے جس سے اکھ بوئی جاتی ہے

۶۔ دیہری۔ بیج ڈالنے کے بعد تالیوں کو برابر کرنے کا ہلکا ہل۔

ہل کی کہاوت:۔

۱۔ ایک ہل کتا دو ہل کاج
تین ہل کھیتی چار ہل راج

۲۔ دو ہل راؤ اٹھ ہل رانا چار ہل کا بڑا کسان
دو ہل کھیتی ایک ہل باڑی ایک بیل سے بھلا کرکی

ہلاتیا | **ہرانتا** ہل چلانے کی رُت۔ کھیت کی ہلائی شروع کرنے کا وقت۔

ہروت۔ ہیرتی۔ ہل سوت۔ ہل کھیو ہریت بھی کہتے ہیں

ہل برار (مذکر) دیکھو ہل بندی۔

ہل بندی (مؤنث) ہل برار۔ ہل ساکی ہل کا کرایہ یا معاوضہ ہتوال

۲۔ ہل پیچھے مقررہ لگان اراضی مزروعہ

ہل بھوک (مذکر) دوسرے کے کھیت پر زبردستی قبضہ جمانا۔

ہل ساجھا (مذکر) ہرساجن۔ مشترک کھیتی یا کھیت کی جتائی۔

ہل ساری (مؤنث) دیکھو ہل بندی

ہل گھٹیٹ (مذکر) وہ کھیت جس میں کھیتی ہوتی ہو۔

ہلواہا (مذکر) دیکھو ہالی

ہنسراج (مذکر) اروا چاول کی ایک قسم دیکھو دھان

ہورا (مذکر) دیکھو ہولا۔

ہولا (مذکر) گدرا۔ خام۔ وغیرہ تیاری۔ برایا ہوا اناج کا دانہ یا بالیں وغیرہ جس کی کٹائی شروع کر دی جائے اور جو بھون کر کھانے کے قابل ہو گیا ہو (بیانا)

ہیٹھا (مذکر) دیکھو اہیٹھا

ہیراول (مؤنث) ڈھوروں یا بھیڑ بکری کے گلّوں کو کھیت میں رات بسر کرانے کا طریقہ جس سے کھیت کو کھدیانا منظور ہوتا ہے کیوں کہ اس طرح جانوروں کا گوبر پیشاب کھیت میں ہر طرف پھیل جاتا ہے۔

ہیمنت (مؤنث) ہیما بمعنی سردی + مراد موسم سرما یعنی فصلِ ربیع کی پیداوار۔

ہنیگا (مذکر) کھیت کی جڑ میں صاف کرنے کا ہل۔ دیکھو ہل فقرہ ۱۰ اور فقرہ ۱۳

دوسری فصل پیشہ باغ بانی

آک (مذکر) آکھ اور آنکھ کا دوسرا تلفظ دیکھو آنکھ۔

آکھ (مؤنث) دیکھو آنکھ۔

آلان (مذکر) بیل چڑھنے کا سہارا۔ بیل پھیلنے کو بانس وغیرہ کا بنایا ہوا منڈھوا۔

آنکڑا (مذکر) دیکھو لگّی (لگّہ)

آنکھ (مؤنث) آکھ۔ آک۔ انگسا۔ اکھوا۔ انکھوڑا۔ چشمہ۔ گنّے، بانس اور اسی قسم کے درخت کی پور پر نئے پودے کے پھٹاؤ کا نشان جو آنکھ کی شکل کا ہوتا ہے اور یہی اس کی وجہ تسمیہ ہے۔ اسی آنکھ میں سے نیا پودا پھوٹتا ہے اس لیے اُس کو پودے کا بیج سمجھا جاتا ہے۔

(نکلنا۔ پھوٹنا)

اڈگدرا (مذکر) تیاری پر آیا ہوا پھل۔

اُکسا (مذکر) چھوٹے پودوں کی جڑیں گلنے کی بیماری جو پانی کی زیادتی سے پیدا ہو جاتی ہے (لگنا)

ف:۔ بارش کی زیادتی سے پودے اکس گئے۔

اُکسنا (مصدر) بیج کے پھٹاؤ کا بیج سے باہر [illegible]

اکھوا (مذکر) انکھوڑا۔ آنکھ کا اسم مصغر دیکھو آنکھ۔

امری (مؤنث) دیکھو امریاں۔

امریاں (مؤنث) آم کی سر درختی یعنی آموں کے درختوں کا باغیچہ

ہندی گیت:۔

جھولا کن ڈالو ہے امریاں
باگ مدھیرق تال کنارے ورلا جھنکارے

مادر کارے برس لاگیں بوندیں پھسّاں پھنّیاں
جھولا کبن ٹڈاو بڑ آمریاں

اُنتر (مؤنث) قطار در قطار لگے ہوئے
پودوں کی کیاری۔

۲۔پودوں کی باقرینہ قطار۔

انٹا (مذکر) بے تخم درختوں (بوٹوں) کی پود

جاتا ہے۔جب اس میں جڑیں نکل
آتی ہیں تو شاخ کو کاٹ کر زمین میں
لگا دیا جاتا ہے۔ (باندھنا)

انڈگی (مؤنث) آم کی پال کا گٹھا
دیکھو پال۔

انکھوڑا (مذکر) دیکھو اکھوا۔

لگانے کے طریقوں میں کا ایک طریقہ جس
میں شاخ کو کاٹ کر زمین میں دبانے
کے بجائے اُس کو کلا پھوٹنے کے نشان
پر بنی ہوئی مٹی تھوپ کر اوپر سے
کیلے کی چھال یا مٹی کا ظرف باندھ دیا

انگسا (مذکر) دیکھو آنکھ۔

اوٹ (مؤنث) کانٹی۔جانوروں سے
بچانے کے لیے چھوٹے درختوں
کے اطراف آہنی یا اینٹ کا بنایا ہوا
جنگلا۔

ایرُو (مؤنث): دیکھو کھاد (دکن میں کھاد کو ایرُو کہتے ہیں)

باراسبہ (مذکر) امری کا لگان

باربٹائی (مؤنث) مالک اور کارکنوں کے درمیان باغ کے پھلوں کی تقسیم کا طریقہ۔

باغ (مذکر) پھول اور پھلوں کے درختوں کی پرورش کا مقام۔ (بنانا۔ لگانا۔ اُجڑنا)

باغ باڑی (مؤنث) باغیچہ جس میں پھول اور ترکاری کے پودے لگائے جائیں۔

باغ بان (مذکر) باغ کا رکھوالا یا نگہبان

باگر (مؤنث) [illegible] کا گنواری تلفظ مراد باغ [illegible] قطعۂ اراضی [illegible] پانی کی عمدہ زمین۔

باغیچہ [illegible] پھلواری کی کیاری [illegible] کے لیے تیار کرے

بچھاڑ (مؤنث) جنگل کے اندر باغیچے پھول [illegible] کی جگہ۔ [illegible]

بِروا (مذکر) نیا اور کم عمر پودا۔
کہاوت:- ہونہار بروا کے چکنے چکنے پات

برواہی (مؤنث) نورنگی۔ چھوٹے پودوں کا چمن یا کیاری۔

بُڑیا (مؤنث) آگ (مدار) کے درخت کا بیج جس کے چاروں طرف روئی کے سے لمبے لمبے ریشے لگے ہوتے ہیں

؎ پتھورا کے محلوں کی ہو کوئی آگ کی بُڑیا
بنے آکے وہ بوڑھے اور بڑے نداف کا جوڑا
(انشا)

بکّل (مذکر) درخت کی موٹی اور سخت چھال (نکلنا۔ اُترنا)

بگولیا (مذکر) پودوں کی ایک بیماری جس میں پتّوں اور شاخوں پر سفید پھپھوندی کی طرح کا مادّہ پیدا ہوجاتا ہے جس سے پودا جل جاتا ہے (لگنا)

بلُوطی پتّا (مذکر) بلوط کے درخت کے پتّے کے مشابہ پتّا۔

بند گوبی (مؤنث) دیکھو گوبھی۔

بلُو (مؤنث) ترئی اور کدو کے قسم کی بیلوں کا ڈورے کی شکل کا ریشہ جو

پتّوں کے ساتھ شاخ سے گھنگریا ہُوا نکلتا اور بیل کے چڑھنے کو سہارا ڈھونڈتا اور اس کو لپٹ جاتا ہے۔

بوٹا } (مذکر) چھوٹی قسم کا خوش وضع پودا۔
بوٹنا }

بوٹی (مؤنث) زمین سے لگی گی پھیلنے والی نباتاتی پود۔

بوری (مؤنث) پھل کا گھنڈی نما اُبھار یا جماؤ جو پھول کے بیچ میں یا اس کے نیچے بننا شروع ہوا ہو۔ (جمنا۔ لگنا۔ بیٹھنا۔ جھڑنا۔)

بہار (مؤنث) بسنت رُت۔ درختوں میں نئے پتّے اور پھول نکلنے کا زمانہ۔ نباتات کے جوشِ نمو کا وقت (آنا)

بیج گڈّا (مذکر) پودوں کی سرد رختی لگانے کو تیّار کیے ہوئے گڑھے۔

۲۔ خاص قسم کے پودے کا بیج بونے کو بنایا ہوا گڑھا۔

بیل (مؤنث) نباتات کی وہ صنف جس کو اُوپر اُٹھنے کو سہارے کی ضرورت ہو یعنی سہارا لے کر اوپر چڑھے۔ (چڑھنا۔ چھانا)

بیل بوٹا (مذکر) پودا اور بیل۔

بیلچہ (مذکر) دیکھو جلد اوّل پیشہ بیل داری

بیضہ خانہ (مذکر) دیکھو بچّہ دانی۔

بیضاوی پتّا (مذکر) انڈے کی وضع کا دونوں سروں پر دبا ہوا اور بیچ میں سے چوڑا پتّا۔

بھونڈی (مؤنث) ایک قسم کا پروانہ جو فطرتاً پھولوں کا غبار ایک پھول سے دوسرے پھول میں منتقل کرتا ہے۔

پا بیل کرنا (مصدر) پودوں کی کیاریوں کی کھود۔ پودوں کی جڑوں کے پاس کی مٹی پولی کرنا اور پلٹنا تاکہ اُوپر کی مٹی نیچے ہو اور پودے کو نئی غذا ملے۔

پال (مؤنث) بعض گدرے پھلوں کو عموماً اور آم کو خصوصاً سوکھی گھاس میں رکھ کر پرورده کرنا پختہ کرنا

۔۔۔ (اُٹھنا) بھُس میں رکھے ہوے گدرے آموں کا تیار ہوجانا۔

۔۔۔ (پڑنا) گدرے آموں کو گرمی پہنچانے کے لیے سوکھی گھاس میں رکھنا تاکہ پختہ ہو جائیں۔

۲۔ گرمی میں گھُٹ جانا (اردو محاورہ)

۔۔۔ (ڈالنا) گدرے آموں کو سوکھی گھاس میں رکھنا۔

۔۔۔ (کھولنا۔ نکالنا) پال کے آموں کو گھاس سے علیحدہ کرنا۔

۳۔ کھائی کے درمیان قابلِ زراعت اراضی۔

پانکھی (مؤنث) کیاریوں کی نالیوں میں سے مٹّی نکالنے کا تکونی شکل کا دستے دار اوزار

پانکھی

پتّا (مذکر) برگ۔ ورق۔ درخت کی بہار کی شکل (پھوٹنا۔ نکلنا)

پتّی (مؤنث) پتّے کا اسمِ مصغّر۔

؎ آتا نہیں کچھ سمجھ میں اپنی
کیسے انھیں بھول یا کہ پتّی

پترہ نُما پتّا (مذکر) دو دھاری تلوار کی شکل کا لمبا پتّا۔ جیسے سکھ داس۔ نرگس وغیرہ کا پتّا۔

پت جھڑ (مؤنث) درخت کے پرانے پتّے جھڑنے کی کیفیت جو عام طور سے موسمِ خزاں میں ہوتی ہے۔

پت جھڑ کا موسم (مذکر) موسمِ خزاں۔ سردی کا آخری زمانہ

پتّورا (مذکر) گھنے پتّوں کا درخت

پتیانا (مصدر) درخت میں معمول سے زیادہ پتّے نکلنا اور پھول پھل کم آنا۔

ف:۔ اس سال آم کا درخت پتیا رہا ہے۔ اس لیے پھول نہیں ہے۔

پٹّا (مذکر) معمول سے بڑی کیاری کا تھالا

—— (کھینچنا) کیاری کی حدبندی کرنا۔
منڈیر باندھنا۔
۲- بڑی کیاری۔

پٹیلا (مذکر) کیاری کی زمین ہموار کرنے کا
تختہ (سُہاگی)

پٹھار (مؤنث) ایسا قطعۂ اراضی جس کی
سطح کی مٹی کے قریب چٹان ہو
اور بڑا درخت نہ لگ سکے۔

پرتھی (مؤنث) کیاری میں تخم بونے کا
پتلی نوک کا کھرپے کی وضع کا
اوزار۔

پرونڈرا (مؤنث) زرد مٹی کی زمین جس
میں پھل دار پودے اچھی طرح
نہ پھلیں۔

پنجہ نما پتّا (مذکر) ایسا پتّا جس کے کناروں
میں ہاتھ کی انگلیوں سے مشابہ
گہرے کٹاؤ ہوں۔

پنجگالا (مذکر) کیاریوں کو صاف کرنے کا
پنج شاخہ۔

پنکھڑی (مؤنث) پھول کی پتی۔

پنیری (مؤنث) دیکھو پنیر...

کاشت کاری۔

پوتھ / **پوٹ** (مؤنث) گول گانٹھ کی شکل
کی جڑ۔ گٹھیلی جڑ۔

پوتھی / **پوتھیا** (مذکر) پوتیا۔ گول گٹھیلی جڑ کا
پودا۔

پوتیا (مذکر) دیکھو پوتھی (پوتھیا)

پود (مؤنث) کم عمر چھوٹے پودے جو
کیاری میں مجموعی طور پر لگے ہوئے
ہوں (لگانا)

—— (بدلنا۔ پلٹنا۔ پھیرنا) نئے پودوں کو
ایک جگہ سے نکال کر دوسری جگہ جمانا

پودا (مذکر) نیا پیدا ہوا۔ چھوٹا درخت
جس میں شاخیں نہ نکلی ہوں (لگانا)

پودھاری (مؤنث) پود کی کیاری۔
دیکھو پنیری۔

پور / **پوری** (مؤنث) بانس گنے اور اسی
جنس کے دوسرے درختوں
کے تنے کا دو گانٹھوں یا
جوڑوں کے درمیان کا حصہ۔

پیالہ گُل (مذکر) کٹوری۔ پھولوں کے
نیچے کا وہ حصہ جس میں پھول

کی پنکھڑیاں یا اُن کی ڈنڈی جمی ہوتی ہے
پھول کی پتّیوں کا پیالہ نما غلاف

پیری کرنا (مصدر) پودوں یا درختوں کی کاٹ چھانٹ کرنا۔

پیڑ (مذکر) درخت، جھاڑ (دکن)

پینڈ پودا (مؤنث) چھوٹے پودوں کی جڑوں کے چاروں طرف چڑھائی ہوئی مٹی۔

پیوند (مذکر) جوڑ۔ باغ بانوں کی اصطلاح میں ہم جنس درختوں میں اعلیٰ قسم کے درخت کی شاخ کو ادنےٰ قسم کے درخت کی شاخ کے ساتھ وصل کر دینے کے عمل کو کہتے ہیں جو عمدہ تخم پیدا کرنے کا ایک طریقہ ہے۔ (لگانا۔ باندھنا)

پیوندی درخت (مذکر) پیوند کیا ہُوا درخت۔ دیکھو پیوند۔

پھٹکی (مؤنث) دیکھو کھٹکا۔

پھل (مذکر) بار۔ ثمر۔ درخت کا حاصل (آنا۔ لگنا۔ اترنا۔ جھڑنا۔ گرنا۔)

ہندوستان کے مشہور پھل حسبِ ذیل ہیں:۔
آم۔ انار۔ آڑو۔ آلوچہ۔ انجیر۔ ارنڈ خربوزہ۔ انناس۔ امرود۔ بڑھل۔ بہی۔ بیر۔ تربوز۔ جامن خربوزہ۔ خوبانی۔ رس بھری۔ سپاٹو۔ سردا۔ سنترہ۔ سیب۔ شریفہ۔ فالسہ۔ کٹھا۔ کمرخ۔ کرونده۔ کھرنی۔ کیلا۔ کٹھل۔ گوندنی۔ لوکاٹ۔ لیچی۔ لیموں۔ میٹھا۔ ناخ۔ نارنگی۔ ناشپاتی۔ موزم بی۔

پھل پنکھ (مذکر) وہ پتا جس میں کیلے کی گابھ لپٹی ہوئی ہوتی ہے۔

پھل دان (مذکر) پھل رکھنے کا برتن

پھل کر (مذکر) پھلوں کا محصول۔ باغ کا لگان۔

پھلن (مؤنث) پھل آنے کی حالت

پھلنا (مصدر) درخت میں پھل لگنا۔

پھُلواری (مؤنث) پھولوں کی کیاری پھول دار پودے۔

پھُلنگ / **پھُننگ** (مؤنث) چوٹی۔ بڑے اور اونچے درخت کی چوٹی۔ یعنی سب سے اونچا سرا۔

پھوٹ (مؤنث) خربوزے کی جنس کا ایک پھل۔

پہیلی۔ کھیت میں اُپجے سب کوئی کھائے
گھر میں ہوئے تو گھر بہ جائے۔

پھوٗل (مذکر) اُردوٗ میں جس پھوٗل کو گُلاب کہتے ہیں فارسی میں اُس کے لیے لفظِ گُل مخصوٗص ہے۔ اُردوٗ میں پھوٗل کے لیے لفظِ گُل بولا جانے لگا ہے۔ ہندوستان کے مشہوٗر پھوٗلوں کے نام حسبِ ذیل ہیں اس میں بہت سے نام جو غیر معروٗف ہیں ترک کر دیے گئے ہیں:۔

روِش کی صفائی پر بے اختیار
گُلِ اشرفی نے کیا زر نثار
چمن سے بھرا باغ گُل سے چمن
کہیں نرگس و گُل کہیں یاسمن
چنبیلی کہیں اور کہیں موتیا
کہیں رائے بیل کہیں موگرا
کھڑے شاخ تیتو کے ہر جا نشان
مدن بان کی اور ہی آن بان
کہیں ارغواں اور کہیں لالہ زار
کہیں جعفری اور گیندا کہیں
سماں شب کو داؤدیوں کا کہیں
کھڑے سرو کی طرح چنپے کے جھاڑ
کہے تو کہ خوشبوئیوں کے پہاڑ
کہیں زرد نسریں کہیں نسترن
عجب رنگ کے زعفرانی چمن
رہا چینِ سرسبز تازہ بہار
وہ پھوٗلی حنا ہر طرف عطر بار
بنفشہ کہیں سنبلِ تر کہیں
کہیں سوسن اور گُل بہار آفریں
چاندنی کے پھوٗل روشن چاندنی کے نوٗر سے
چاندنی ایسی کہ تم پیتو کو گن لو دوٗر سے
وہ سرخی میں سینبھل کے گُل بے عدیل
دکھاتے ہیں لطفِ ریاضِ خلیل
وہ سرسے کے پھوٗلوں کی بوٗ تیز تند
جسے سوٗنگھنے ہی کھلے ذہنِ کُند
کرن پھوٗل گو ہر لیے بے شمار
دکھاتا ہے چاندی کے گھنگرو مدار
وہ سہجن کے وہ سرخ گھنگچی کے پھوٗل
املتاس اور مال کنگنی کے پھوٗل
گُلِ ریحان دنیا زبو رات کی رانی

۱۔ چنبیلی ۲۔ بیلا ۳۔ بڑی موتیا

(گل ستبو) ، گل آفتاب (سورج مکھی)،
گل تسبیح گل ممکہ۔ گل فرنگ۔ گل شاہ پسند
گل نافرمانی۔ گل زنبق۔ گل مہوبا دچکان،
گل مرجان۔ گل مہندی۔ گلنار۔ گل عباس
گل عشق پیچا۔ گل نورنگ گڑہیر۔ گل پہنا
دکھار، گل خار (بھٹ کٹیا)
گل آرکم۔ گل ٹیکا۔ گل رعنا۔ گل خیرو
گل ہزارہ۔ گل شقایق۔ گل مولسری۔
گل سیوتی۔ گل کیوڑہ گل نواڑا۔ گل پیادہ
گل جوئی۔ گل خطمی۔ گل سورجن۔ گل یوسف
گل نیلوفر۔

دہلی کے قریب قصبہ مہرولی میں ایک میلا برسات میں بھرتا ہی جو پھول والوں کی سیر کے نام سے مشہور ہی۔ اس میلے کی کیفیت بعض کتب ادب میں درج ہی

تاج گل (مذکر) بعض پھولوں کے بیچ کا لمبا ریشہ جس کے سرے پر گھنڈی کی شکل کا زیرا ہوتا ہی

تختہ (مذکر) ایک ہی قسم کی درختوں کی برابر لگی ہوئی پود۔ مثلاً گلاب کا تختہ موتیا کا تختہ۔

ف:۔ باغ میں جگہ جگہ گلاب اور موتیا کے تختے لگے ہوے ہیں۔

تختہ بندی (مؤنث) ایک ہی عمر اور ایک ہی قسم کے پودوں کا مقررہ جگہ پر لگانے کا طریقہ۔ (کرنا)

تنا (مذکر) بڑے درختوں کا جڑ کے اوپر کا لمبا اور موٹا حصہ جس پر ڈالے، ڈالیاں اور شاخیں نکلتی ہیں۔

تناور درخت (مذکر) تنے والے درخت۔ بڑی قسم کے پیڑ۔

تہ پھاڑی (مؤنث) پودوں کی جڑیں گودنے اور بیج بونے کا تین پھلوں کا کھرپا۔

تہ
شاخہ
کھرپا

تہ پھاڑی

تیر نما پتا (مذکر) نوکیلا اور لمبوترا پتا۔

تھاولا } (مذکر) تھان۔ تھالی۔ تھلا۔
تھانولا } گھیر۔ پالا۔ ڈھولا۔ درخت کی جڑ کے اطراف پانی کی روک کو مٹی کا بنایا ہوا گھیر۔

تھل } (مذکر) دیکھو تھاولا۔
تھلا }

تھن } (مذکر) ضامن۔ گابھ۔ سبے پھول
تھنی } درخت کے ڈلے کا کلا جس میں سے پھل نکلتا ہے جیسے انجیر اور گولر کا تھن اگر اس کو توڑ دیا جائے تو پھر اس جگہ پھل نہ نکلے (نکلنا)

ٹپکا } (مذکر) پکا ہوا آم جو خود بخود
(ٹ پ ک ا) } شاخ سے گرنے لگے (لگنا)

ٹٹی (مؤنث) باڑ۔ سدا بہار پودوں کی قطار جو چمن یا کیاری کے اطراف بطور باڑ لگائی جائے (لگانا)

ٹوٹا } (مذکر) کیلے کے درخت کا تنا
ٹونٹا } جس میں سے گیل نکل چکی ہو۔ اور بڑ میں نئی پود پھوٹی ہو۔

ٹہنا (مذکر) ڈالا۔ تنے میں نکلا ہوا چھوٹا تنا جو اس کی مختلف سمتوں میں نکلتا اور پھیلتا ہے۔

ٹہنی (مؤنث) ڈالی۔ ٹہنے کا اسم مصغر

ٹھنڈ (مذکر) تنے یا ٹہنے کا بے برگ و شاخ سرا

ٹھنڈ مارنا (مصدر) پالا مارنا۔ پودوں کو سردی لگ جانا جس سے وہ جل جائیں۔

ٹھرا (مذکر) دیکھو پھل کر۔

جامن } (مذکر) ضامن کا غلط لفظ
ضامن } تھن۔ گابھ۔ پھول کے اندر یا نیچے پھل کے جمنے کی محفوظ جگہ۔ دیکھو گابھ۔

جٹا (مؤنث) برگد (بڑ) کے درخت کی ڈالوں میں لٹکتی ہوئی جڑ۔
۲۔ ناریل کا ریشہ۔

ہ جابجا پھولوں کے نیچے جابجا بیلوں کے جال
جو بچے کھوے ہیں برگد کی جٹائیں لپٹے بال

جڑہی (مؤنث) وہ نباتات جس کی جڑ ہی اس کا پھل یا بیج ہوتا ہے۔

جڑیلا (مذکر) وہ پودا جس میں جڑیں

جال دار اور زیادہ پھیلی ہوئی ہوں اور
اپنے اِرد گرد کے پودوں کو نقصان پہنچائیں
ایسی جڑوں کی زیادتی پھولوں کی کمی کا
باعث ہوتی ہے۔

جُل کھا (مذکر) پھل رکھنے کی جالی یا
جال۔

جلنا (مصدر) پودے یا درخت کا سوکھ
جانا۔

جنڈرا (مذکر) ہانجھو۔ دیکھو جلی
کاشت کاری۔

جیلن / جھیلن (مؤنث)، چلی، ساکھی، ٹیکھ، آڑ
سہار۔ زیادہ پھلے ہوئے
درخت کی کم زور شاخوں کو
سہارنے والی لکڑی جو بطور آڑ لگائی
جائے۔

جھارا (مذکر) جھاری۔ دیکھو جلد اوّل
ص ۱۹۹ پیشہ بہشتی۔

جھانکڑ (مذکر) بت جھڑ ہوا درخت
یا پودا۔ پتے جھڑی ہوئی شاخیں

جُھنڈ (مذکر) گنجان سر درختی برابر برابر
لگے ہوئے درختوں کا تختہ۔

جھنڈولا (مذکر) گھنے پتوں کا درخت یا پودا۔

جھورا (مذکر) برہوں کی کیاری جس کی
منڈیروں میں ایسا بیج بویا جاتا ہے
جس کو پانی سے بچانا ہوتا ہے۔
بیج کو تری پہنچانے کے لیے نالیوں
(برہوں) میں پانی دیتے ہیں جس کی سیل
منڈیر میں پہنچتی رہتی ہے۔

چٹکا (مذکر) چھکا گرمی کے موسم کی تیز
دھوپ جو پودوں کو جلا دے۔
(لگنا)، مارنا۔

چشمہ (مذکر) دیکھو آنکھ (باندھنا، لگانا۔
چڑھانا)

چُلی (مؤنث) گھائی دیکھو جیلن۔

چمن (مذکر) پھلواری۔ سدا بہار پودوں
کا چھوٹا باغیچہ۔

چمن بندی (مؤنث) چمن بنانے کا
طریقہ کار (کرنا)

چھکا (مذکر) دیکھو چٹکا۔

چوپتیا پتا (مذکر) چوپنکھڑی پتا۔ اسی
طرح دوپتیا اور تہ پتیا پتا بھی
کہلاتا ہے۔

چوٹی (مؤنث)، دیکھو پھُننگ۔

چیاں (مذکر)، اِملی کا بیج۔

چھال (مؤنث)، نیا اور کچّا بکّل۔ دیکھو بکّل
تنے یا شاخ کا چھلکا۔

چھتّا (مذکر)، بھڑوں یا شہد کی مکھیوں کا گھر
جو درخت کی شاخوں میں لگا لیا جاتا ہے

خوشہ (مذکر)، پھلوں کا گچھّا۔

دار بست (مؤنث)، دیکھو منڈھوا۔

؎ کہوں کیا میں کیفیت دار بست
لگائے رہیں تاک واں مے پرست

دَبّا (مذکر)، پودے کی شاخ سے نیا پودا
پیدا کرنے کو زمین میں دبائی ہوئی
شاخ۔ بعض بے تخم پودوں کی پود بڑھانے
کو اُن کی شاخ زمین میں دبا دیتے ہیں۔
جب اس میں جڑیں نکل آتی ہیں تو اس
کو درخت سے کاٹ دیتے ہیں۔ اس
طریقے کو زمینی اور انٹے کو الونی دبّا کہتے
ہیں۔ دیکھو انٹا۔

درخت (مذکر)، پیڑ۔ جھاڑ۔ شجر۔
ہندوستان میں باہر سے جو درخت
لا کر لگائے جاتے ہیں ان میں حسبِ ذیل
خاص ہیں:۔
سرو۔ صنوبر۔ چنار۔ سفیدا۔ بید مولا
وغیرہ

دڑے (مذکر)، کیاریوں کی مٹّی کی پھٹن
جو خشکی سے پیدا ہو جائے۔

دُفریزی (مذکر)، دو فصلی درخت
یعنی وہ درخت جس میں سال
میں دو مرتبہ پھل آئے۔

دُنتیلا پتّا (مذکر)، کٹاؤ دار کناروں کا پتّا۔ جیسے نیم کا پتّا۔

دو پتیا پتّا (مذکر)، دیکھو چوپتیا پتّا۔

ڈولا / **دیولا** (مذکر)، دالوں والا بیج، جب وہ
پھوٹتا ہے تو اس کی دونوں
دالیں پتّوں کی شکل میں پھوٹ
نکلتی ہیں۔

ڈالا (مذکر)، دیکھو ٹہنا۔
ف:۔ نیم کا ڈالا گرنے سے دیوار
ٹوٹ گئی۔

ڈالی (مؤنث)، ڈالے کا اسم مصغر
دیکھو ٹہنی۔
۲۔ ڈال بری۔ ڈال موتی۔
تازہ پھلوں بھری چنگیر جو فصل پر

بطور نذرانہ ملک کو پیش کی جائے یا شادی بیاہ کی تقریب میں دی جائے۔ (لگان دینا لانا)

ڈگ (مؤنث) ڈنگال۔ دیکھو لگّی۔

ڈگّی } (مؤنث) ڈنگریا۔ دیکھو لگّی
ڈنگی

ڈنٹھل (مذکّر) گھانس کی قسم کی نباتات کی پھول کی شاخ جو پودے کے بہار پر آنے کے وقت پتّوں کے بیچ میں نکلتی ہے۔

۲۔پور والا بے برگ اور گودے دار تنا۔

ڈونگس (مذکّر) دیکھو لگّی۔

ڈھال (مؤنث) دیکھو کنارا۔

ڈھولا (مذکّر) دیکھو تھاولا۔

رانی (مؤنث) خودرو پودا۔ وہ پودے یا نباتات جن کا بیج زمین میں محفوظ رہتا ہے۔ اور برسات یا اپنے وقت پر خود بخود پھوٹ آتا ہے۔

رکھوالا (مذکّر) باغ کے پھل پھولوں کی نگہبانی کرنے والا۔

رگ (مؤنث) پتّے کی غذا کی نالی جو اس کے رس کی نالی کہلاتی ہے جیسے حیوان کے جسم میں خون کی نسیں۔

رن ڈاک (مذکّر) وہ درخت جس میں پھل آنا بند ہو گیا ہو۔

۲۔ وہ درخت یا پودا جس میں پھل پھول نہ آتا ہو۔

روِش (مؤنث) باغ کے اطراف یا چمن کے درمیان بنایا ہوا چہل قدمی کا راستہ۔

ع زمرد کی مانند سبزے کا رنگ
روِش پر جواہر لگا جیسے سنگ

رونکھ (مذکّر) درخت۔ پودا۔ سبزہ

کہاوت:۔

رونکھ بنا نہ نگری سوہے بن برگن نہ کرّیاں
پوت بنا نہ ماتا سوہے لاکھ سونے میں جڑیاں

—— جہاں رونکھ نہیں وہاں ارنڈ رونکھ

زر (مذکّر) زیرہ۔ سرخی مائل زرد رنگ کا زیرہ جو گلاب کے پھول کے بیچ میں خصوصاً اور بعض دوسرے پھولوں میں بھی ہوتا ہے۔ اس کو زریشہ

اور زیرۂ گل بھی کہتے ہیں۔

زمین بنانا (مصدر) پودوں کے لیے
کیاریاں تیار کرنا۔ زمین میں
کھاد دینا اور درستی کرنا۔

زورا پل (مذکر) جھڑا پن کا غلط تلفظ
پودوں کے پتوں کی اینٹھ
یا سکڑا پن جو چونی کی زیادتی سے پیدا
ہو جاتی اور ایک قسم کی بیماری کہلاتی ہے

زِیرہ (مذکر) دیکھو زر۔ اس کو زیرۂ گل
اور زرِ گل بھی کہتے ہیں مختلف
قسم کے پھولوں میں مختلف وضع کے
دانے جو پھول کے بیچ میں پنکھڑیوں
کے اندر ہوتے ہیں۔

سانکھی (مؤنث) دیکھو جیلن۔

سدا بہار پودا (مذکر) ہمیشہ پھول لانے والا
پودا۔

سہ اولیا (مؤنث) [illegible]

۲۔ آنکھ کا پھٹاؤ دیکھو آنکھ۔

سردرختی (مؤنث)، باغ میں لگائے
ہوئے درخت یا درختوں کے
تختے۔

ف:۔ آم کی سردرختی لگائے پانچ برس
ہوئے ابھی تک پھل نہیں آیا۔

سلائی (مؤنث) ڈس۔ بعض پھول
جن میں زر کے بجائے لمبے
ریشے اور اُن کے سروں پر زیرہ ہوتا ہے
اس ریشے کو اصطلاحاً سلائی کہتے ہیں

سُہانی (مؤنث) دیکھو بیٹلا۔

سیکڑ / **سُکھ آڑ** } (مذکر۔ دیکھو تیّن

۲۔ ڈوڈے خشک کرنے کا منڈوا
جس پر وہ پھیلائے جائیں یا رکھ دیے
جائیں۔ پیشہ کھا میں ایک لفظ جیکڑ ہے
جس کا مفہوم نتیجہ سیکڑ سے ملتا ہے

شاخ (مؤنث) ٹہنی کا پھٹاؤ۔ ٹہنی
میں نکلی ہوئی چھوٹی ٹہنیاں۔

طُرّہ (مذکر) پھول کی زیرے دار
[illegible]

غبار (مذکر) زرِ گُل کی ریتی یا وہ باریک
اور مُلائم رُواں جو بیج کے جماؤ
کے اُوپر ہوتا ہے (آنا۔ پنا)

غلافی پتّی (مؤنث) پھول پنکھ۔ وہ
پتّی جس کے اندر کلی لپٹی
ہوئی نکلتی ہے۔

غُنچہ (مذکر) آدھی کھلی کلی۔ دیکھو کلی۔

فراس (مذکر) شگاف جو گوند نکالنے کو
درخت کی چھال میں لگایا جائے
بعض جگہ اٹل اور بعض جگہ چھوٹی مائی
کہتے ہیں۔

قطب نما پتّا (مذکر) وہ پتّا یا پتّے
جس کے بیچ میں (مرکز)
میں ڈنڈی ہوتی ہے جیسے کنول کا

قلم (مؤنث) بے تخم پودے کی شاخ
جو نیا پودا پیدا کرنے کے لیے
درخت سے کاٹ کر زمین میں لگادی جائے
(لگانا)

قلمی درخت (مذکر) وہ درخت یا پودا
جو قلم سے پیدا ہُوا ہو۔
۲۔ دیکھو پیوندی درخت۔ وہ درخت
جس کے چھوٹے پودے شاخ کو اُسی جنس کے
کسی بڑے درخت کی شاخ سے ملا کر
باندھنے سے پیدا ہو۔ جب بڑے درخت
کی شاخ چھوٹے پودے کی شاخ سے
وصل اور ایک جان ہوجاتی ہے تو اُس
کو درخت سے کاٹ دیا جاتا ہے۔ اس
طرح چھوٹا پودا بڑے درخت کی خصوصیات
کا حامل ہوجاتا ہے۔ ایسے بنائے ہوئے
درختوں کو پیوندی یا قلمی درخت اور
اُن کے پھلوں کو پیوندی پھل کہتے
ہیں۔

کاٹھی درخت / **کاٹھیا درخت** } وہ تخمی پودا جس پر
اُسی جنس کے بڑے
درخت کا پیوند لگایا
جائے اور اس عمل سے پیوندی درخت
بنے۔

کاٹھیا پھل (مذکر) یہ اصطلاح خاص
طور سے آم کے لیے
(جو اردو میں تخمی آم کہلاتا ہے) اور عام
طور سے ایسے پھلوں کے لیے بولی جاتی
ہے جو تخمی درخت سے پیدا ہوتے

ہیں جن کو پیوند بنایا جا سکتا ہے۔

کانٹی (مؤنث) پودوں کے اطراف کانٹوں دار لگی ہوئی اوٹ دیکھو اوٹ

کاہنا (مصدر) پھلوں یا پھلیوں سے بیج نکالنا۔

کباڑ (مذکر) مختلف قسم کے جنگلی خود رَو پودے اور گھاس جو کیاریوں میں پیدا ہو جائے (صاف کرنا)

کتار (مذکر) ڈنگال۔ ڈھال۔ گول شکل کی بڑی پکّی ہوئی اِملی۔

کچّی بہار (مؤنث) موسمی پھولوں کی پود جو چند ہفتے یا چند مہینے اپنی بہار دکھا کر ختم ہو جائے (لگانا)

کُرّا (مذکر) بے دال والے تخم کا نیا پھٹاؤ۔

کڑکا / **کاڑکا** (مذکر) کھرہر۔ ہندی میں لفظ کاڑنا بہ معنی کسی چیز کو کسی چیز میں سے نکالنا بولا جاتا ہے۔ باغ بانوں کی اصطلاح میں کڑکے سے ایسی بہاری جس سے درختوں کے پتّوں پر کی دھول جھاڑی جائے مراد لی جاتی ہے۔

کسّا (مذکر) تھاوے بنانے اور کیاری کی مٹی کریدنے کا مالیوں کا اوزار۔

کسّی (مؤنث) کسّے کا اسم مصغّر۔

کلغی (مؤنث) پھول کا طُرّہ۔ دیکھو طُرّہ

کلّا (مذکر) سراوَن۔ درخت یا پودے کی نئی شاخ یا کونپل کے پھٹاؤ کا اُبھار جو پُرانی شاخ میں نکلے (پھوٹنا۔ نکلنا)

؎ وہ بوٹوں پہ کلّے لگے پھوٹنے۔
عنادل کے چھلّے لگے چھوٹنے

—— (لگانا چڑھانا) خاص کر گلاب اور بعض دوسرے پودوں میں ایک پودے کا کلّا تراش کر دوسرے پودے کی شاخ کی چھال میں شگاف دے کر اس کلّے کو جما کر باندھ دیتا جس طرح قلم باندھی جاتی ہے

کلی (مؤنث) بند غنچہ۔ سربستہ غنچہ۔

کنج (مذکر) گنجان سر درختی جس میں دھوپ نہ چھنے۔

کُنڈی (مؤنث) دیکھو پیالۂ گل۔

کوٹ (مذکر) گیندے اور دوسرے گچھے دار پھولوں کی سب سے

اُوپر کی پنکھڑیاں۔

کونپل (مؤنث)، درخت کے نئے پتّے کا
پھٹاؤ۔ ٹہنیوں میں نیا پھُٹاؤ
ع وہ شاخوں میں کونپل نکلنے لگی
درختوں کی صورت بدلنے لگی

کونڈرا (مذکر)، گملا دیکھو جلد سوم ص۱۵
پیشۂ کمھاری۔

کیاری (مؤنث)، چھوٹے پودے
لگانے یا بیج بونے کا گز یا
دو گز مربّع قطعۂ اراضی۔ کیاریاں مختلف
شکل کی بنائی جاتی ہیں۔
ف:۔ چمن میں ہر طرف خوب صورت
کیاریاں بنی ہوئی ہیں۔

کھاد چھینا (مصدر)، پھولوں کے پودوں
کی جڑوں میں کھاد پھیلانا

کھڑکا (مذکر، کھڑکھڑا) کھٹ کھٹا۔
پرندوں کو ڈرانے اور اُڑانے
کے لیے پھل دار درختوں پر باندھ کر
لٹکایا ہوا کھوکھلے بانس کا ٹوٹا یا ٹین کا
ڈبّا جس کو اس کے ذریعے ہلا کر
ٹہنے سے ٹکراتے ہیں تاکہ آواز پیدا ہو
اور پرند اُڑ جائیں۔

کھٹکنا (مصدر)، بیج کا غلاف یعنی اُوپر کا
چھلکا۔ پھٹاؤ کی نوک کے پاس سے
پھٹنا یا چٹخنا۔

کھٹ کھٹا (مذکر)، دیکھو کھڑکا۔

کھر (مؤنث)، خودرو گھاس جو کیاریوں
میں نکل آئے۔

کھرہر (مؤنث)، دیکھو کرڑکا

کھریا (مؤنث)، گھاس کا گٹھا۔ باندھنے
کی رسّی کی بنی ہوئی جالی۔

کھڑکھڑا (مذکر)، دیکھو کھڑکا۔

کھوکلا یا **کھوکھا** (مذکر)، کھوکا۔ تھوتا۔ بے مغز
وہ تنا جو اندر سے خالی ہو
جیسے بانس۔ نرسل وغیرہ۔
یا جس کا اندر کا حصّہ گل گیا یا سُوکھ گیا ہو

گابھ یا **گابھا** دیکھو تھن (تھنی)، گیل، نماؤ
کیلے، کھجور وغیرہ کی سربند
گوند جس میں پھل یا بیج کے
گچھے نہ درتہ لگے ہوں۔

—— (آنا) پھلوں کی گٹّی پھوٹنا۔

گاوُچہ (مذکّر) گوچہ۔ بڑی قسم کے درخت لگانے کو تیار کیا ہوا گڑھا۔

گپّھا (مذکّر) پھول کی پنکھڑیوں کا کھن۔ گچھم۔

گچّھا (مذکّر) خوشہ۔ شاخ میں لگے ہوئے پھل یا بیجوں کا مجموعہ۔

گدّا (مذکّر) درخت کے تنے کا سرا یا سرے پر نکلا ہُوا موٹا ڈالا جو اِدھر اُدھر پھیل گیا ہو۔

گدرا پھل (مذکّر) تیاری پر آیا ہوا پھل

کرم کلّا (مذکّر) دیکھو پھول۔

گُل (مذکّر) دیکھو پھول۔

گُل پھنّا (مذکّر) کلغی طُرّہ۔ وہ پودے جن پر گپھے دار طرّے نکل آتے ہیں جو اُن کے پھول ہوتے ہیں اور گُل پھنّا کہلاتے ہیں جیسے کنگنی کے گُل پھنّے۔

گُل چیں (مذکّر) چمن کے پھول توڑنے والا مالی۔

۲۔ ایک پھول کا نام۔

گُل دستہ (مذکّر) ہاتھ میں رکھنے کو مختلف قسم کے پھولوں کا بنایا ہُوا گچھا (گپّا)۔

گُل خار (مذکّر) دیکھو پھول۔

گُلریا (مذکّر) گولر کے درختوں کا جھنڈ۔

گُل زار (مذکّر) دیکھو گُلشن۔

گُلشن (مذکّر) پھلواری۔ پھولوں کا چمن۔

گُلُو (مذکّر) گلونڈا۔ گلینڈا۔ پھول کے اندر پھل کی بیٹھک یا بچّے دانی۔

گلونڈا / **گلینڈا** } (مذکّر) دیکھو گلو۔

گملا (مذکّر) دیکھو کونڈا۔ اور گملا۔ جلد سوم

گنٹھولا (مذکّر) پوردار ڈنٹھل کا پودا یا درخت جس کے تنے میں تھوڑی تھوڑی دُور پر گانٹھ ہو دو گانٹھوں کے درمیانی حصّے کو اصطلاحاً پور کہتے ہیں۔

گوبھ (مذکّر) پودے کی جڑ میں شاخ در شاخ گٹھ پھوٹ جو پودے

کم زور کرے اور اس کے بڑھنے کو روک دے

(ہکنا۔ آنا)

گوبھی } (مؤنث) ایک خاص قسم کا
گوبی } پھول جو بہ طور ترکاری کھایا جاتا ہے
اس کی ایک قسم بند گوبی (کرم کلا)
کہلاتی ہے جو صرف پتوں کا ایک بڑا
بند گُبھا ہوتا ہے۔

گوچہ (مذکر) دیکھو گاوچہ۔
۲۔ کھاد بنانے کا گڑھا۔

گود } (مؤنث) پودوں کی جڑوں کے
گودا } پاس کی مٹی کریدنے اور پولا
کرنے کا عمل (لگانا۔ کرنا)

گودھل (مؤنث) گھاس کی لمبی جڑیں
جو زمین کے اندر دور تک
پھیل کر چھوٹے پودوں کو نقصان پہنچائیں

گوڑھ کرنا (مصدر) دیکھو گود کرنا۔ گوڈنا۔

گوما (مذکر) گانٹھ کی شکل کا پھل جو جڑ
کے اوپر پیدا ہو جیسے اناناس۔

گیل (مؤنث) دیکھو گابھہ۔ ہندی میں
گیل بہ معنی ساتھ کے ہوتے ہیں
یعنی کسی کا ساتھ دینا۔

کہاوت ۔ تیلی کا بیل کیا جانے گیل
کھل کھائے لگا رہے گھانی سے

گھائی (مؤنث) دیکھو چُلی اور جیلن

گھن } (مذکر) درخت یا پودے کے پتوں
گھنا } اور شاخوں کا زیادہ پھیلاؤ گھیر
گھنا درخت یا پودا ہندی میں گھنا
بہ معنی زیادتی بولا جاتا ہے۔)

لگی (مؤنث) آنکڑا
(ڈگ ڈگی)
ڈوگس لگا
اونچے درخت
کے پھل
توڑنے کی
آنکڑے دار
لمبی چھڑ جس
میں پھل لینے
کو ایک جالی
آنکڑے کے
قریب بندھی
ہوتی
ہے

لگی
(ڈگی۔ ڈوگس)

ہیاکانبر (مؤنث) بہت سخت قسم
کی زمین جس میں نازک
ں کا پودا نہ لگ سکے۔
۲۔ وہ قطعۂ اراضی جس میں چٹان
ع کے قریب ہو۔ دیکھو پھٹار۔
لہانا (مصدر) پودوں اور درختوں کا
بہار پر ہونا پھول پتوں سے آراستہ ہونا
ہوائے بہاری سے گل لہلہے
چمن سارے شاداب اور تھے ہرے
کین (مؤنث) مادّہ پھول وہ پھول
جس میں پھل جے یا پیدا ہو۔
ل (مذکر) چمن بندی کرنے والا پیشہ ور
بھوں (مذکر) دیکھو جندرا۔
(مذکر) نیم اور بعض خاص درختوں
کا جوہر یا مست پانی جو خاص درختوں
ڈالوں سے ٹپکنے لگتا ہے۔
ورپتیا (مذکر) گول شکل کا پتا۔
بجّر (مذکر) درختوں کا جھنڈ۔
ی (مؤنث) تھاولے کی منڈیر
نام (مذکر) دالوں والے بیج میں
لکانا جڑ کی علامت جو بیج پھوٹنے پر
جڑ بن جاتی ہے۔
منڈلا (مذکر) کیلے کے درخت کا تنا۔
منڈھوا (مذکر) داربست بیل چڑھانے
کا سہارا۔ بانس وغیرہ کا بنایا
ہوا ٹھاٹ جس پر بیل چڑھے اور پھیلے
مور (مذکر) آم کا پھول۔
مورسکھا (مؤنث) ایک قسم کی خودرو
نباتات از قسم جڑی جو خشک
ہوجانے کے بعد برسات میں ہری
ہوجاتی ہے
موسلی (مؤنث) کیلے کی گابھ یا کلی۔
نارا (مذکر) ناریل کا ریشہ جو اس کے
چھلکے کے اوپر ہوتا ہے۔
نبریا (مؤنث) نیم کے پودوں کی
سردرختی۔
نمٹاؤ (مذکر) دیکھو گابھ۔
نورنگی (مؤنث) میوے کے درختوں
کی نئی سردرختی۔
۲۔ مختلف قسم کے چھوٹے پودوں کا
چمن۔
نونیا (مذکر) ایک قسم کی ہریاول (سبزہ)

جو گرمیوں میں سرسبز رہتی اور برسات میں جل جاتی ہو۔ برسات کا پانی اُس کے لیے زہر ہوتا ہو۔ اس کی کئی قسمیں ہوتی ہیں جو اکہرا لونیا اور دُہرا لونیا وغیرہ ناموں سے معرُوف ہیں۔

نَے (مؤنث)، پھوُل کے نیچّے دانی کے نیچے کی ڈنڈی۔

نیم کوری (مؤنث)، نبولی۔ نیم کا پھل

ہَنچکی (مؤنث)، درخت سے پھل توڑنے کی آنکڑی دار چھڑ۔ دیکھو لگّی۔

ہلالی پتّا (مذکّر)، قوس نُما پتّا۔

دُوسری فصل ختم ہوئی۔

تیسری فصل آب پاشی

آب پاشی (مؤنث) دیکھو سینچائی۔
آبیانہ (مذکّر) جل کر یعنی کھیتی کے لیے
سرکاری ذریعے یعنی نہر سے پانی
لینے کا محصول (معاوضہ)
آکھرا (مذکّر) دیکھو اوکھرا۔
اڈاسن (مؤنث) چرس یا ڈول کا
پانی گرنے کو کنوئیں کے برابر
بنی ہوئی ہَودک۔ چَوبچّہ۔
اڑاڑا (مذکّر) نہر کے دو طرفہ بنایا ہُوا
اُونچا کنارا۔ (پشتہ)
اسرا (مذکّر) نہر سے پانی ملنے کا
وقت جو باری باری سے آتا ہے
اِسپچا (مذکّر) وہ کھیت جس میں پانی
نہ دیا گیا ہو یا وہ کھیت جس میں
آب پاشی نہ ہو سکے۔
اکوائی (مذکّر) نہری علاقے کے
صرف آدھے حصّے میں پانی پہنچانے والا
ایک رُخا رَجبہا۔
اکھوٹ (مؤنث) ڈھینکلی کی بَلّی جس
اکھوٹا (مذکّر) کے اُوپر کے سرے میں
پانی کا برتن لٹکا ہوتا ہے۔
دیکھو ڈھینکلی۔
اِندارا (مذکّر) اِندرا کا آ۔ سنسکرت
اندھو بمعنی کنواں اِندھ
بمعنی روشن کرنا۔ مُراد بڑے دَور کا
گہرا کنواں۔
اَلُوآ (مذکّر) نہر کا چوبچّہ۔ نہر کے
اُلوا کنارے بنایا ہُوا ایسا سوراخ
جس میں سے پانی اُوپر دیا
جا سکے۔
۲۔ نہر کے کنارے پانی کے لیے
بنی ہوئی جگہ۔

اَوْری (مؤنث)، نہر کا پاکھا مٹّی کا بنایا ہُوا ڈھالو کنارا۔

اَوْکھرا } (مذکّر) بعض مقامات پر حرف
اُکھرا } ساڑے کو لام سے بدل کر اور واو کی آواز کو خفیف کر کے اکھلا تلفّظ کرتے ہیں۔ کنوئیں کے گرنڈ کی وہ کھڑی بلّیاں جن میں لاڈ کے چاک (گھرنی) کا دُھرا لگا ہوتا ہی۔ اگر اکھلا ٹوٹ جائے تو دُھرے کو نقصان پہنچے دیکھو گرنڈ۔

۲۔ پیلی کے پٹّے کی ناحق مرکزی حصّے کے برابر دُھرے یا دُھری کے سہارنے کو لگے ہوے چوبی ڈنڈے۔ دیکھو جلد پنجم صفحہ ۱۱۵

اوگرا (مذکّر)، اوکھرا (اکھرا) کا غلط تلفظ دیکھو اوکھرا۔

اہیرا } (مذکّر)، چرس کا پانی گرنے کو
ایرا } کنوئیں کے منھ سے ملی ہوئی پکّی بنی ہوئی محدود جگہ (دیکھو جلد سوم لفظ ایرا)

ایک لاوا کنواں (مذکّر)، وہ کنواں جس پر صرف ایک لاؤ چلے

بارا (مذکّر)، لاؤ۔ چرس کا رسّا۔ برتیت۔ پُر بندھن۔

مؤلّف فرہنگِ آصفیہ نے اس لفظ کے معنی چرس کھینچتے وقت کا گیت لکھا ہی جو غالباً بارا لائیو کے نعرے سے، جو چرسیا چرس کے اوپر آنے پر بیل والے کو مخاطب کرنے کے لیے لگاتا ہی اور جس کا مطلب چرس کا رسّا چھوڑ دینا ہوتا ہی، غلط مطلب سمجھا ہی۔

ایک انگریز سولین نے غلط فہمی سے اپنی تالیف میں اس لفظ کو باہرا لکھ کر اس کے معنی کنوئیں کے باہر کھڑا ہونے اور چرس کا پانی گرانے والا شخص لکھے ہیں۔ لیکن مختلف مقامات پر دریافت کرنے اور عمل دیکھنے سے یہی تحقیق ہوا کہ بارے سے مُراد چرس کی رسّی ہے جو ہندی لفظ کا اُردو تلفظ ہی۔

بَرْدی } (مذکّر) بیل کے چمڑے کا
بَردھی } ڈول مُراد چرس بَرْد ہندی میں بیل کو کہتے ہیں

چوں کہ چرس بیل کی بڑی آدھی کھال کا ہوتا ہی
اس لیے چرس کو بعض مقامات پر اصطلاحاً
بزدی کہتے ہیں۔

بڑکا (مذکر) بغیر کوٹھی کا گڑھے کی شکل
کھودا ہوا کنواں۔ پانی کا بڑا گڑھا
دیکھو برکنوئیاں۔

برکنوئیاں (مذکر) معمولی کچا کنواں جو
عارضی ضرورت کے لیے
کھود لیا جائے۔

برتیت / **برت** (مؤنث) دیکھو بارا۔ چرس کا رسّا۔
۲۔ ڈھینکلی کے ڈول کی رسّی
(گڑہن)

برہا / **برھا** (مذکر) پینا۔ برا۔ کھیت میں پانی
پہنچانے کی کچی نالی۔

بڑھیا (مذکر) کھیت کو پانی پہنچانے والا
مزدور۔ سینچائی کرنے والا۔

بڑوڑ (مؤنث) دیکھو بھونڑی۔

بندتال (مذکر) دیکھو بندھ داس

بندھ داس (مذکر) تغار۔ کٹہ۔ پشتہ بند
پانی کا گڑھا جس سے کھیت
کو پانی دیا جائے۔

بنگا (مذکر) تیلیا پانی۔ چشمے یا کنویں کا
ایسا پانی جس میں کسی قسم کے تیل کے
اجزا ملے ہوئے ہوں

بودر (مؤنث) دیکھو ڈال۔

بہا (مذکر) بہن۔ آب پاشی کی نہر سے
نکالا ہوا نالا جو کھیتوں کے کنارے
کنارے بہتا ہی اور جس سے برہوں
میں پانی لیا جاتا ہی۔

بہائی (مؤنث) بھرائی۔ پنیائی۔ دیکھو
سینچائی۔
۲۔ کھیت کو پانی پہنچانے کی اجرت

کہاوت:-
گیہوں بڑھے بہائی[۱] سے
چنا بڑھے دلائی[۲] سے
دھان بڑھے گہائی[۳] سے
مکئی بڑھے نلائی[۴] سے
ایکھ بڑھے کسائی[۵] سے

بہن (مؤنث) دیکھو بہا۔ پانی کا چھوٹا

پانی دینا، ڈھیلے توڑنا۔ گریدکرنا۔ گھاس نکالنا
زمین پولی کرنا۔

نالا۔ ڈلیا)

بیڑی / **بینڑی** } (مؤنث) بینڈی۔ پردھا۔ پلا۔ چنبل۔ ڈوری۔ ڈگلا۔ رجبہے سے پانی نکلنے کا ایک قسم کا ٹوکری کی شکل کا تنکوں کا بنا ہوا ڈول جس سے نہر کا پانی اچھال کر سطحِ آب سے اونچی زمین پر پہنچایا جاتا ہے۔

بیڑی (بینڑی)
(پردھا۔ پلا۔ چنبل۔ ڈگلا۔ ڈوری)

بینڑا (مذکّر) کچّے کنوئیں کی مٹّی کی روک کو
بیننڈا یا جھاؤ کی شاخوں کا بنایا ہوا گولا
(کوٹھی)

بھرائی (مؤنث) دیکھو سینچائی۔

بھونرا (مذکّر) بھیری۔ پیڑا۔ لاؤ کے
بھونرو یا بیلوں کی آمدورفت کا ڈھالو
راستہ۔ ریٹا جو کھو کی شکل
حسبِ ضرورت لمبا اور گہرا بنایا جاتا ہے
(دیکھو لاؤ۔)

بھونری (مؤنث) بڑوڑ رہٹ کی
بلّی جو کنوئیں کے اوپر لگی
ہوتی ہے اس کے باہر کے سرے میں
بیلوں کے جوت بندھے ہوتے ہیں
اور اندر کا سرا ٹنڈیوں کی لکڑی کو گھماتا
ہے۔ دیکھو رہٹ۔

بھیری (مؤنث) دیکھو بھونرا (بھونرو)

پاٹ (مذکّر) چھاونی۔ گرنڈ۔ کنوئیں کے
چاک (گرنی) کی پاڑ جس پر چاک
(گرنی) قائم کی جاتی ہیں۔ دیکھو گرنڈ

پاچھور (مذکّر) دیکھو بارچھا فقرہ ۳

پارچھا (مذکّر) دیکھو گرنڈ۔

۲۔ جل ہودہ جس میں پانی آکر کھیت کی
نالی میں جاتا ہے۔

پاڑ (مؤنث) دیکھو گرنڈ۔

پانی پٹانا (مصدر) کھیت کو پانی دینا۔
سینچائی کرنا۔

پانی ہارا (مذکّر) پن ہارا۔ کھیت میں
پنھیارا یا پانی پہنچانے والا مزدور
دیکھو بزھیا۔

پائیں کنواں (مذکّر) وہ کنواں جو
دَہ کر سطحِ زمین کے
برابر یا نیچا ہوگیا ہو اور جس میں راہ گیر
دھوکا کھاکر گر پڑے۔ دہا ہوا کنواں جس
کے چاروں طرف کی مٹّی گر کر گڑھا بن گیا
ہو۔

پُرنبڈھنی (مؤنث) دیکھو بارا اور پُر

پردھا (مذکّر) دیکھو بیڑی۔

پُرسا (مذکّر) اونچے ہاتھ کے ساتھ
پُرس یا آدمی کی لمبان کے برابر گہرائی
اصطلاحاً کنوئیں کے پانی کی
گہرائی۔

پروٹ (مؤنث) مویشی کے ذریعے

کنویں سے پانی نکالنے کا طریقہ۔

پرتیا (مذکر) ڈھیکلی کا کیلا جس پر وہ حرکت کرتی ہی۔

پرتیھ (مؤنث) کنویں کے اطراف کی زمین جہاں تک اس کے پانی سے سینچائی ہو سکے۔

پلکا (مذکر) دیکھو پن میلیا۔

پلا (مذکر) دیکھو بیڑی (دوری۔ وگلا)

پلوار (مذکر) چھوٹے پودوں کی سردی اور پانی سے بچانے کے لیے بنائی ہوئی محفوظ جگہ۔

پلیوٹ (مؤنث) پلیو۔ دیکھو پن وٹ (پنوٹ)

پن بلا (مذکر) دیکھو پن میلیا۔

پن چلویا (مذکر) دیکھو پن میلیا۔

پن کٹا (مذکر) نہر کا پانی کاٹ کر کھیت کی نلیا میں پہنچانے والا شخص

پن گھٹ (مذکر) کنویں، نہر یا دریا کے کنارے پانی لینے کو بنی ہوئی جگہ۔

پن میلیا (مذکر) پن بلا۔ پن ہارا۔

پن چلویا۔ برھیا۔ کھیت کے برہوں اور کیاریوں میں پانی پہنچانے والا مزدور

پن وٹ / **پنوٹ** (مذکر) پلیوٹ (پلیو) ۱۔ بیج بونے سے قبل کھیت میں پانی دینے کا عمل۔ ۲۔ کھیت کو پانی دینے کا محصول۔ دیکھو جل کر۔

پن ہارا (مذکر) پنھیارا۔ دیکھو پن میلیا۔

پن ہودہ (مذکر) پانی کا چھوٹا چوبچہ۔ جل ہودہ

پوکھر (مؤنث) تلیا۔ جوہڑ۔ ڈبرا۔ اوہر ایسی نشیبی زمین جس میں برسات کا پانی بھر جائے اور بوقتِ ضرورت کھیت میں دیا جا سکے۔

پیرا / **پیری** (مذکر) دیکھو بھونرا (بھونرو) ۲۔ نہر کے کنارے ایسی بنی ہوئی جگہ جہاں سے اونچی زمین کے لیے پانی نکالا جائے

پیڑا (مذکر) دیکھو بھونرا۔

پیتیا (مذکر) دیکھو برہا (برھا)

تراوٹ (مؤنث) دیکھو آن بیٹھ

کاشت کاری۔ پانی کی نمی یا اثر جو آب پاشی کے بعد زمین میں قایم رہے۔

تلیّا (مؤنث) دیکھو پوکھر۔

توڑ (مذکر) آب پاشی کی اصطلاح میں ایسا قطعۂ اراضی یا کھیت جو نہر کی سطحِ آب سے نیچا ہو جس میں نہر کا پانی بہتا اور پھیلتا چلا جائے۔

۲۔ نہر کے کنارے بنا ہوا بند جہاں سے بڑی نہر کا پانی کسی دوسری طرف چھوٹی نہر میں پہنچایا جائے۔

تہ پیڑ اکنواں (مذکر) دیکھو تہ والا کنواں۔

تہ والا کنواں (مذکر) وہ کنواں جس پر بہ وقتِ واحد تین لاؤ چلیں اور پانی نہ ٹوٹے۔

تیلیا پانی (مذکر) ایسا پانی جس میں کسی قسم کے تیل کے اجزا ملے ہوے ہوں۔ اس قسم کا پانی بعض قسم کے پودوں کے لیے نقصان دِہ ہوتا ہے۔

ٹانڈ (مذکر) دیکھو گرنڈ۔

ٹنڈر (مؤنث) کنڈرا۔ دیکھو ٹنڈری۔

ٹنڈی (مؤنث) ٹِنڈر۔ چیکھڑ۔ رہٹ کی ڈولچیاں یا ٹکیاں جن میں پانی بھر کر اوپر آتا ہے۔ دیکھو رہٹ۔

جاٹھ (مؤنث) پانی کے ناپ کی تالاب میں کھڑی کی ہوئی بلّی جو پانی کے اتار چڑھاؤ کو بتائے یعنی جس سے یہ ظاہر ہو کہ تالاب کا کس قدر پانی آب پاشی میں صرف ہوتا ہے۔

جاکھن (مؤنث) جموٹ۔ نیم چک۔ بیوار۔ کنویں کی کوٹھی تیار کرنے کو چوبی بنا ہوا ڈول یا فرما۔

جانٹ (مؤنث) دیکھو دبکن (ڈھیکلی)، ڈھولا اور مانجہ بھی کہتے ہیں۔

جِتّا (مؤنث) مجتّا۔ جیل۔ رہٹ کی ڈولچیوں کی رسّی یا زنجیر جس میں وہ لٹکتی رہتی ہیں۔ دیکھو رہٹ۔

جگت (مؤنث) دیکھو گرنڈ۔

۲۔ کنویں کے اطراف کی وہ پوری جگہ جہاں پانی نکالنے کو پاڑ یا ٹاٹہ

بنی ہوتی ہے اور جس میں کنوئیں کی حد، چوبچہ اور گھاٹ بھی شامل ہے۔

جل حوض (مذکر) پن ہودہ۔ کنوئیں کے قریب چرس کا پانی گرنے اور جمع ہونے کو بنا ہوا چوبچہ۔

جل کر (مذکر) دھارا۔ آب یانہ پنھوٹ۔ سرکاری نہر سے کھیتی کے لیے پانی لینے کا محصول۔ دیکھو پنھوٹ فقرہ ۲

جل ہودہ (مذکر) دیکھو پن ہودہ۔

جموٹ (مذکر) دیکھو جاکھن۔

جیکھر (مؤنث) دیکھو ٹھنڈی۔

جیل (مؤنث) دیکھو جتا۔ لفظ جھیلنا کا تلفظ ہوگیا ہے۔ مراد رہٹ کی ڈولچیوں کی زنجیر یا رسّی جس میں ڈولچیاں بندھی رہتی ہیں۔

جھال / **جھالا** (مؤنث) نہر کے پانی کا نشیب میں گرنا۔

جھام (مذکر) زمین کی تہ کی چٹان میں سوراخ کرنے کا برما جو چٹان کے نیچے کا پانی نکالنے کو استعمال کیا جاتا ہے۔ جہاں گہرائی زیادہ ہو۔ دیکھو جلد اوّل پیشہ بیل داری۔

جھانجھرا (مذکر) وہ کنواں یا تالاب جس کا پانی زمین کے اندر جذب ہوجائے یا کسی دوسری طرف بھر جائے۔

جھرا (مذکر، جھرنا) کچا کنواں جو ندی یا نالے میں بنالیا جائے۔
۲۔ پانی کی سوت۔

جھورا (مذکر) چمن کی کیاریوں میں پانی لے جانے کی نالی یا نالیاں۔

جھولا (مذکر) چرس کو پانی میں ڈبکی دینے کا عمل (دینا)
۲۔ چرس کو جھلا کر آگے کو کھینچنا۔

چاک (مذکر) بھونن۔ چرخی (چالی) گھرنی (گرنی) کنوئیں کی پاڑ (گرنڈ) کی چرخی جس پر ڈول یا چرس کا رسّا کھنچا جاتا ہے۔ دیکھو گرنڈ۔

چاہی ڈال (مؤنث) دیکھو ڈال

چرس (مذکر) موٹ (موٹھ) پُرس بردھا (بردھی) کنوئیں سے پانی نکالنے کا بہت بڑا ڈول جو

بیلوں کی طاقت سے کھینچا جاتا ہے۔

۱۔ منڈل - چرس کے منھ کا آہنی حلقہ اس کو بعض مقام پر کُنڈل کہتے ہیں۔

۲۔ پاؤں (پایٔں)۔ کُنڈل کے نیچے میں لگی ہوئی لکڑی جس میں رسی باندھی جاتی ہے۔

اس کو ڈھیرا بھی کہتے ہیں۔

۳۔ کوڑی - پاؤں کے سروں پر لگے ہوئے آہنی حلقے۔

۴۔ بھورا - وہ چوبی کیلا جو چرس کی رسّی کے حلقے اور چرس کے کڑے کے درمیان پھنسا دیا جاتا ہے۔

چرس

(موٹ - پُرس - بڑھا)

۱۔ منڈل (کُنڈل)

۲۔ کُنڈل

۳۔ پاؤں (ڈُھیرا)

۴۔ کوڑی

چرسیّا (مذکّر) کنوئیں پر چرس کا پانی گرانے والا یا چرس کھولنے والا۔

چک یا چکّا (مذکّر) پرچھا۔ وہ جگہ جس پر ڈھیکلی کی بَلّی آکر ٹکے

۲۔ دبکن۔ ڈھیکلی کی بلّی کا وزن یا داب جو اُس کو نیچے بٹھائے۔ دیکھو دبکن۔

۳۔ کنوئیں کی سوت کا منھ

۴۔ دیکھو گرَنَد

چکّا (مذکّر) دیکھو چک فقرہ ۱

چلوائی (مؤنث) چھیل وائی کا غلط تلفّظ کنوئیں کے کنارے کی وہ جگہ جہاں چرس کا پانی گرایا جاتا ہے۔

چھیل وائی (مؤنث) دیکھو چلوائی۔

چمبل (مذکّر) دیکھو بیٹری اور دوری نہر سے پانی نکالنے کا ایک قسم کا ظرف۔

چوآ (مذکّر) چوہا۔ چویا۔ چوڑا۔ چونڈا۔ چونٹرا، چوآں۔ کچّی کُنیاں یا ایسا گہرا گڑھا جس میں اطراف کا پانی جھر کر آئے۔ جھرنا (جھرا)

چواڈا کنواں (مذکّر) وہ کنواں جس کے چاروں طرف پانی کھینچنے کی گھرنیاں لگی ہوں۔

چوپڑا کنواں (مذکّر) دیکھو چوڈاوا کنواں۔

چوپیڑ کی نہر (مؤنث) چاروں سمت کی نہریں جو مرکز پر آکر ملیں یا مرکزی منبع سے نکل کر چاروں طرف جائیں۔

۵ بنی سنگ مرمر کی چوپیڑ کی نہر کئی چار سُو اس کے پانی کی لہر

چوپنا (مصدر) چمن کی کیاریوں یا کھیت کو پانی سے سیراب کرنا بھر دینا

چوپہرا کنواں (مذکّر) وہ کنواں جس سے دن رات پانی نکالا جاتا رہے اور اس کا پانی نہ ٹوٹے

چوڈاوا کنواں (مذکّر) چوپڑا کنواں وہ بڑا کنواں جس پر چار لاؤ چلیں یعنی چار چرس سے بوقتِ واحد پانی نکالا جاسکے۔

چونٹرا (مذکّر) چوڑا کا دوسرا تلفّظ

دیکھو چوآ کچّا کنواں

چوہا (مذکّر) دیکھو چوآ۔

چہ (مذکّر) جل ہودہ۔ چوبچّہ

چہیل (مؤنث) چہیل وائی۔ دیکھو چلوائی۔ چرس کا پانی گرنے کی جگہ۔

رچھلی (مؤنث) چھیلی اور چھلّی کا غلط تلفظ۔ آب پاشی کی اصطلاح میں مُراد چرس کی رسّی کی گھرنی (چاک) ہوتی ہے۔

چیکر، چیک (مؤنث) ڈھیکلی کی ڈولچیوں کی رسّی یا زنجیر جس میں وہ بندھی رہتی ہیں۔

۲۔ ڈھیکلی کی بلّی کا چھُٹ کر اپنی جگہ پر آنے کا عمل۔

چھاکنا (مصدر) پانی صاف کرنا۔ پانی کو ٹھیرا کر نتھارنا۔

چھاوَنی (مؤنث) گرنڈ کے اکھروں (ٹکڑے کھمبے) کا پٹاؤ۔ دیکھو گرنڈ فقرہ ۳

چھیا (مذکّر) دیکھو چوآ۔ دریا یا ندی کے خشک حصّے میں کھودا ہُوا کچّا کنواں

ڈبڑا، ڈبرا (مذکّر) دیکھو پوکھر

ڈنکن (مؤنث) جانٹ۔ تھوَنی چکّا لادا (لادکا) ڈھیکلی کی بلّی کے نچلے سرے پر رکھا ہوا وزن جو بلّی کو اپنی جگہ پر لے آتا ہے۔ دیکھو ڈھیکلی۔

دڑا (مذکّر) دھاڑا۔ ڈریڑا۔ آبشار بھد بھدا۔

دگلا (مذکّر) دیکھو بیڑی اور دوَری

دواڑا کنواں (مذکّر) وہ کنواں جس پر پانی نکالنے کی دو گھرنیاں لگی ہوئی ہوں۔

دوپیرا کنواں (مذکّر) دیکھو دولاوا کنواں۔

دوچا، دوچہ (مذکّر) خزانۂ آب جو نہر کا پانی اونچی زمین پر پہنچانے کو کسی اونچے مقام پر بنایا گیا ہو۔ اسی طرح سلسلے وار تہ چہ اور چونچہ کہلاتا ہے۔

دوَری (مؤنث) دگلا۔ ایک قسم

کی لوکری جس سے نہر کا پانی اونچی زمین پر پھینکا جاتا ہے۔ دیکھو بیڑی۔

دولاوا کنواں (مذکّر) دو پیرا کنواں وہ کنواں جس پر دو لاؤ چلیں۔

دھاڑا (مذکّر) بھد بھدا۔ دھارے کا غلط تلفّظ دیکھو دڑر۔

۲۔ آبیانہ دیکھو جل کر۔

ڈال (مؤنث) بودر۔ آب پاشی کی اصطلاح میں ایسا قطعۂ اراضی یا کھیت جو نہر کے پانی کی سطح سے اونچا ہو اور جہاں آب پاشی کے لیے پانی چڑھاؤ پر لے جانا پڑے۔ اس کے برخلاف نشیبی زمین توڑ کہلاتی ہے۔

۲۔ وہ چوبچّہ (جل ہودہ) جو نہر کے پانی کی سطح سے اونچی جگہ بنا ہو جس میں پانی چڑھا کر اونچی قطعۂ اراضی میں پہنچایا جائے۔ اصطلاحاً ڈال توڑ کہلاتا ہے

ڈال توڑ (مذکّر) دیکھو ڈال فقرہ ۲۔

ڈبکا (مذکّر) آب پاشی کی اصطلاح میں کنوئیں کا ایسا میٹھا پانی جو چھوٹے پودوں کے لیے مفید ہو۔

ڈبوا (مذکّر) ندی یا دریا کے پُرانے دھارے کی زمین میں کھودا ہوا کچّا کنواں یا ایسا گہرا گڑھا جس میں پانی بھر آئے۔

دولا پاٹ (مذکّر) کنوئیں کے گرنڈ کی کھڑی لکڑیوں (اکھروں) کے چوٹیے جو پتھر کے ہوتے ہیں اور کوٹھی کی چنائی میں چولیں باہر نکال کر چُن دیے جاتے ہیں۔ چولیوں کو سنگ تراشی کی اصطلاح میں مروا کہتے ہیں۔ دیکھو جلد اوّل صفحہ ۷۶

ڈہر (مؤنث) دیکھو پوکھر۔

کہاوت:۔

بنیے کو شہر بھینس کو ڈہر
اہیر کی دہینڈی جات نہ گجات

ڈھیرا (مذکّر) دیکھو چرس فقرہ ۲۔

ڈھیکلی / **ڈھینکلی** (مؤنث) کوہار (کہار) اکھوٹ۔ بلّا۔ کنوئیں سے پانی نکالنے کی ایک قسم کی ڈبلق جو دو تھونیوں کے بیچ میں

لگی ہوئی ایک بلّی ہوتی ہے جس کے ایک سرے میں ڈول لٹکا ہوتا ہے اور دوسرے سرے پر وزن بندھا ہوتا ہے۔ڈول کو پانی میں ڈبو کر جب چھوڑ دیتے ہیں تو پچھلے وزن کے دباؤ سے بلّی کا سرا اوپر اٹھ آتا ہے اور اس کے ساتھ ڈول بھی اوپر آ جاتا ہے۔یہ بلّی ڈھیکلی کہلاتی ہے۔ مگر اصطلاحاً اس کی مکمل صورت ڈھیکلی کہلاتی ہے۔

۲۔ نہر کا پانی اوپر اچھالنے کا ظرف۔

ڈھیکلی

۱۔ ڈھیکلی (اکھوٹ۔کوبار۔بلّا)

۲۔ برت (گرُہن)

۳۔ پرتیا (گلّا)

۴۔ تھونیا

۵۔ ڈبکن (جابٹ۔جک)

۶۔ ٹنڈ۔ (کُنڑا۔کرولا)

رج بہا | راج بہا (مذکّر) آب پاشی کی بڑی نہر کی شاخ جس سے نالے اور نلیا نکال کر پانی پہنچایا اور کھیتوں میں تقسیم کیا جائے۔

رہٹ (مذکّر) کنوئیں سے پانی نکالنے کا چرخ جس پر ڈونگوں کا پٹا چڑھا ہوتا ہے جو چرخ کے ساتھ گھومتا اور ڈونگوں میں پانی بھر کر اُوپر آتا رہتا ہے۔

۱۔ ٹنڈی (ٹنڈر۔ جیکھڑ) پانی اوپر
لانے کی ڈولچی یا ڈونگے ۔
۲۔سوت سڑ (چتا یا جبل) وہ زنجیر
یا پٹا جس میں ڈولچیاں بندھی رہتی ہیں
۳۔بھونری (بڑوڑ) وہ لکڑی جس
پر چرخ گھومتا ہے
سرا (مؤنث) لفظ سیل کا غلط
تلفظ ۔ کاشت کاروں کی
اصطلاح مراد کھیت میں پانی پہنچانے کی
نلیا ۔
سکھ تیلیا (مذکر) دیکھو کیاری تیتیہ
سوت (مؤنث) کنویں میں نیچے زمین
کے نیچے کا پانی آنے کا راستہ
— زمین کے اندر جذب ہوئے
پانی کی طبعی نالی ۔ (نکلنا۔آنا)
سوت لڑ (مؤنث) پٹا۔رہٹ کے
ڈونگوں کی رسّی یا زنجیر جس
میں ڈونگے بندھے رہتے ہیں ۔
سوبھائی } (مذکر) وہ کنواں جس
سویت ہائی } میں چشمے کے پانی کی
سوت آتی ہے ۔

[illegible]ل (مؤنث) پانا۔ چرس [illegible] ۔
سینچائی (مؤنث) بہائی ۔ بھرائی ۔
پٹیائی ۔ پٹائی ۔ سپیوٹ ۔
کھیت یا چمن میں پانی دینے کا عمل
۲۔کھیت میں پانی پہنچانے کی اجرت۔
سینچنا (مصدر) کھیت یا چمن میں پانی
دینا ۔
سینچونی (مذکر) کھیت میں پانی دینے
والا مزدور ۔
سینڈھ (مؤنث) سوت ۔ کوھل ۔ کنویں
کے اندر پانی کے رساؤ کی نالی۔
قلابہ } (مذکر) عربی لفظ قُلّہ بمعنی
قُلّہ + آب } پانی کا بڑا ظرف (مٹکا)
سے (قُلّہ + آب) آب پاشی
کی اصطلاح میں نہر کے ایسے خزانۂ
آب (حل ہودہ) کو کہتے ہیں جہاں سے
رجبہوں یا نالوں میں پانی چھوڑا
جائے ۔　　(کھولنا ۔ بند کرنا)
کاٹھ کنواں (مذکر) وہ کچّا کنواں جس
میں لکڑی کے تختوں کا
بنا ہوا گولا (کوٹھی) ڈال کر عارضی بندش

کرلی ہو۔

کُرہا (مذکر) کسلا۔ جندرا۔ آب پاشی کے لیے کیاریاں بنانے کا اوزار۔

کڑوا پانی (مذکر) وہ پانی جس میں نمک کا جُز زیادہ ہو اور آب پاشی کے کام نہ آئے۔

کڑوا تیلیا پانی (مذکر) ایسا تلخ کھاری پانی جس میں کسی قسم کے تیل کے اجزا ملے ہوئے ہوں۔

کسلا (مذکر) دیکھو کُرہا۔ چھوٹی قسم کی پھاوڑی۔

کنتار مٹّی (مؤنث) وہ مٹّی جو پانی میں بہ کر آئے اور بدرہوں (پانی کی نالیاں) میں جمتی جائے جس سے اُن کی تہ کی سطح اونچی ہو کر پانی کی روانی کو روکے اور اس کے بہاؤ کو بدل دے۔

کُنڈ
کُنڈرا } (مذکر) کنڈوارا۔ کُنویں کی تہ کی چٹان میں بنایا ہُوا ایسا بڑا سوراخ جس میں سے چٹان کے نیچے کا پانی اُبل کر اوپر آئے۔ بعض مقامات پر اس کو توتی بتے ہیں۔

۲۔ تلاوی۔ ڈبہرا۔ گڑھیا۔ لوار۔ دیکھو پوکھر۔

کنواں بندی (مؤنث) کنویں سے کھیت کو پانی دینے کا معاوضہ۔

کوٹھی (مؤنث) گولا۔ دیکھو جلد اوّل ص ۲۰۱۔

[illegible]دا (مذکر) کھیت کی پہلی سینچائی کرنے کا عمل۔

کول (مؤنث) کھلا چمن میں پانی پہنچانے والی ایسی نالی جو اوپر سے ڈھکی ہوئی ہو۔

کُومل (مؤنث) دیکھو کُنڈ۔

کُونڈا (مذکر) بدرہوں میں پانی چھوڑنے کا نالے یا نلیا کے کنارے پختہ بنا ہوا چھوٹا حوبچہ (جل ہودہ)

کوہار
کہار } (مذکر) بلا۔ دیکھو ڈھیکلی۔

رکیلی (مؤنث) چرس کے رستے کو بیلوں کے جوئے میں باندھنے والی

چوبی بیخ ۔

رکیلیا (مذکر) لاؤ والا جو بیل ہانکے اور چرس کا رسا کھنچوائے اور اس کو کھولے باندھے

کھاری پنگا (مذکر) کسی قدر کھریالا پانی جو ذائقے میں اچھا اور پودوں کے لیے مفید ہو۔

کھاری پانی (مذکر) وہ پانی جس میں نمک یا شورے کے اجزا ملے ہوے ہوں اور بعض قسم کے پودوں کے لیے مفید نہ ہو۔

کھاری تیلیا (مذکر) مرمرا تیلیا۔ کھرتیلیا ایسا کھاری پانی جس میں کسی قسم کے تیل کے اجزا بھی ملے ہوئے ہوں ۔

کھاری جبریل (مذکر) نہایت خراب قسم کا کھاری پانی ۔

کھرا (مذکر) کھنّے کا غلط تلفظ دیکھو کھنّا

کھلا (مذکر) دیکھو کول ۔ کھیت میں پانی پہنچانے کی بڑی اور اونچی بند نالی ۔

گھندگولا (مذکر) وہ نشیبی مقام جہاں پانی کی روانی کم ہو جائے اور پانی کی لائی ہوی مٹی اس جگہ جمنے لگے ۔

کھنڈوا (مذکر) وہ کنواں جس کا گولا کورے پتھر جماکر یعنی بغیر چونا [illegible] سے بنایا گیا ہو اور جس میں پانی کے ساتھ ریت بھی آتی رہے یعنی پانی کے [illegible] ریت سے بھرجائے

کھینوچی (مؤنث) میاں ۔ گرنڈ کے چاک (گھرنی) کا دھرا جس پر وہ گھومتی ہے ۔

گدگول (مذکر) گدلا پانی جس میں مٹی کے ذرے ملے ہوئے ہوں ۔

گرگر (مذکر) گردگج کا غلط تلفظ ۔ کنویں کے گرد چونے کی پختہ چنائی کا گولا (کوٹھی)

گرند (مذکر) پاڑ ۔ پارچھا ۔ ٹانڈا ۔ [illegible] (گھرنی) کا اڈا جس پر [illegible] مجموعے میں

دو کڑیاں ایک دُھری اور ایک چاک
(پیّا یا گھرنی) ہوتا ہے۔
۱۔ آکھرے (آکھلے، تھونی، دوکھڑی

کڑیاں جن میں چاک کی دُھری لگی
ہوتی ہے ان کڑیوں کے نیچے کے سرے
یا تو پتّھروں کے چوٗلیوں (مُرے) میں

جو کوٹھی کے اندر چپتے ہوئے ہوتے
ہیں پھنسا دیے جاتے ہیں یا کنوئیں کے
باہر زمین میں گاڑ دیے جاتے ہیں۔
۲۔دُھری۔میال۔وہ آہنی یا
چوبی ڈنڈا جس پر چاک (گھرنی) گھومتی ہے
۳۔چاک۔گھرنی۔وہ پہیّا جس پر
چرس یا ڈول کی رسّی کھنچی جاتی ہے۔
۴۔جب اکھلے ایک دوسرے
سے کچھ زیادہ فاصلے پر ہوتے ہیں
تو اُن پر ایک پٹاؤ ڈال کر جس کو
اصطلاحاً چھاونی، بھرت اور مانجھی کہتے ہیں
اُس کے اوپر چھوٹے اکھرے کھڑے کرکے
اُن میں گھرنی لگائی جاتی ہیں چھوٹے اکھرے
اصطلاحاً گُڑیاں کہلاتے ہیں اور اُن کی دُھری میال
گرنڈو (مذکّر) دیکھو اکھوٹا (ڈھیکلی)
گرُہن (مؤنث) دیکھو (بھرت) فقرہ ۴
گرُٹ یا (مؤنث) دیکھو گرنڈ۔ فقرہ ۴
گلّہ (مذکّر) قلّہ کا غلط تلفظ دیکھو قُلّابہ۔
گلّابہ (مذکّر) قلّابہ کا دوسرا تلفظ۔
دیکھو قُلّابہ۔
گلّا (مذکّر) دیکھو پرتیا۔

لادا (مذکّر) لادکا دیکھو (بکن ڈھیکلی)
لاؤ (مؤنث) بارا۔ برت (برت)
چرس کا رسّا۔ عرفِ عام میں چرس
سے پانی نکالنے کے پورے مجموعے کو
لاؤ کہا جاتا ہے۔ جیسے لاؤ چل رہی ہے۔
لاؤ لگی ہوئی ہے دیکھو تصویر تحتِ لفظ گرنڈ
لنگا (مؤنث) چرس کے پانی کی نالی
جو کھیت یا چمن میں جاتی ہے۔
مانجھی (مؤنث) دیکھو گرنڈ فقرہ ۴
مٹ کُنیاں (مؤنث) ننگا کنواں۔
بیر کوٹھی کا کچّا کنواں
متوارا (مذکّر) کھریا تا میٹھا پانی۔
مزمرا پانی / ململا پانی } (مذکّر) کسی قدر کھریاتا پانی
مڑوڑ (مذکّر) رہٹ کی داننتے یا
کھنڈانے وار سرے کی لکڑی
کی جڑ وبلیوں (ڈونگوں) کے پٹے کی گھرنی
کو گھماتی ہے۔
ململا پانی (مذکّر) دیکھو مزمرا پانی۔

× × × × × ×

منڈل (مذکّر) چرس کا آہنی کڑا یعنی

منھ کا آہنی حلقہ۔

موٹ (مؤنث)، پُر۔ چھوٹی قسم کا چرس۔ دیکھو چرس۔

میال (مؤنث)، دیکھو گرنڈ فقرہ ۲۔

میٹھا تیلیا پانی (مذکر)، میٹھا پانی جس میں تیل کے اجزا ہوں

مینڈ (مؤنث)، کنویں کی کوٹھی کا اُوپر کا حصّہ جو سطحِ زمین سے باہر نکلا ہُوا بہ شکل منڈیر بنایا جاتا ہے۔

نارموٹ (مؤنث)، موٹ (چرس) کی رسّی۔ لاؤ۔

ناکہ توڑ پانی (مذکر)، نہر کا بھرپور چھوڑا ہُوا پانی جو رج بہے کے بند توڑ دے۔

ناگور (مؤنث)، ایک جوٹ کی لاؤ۔

نالا (مذکر)، رج بہے کی شاخ۔ نالے کی شاخ نلیا کہلاتی ہے۔ دیکھو رج بہا۔

نریلی (مؤنث)، چرس کا ناریل کے ریشوں کا بنا ہُوا رسّا۔

نہر (مؤنث)، رج بہا۔ پانی کا بڑا نالا جو آب پاشی کی ضرورت کے لیے بنایا گیا ہو اور جس میں دریا سے پانی لیا جاتا ہو۔ جن اضلاع میں نہر بنائی جاتی ہے اُن میں اچھی کھیتی ہونے لگتی ہے۔

کہاوت:۔

لب اُو شہر کا کھیت نہر کا

۱۔ اُودھی۔ نہر کے دونوں طرف بنائے ہوئے اُونچے پاکھے جو اُس کے کنارے کہلاتے ہیں۔

۲۔ پارچھا۔ پن ہودہ۔ نہر کا بند جہاں سے پانی چھوڑا جائے۔

۳۔ الوا۔ نہر کا پانی چڑھاؤ پر لے جانے کا بند۔

نوچک (مذکر)، چکرا۔ چلا۔ دیکھو جاکھن۔ ڈول جس پر کنویں کی کوٹھی بنائی جاتی ہے۔

نینی (مؤنث)، الوا۔ ڈال پر پانی چڑھانے کا پہلا پن ہودہ (جل ہودہ)، دیکھو ڈال۔

تمّت

اصطلاحاتِ پیشہ وراں چھٹا حصّہ - اِشاریہ

اِنڈِکس

اِشاریہ

ہماری زبان

انجمنِ ترقیٔ اُردُو (ہند) کا پندرہ روزہ اخبار

ہر مہینے کی پہلی اور سولھویں تاریخ کو شایع ہوتا ہی
چندہ سالانہ ایک رُپیہ فی پرچہ ایک آنہ

اُردُو

انجمنِ ترقیٔ اُردُو (ہند) کا سہ ماہی رسالہ

جنوری، اپریل، جولائی اور اکتوبر میں شایع ہوتا ہی

اس میں ادب اور زبان کے ہر پہلو پر بحث کی جاتی ہی۔ تنقیدی اور محققانہ مضامین خاص امتیاز رکھتے ہیں۔ اُردُو میں جو کتابیں شایع ہوتی ہیں اُن پر تبصرے اس رسالے کی ایک خصوصیت ہی۔ اس کا حجم ڈیڑھ سو صفحے یا اس سے زیادہ ہوتا ہی۔ قیمت سالانہ محصول ڈاک وغیرہ ملا کر سات رُپے سکۂ انگریزی (آٹھ رُپے سکۂ عثمانیہ) نمونے کی قیمت ایک رُپیہ بارہ آنے (دو رُپے سکۂ عثمانیہ)

رسالہ سائنس

انجمنِ ترقیٔ اُردُو (ہند) کا ماہانہ رسالہ

(ہر انگریزی مہینے کی پہلی تاریخ کو جامعۂ عثمانیہ حیدرآباد سے شائع ہوتا ہی)

اس کا مقصد یہ ہی کہ سائنس کے مسائل اور خیالات کو اُردُو دانوں میں مقبول کیا جائے۔ دنیا میں سائنس کے متعلق جو جدید انکشافات وقتاً فوقتاً ہوتے ہیں یا بحثیں یا ایجادیں ہو رہی ہیں اُن کو کسی قدر تفصیل سے بیان کیا جاتا ہی اور ان تمام مسائل کو حتی الامکان صاف اور سلیس زبان میں ادا کرنے کی کوشش کی جاتی ہی۔ اس سے اُردُو زبان کی ترقی اور اہلِ وطن کے خیالات میں روشنی اور وسعت پیدا کرنا مقصود ہی۔ رسالے میں متعدد بلاک بھی شائع ہوتے ہیں۔ قیمت سالانہ صرف پانچ رُپے سکۂ انگریزی (چھ رُپے سکۂ عثمانیہ)

خط و کتابت کا پتا: معتمد مجلس ادارات رسالۂ سائنس۔ جامعۂ عثمانیہ حیدرآباد دکن۔

انجمنِ ترقیٔ اُردُو (ہند)، دہلی